www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 10 محرم الحرام 1447ھ 06 جولائی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 02

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 30 روپے

بلوچستان سمیت ملک بھر میں یوم عاشور آج منایا جائیگا، مختلف شہروں میں رات گئے ماتمی جلوس برآمد

9 محرم کے جلوس پر امن طریقے سے اختتام پذیر ہوگئے

کوئٹہ میں 9 ہزار سے زائد اہلکار تعینات، کسی بھی ممکنہ دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے پاک فوج ہائی الرٹ، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی اضلاع میں دفعہ 144 موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی عائد

موبائل اور انٹرنیٹ سروس صبح 6 سے رات 12 بجے تک بند رہے گی، جلوس کے روٹ میں آنیوالے راستے، دکانیں، تجارتی مراکز اور پلازے سیل، مختلف شہروں کے داخلی و خارجی راستوں کی کڑی نگرانی جاری

کوئٹہ و دیگر شہروں میں 9 محرم الحرام شبیہ ذوالجناح اور ماتمی جلوس امام بارگاہوں سے برآمد، کوئٹہ میں نویں محرم کا جلوس اپنے روٹ سے ہوتا ہوا امام بارگاہ ناصر العزاء، پر پرامن طریقے سے اختتام پذیر ہوگیا

کراچی لاہور پشاور اسلام آباد حیدر آباد، سکھر، گوجرانوالہ میں 9 محرم کا مرکزی جلوس پرامن اختتام پذیر، رات گئے مختلف بڑے شہروں میں یوم عاشور کے جلوس برآمد ہوگئے، سیکورٹی کے فول پروف انتظامات

کوئٹہ، ملک بھر سے (سٹی رپورٹر، نیوز ایجنسیاں) کوئٹہ میں نویں محرم الحرام کا شبیہ ذوالجناح کا ماتمی جلوس میکانگی روڈ امام بارگاہ ناصر العزاء سے نکالا گیا جبکہ یوم عاشور کا مرکزی ماتمی جلوس آج علمدار روڈ سے برآمد ہوگا جلوس کے 60 داخلی راستوں کو کنٹینرز اور بڑے ٹرک کھڑے کرکے مکمل سیل کردیا گیا جلوس کی سیکورٹی کیلئے پولیس ایف سی بلوچستان کانسٹیبلری کے 9 ہزار افسران واہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے جلوس کی سیف سٹی اور نجی کیمروں سے مانیٹرنگ اور فضائی نگرانی بھی کی جائے گی کسی بھی ممکنہ دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے پاک فوج بھی ہائی الرٹ رہیگی ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی جبکہ کوئٹہ سمیت صوبے کے سات اضلاع میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس صبح چھ بجے سے رات تک معطل رہے گی تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں نویں محرم الحرام کا شبیہ ذوالجناح کا ماتمی جلوس بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر ناظم اعلیٰ عاشق حسین کی قیادت میں میکانگی روڈ امام بارگاہ ناصر العزاء سے برآمد ہوا عزاداروں سینہ کوبی اور نوحہ خوانی کرتے رہے جلوس اپنے مقررہ راستے عثمان روڈ سے ہوتا ہوا امام بارگاہ ناصر العزاء پہنچ کر اختتام پذیر ہوگیا، کوئٹہ میں صبح چھ بجے سے رات تک موبائل انٹرنیٹ سروس معطل رہی...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ بندی کے باوجود پاک بھارت مشیروں کی ملاقات نہ ہوسکی

سندھ طاس معاہدہ معطل کیے جانے کے بعد صورتحال مزید پیچیدہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک بھارت کشیدگی میں کمی کے بعد اگرچہ 10 مئی کو امریکہ کی مداخلت سے جنگ بندی طے...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

خانکندی، وزیراعظم شہباز شریف ترک صدر اور آذربائیجان کے صدر ایک دوسرے کا ہاتھ تھامے یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں

وزیراعظم کی ترک، آذربائیجان کے صدور کیساتھ خوشگوار ملاقات، چہل قدمی

تینوں رہنماؤں کا ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر اظہار یکجہتی، مختلف امور پر غیر رسمی گفتگو، اہم معاملات پر تبادلہ خیال

آذربائیجان کے صدر نے شہباز شریف، اردوان کو خانکندی کی تاریخ اور تاریخی عمارتوں کی تفصیلات بتائیں

خانکندی (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کی ترک اور آذربائیجان کے صدور کیساتھ خوشگوار ملاقات ہوئی، تینوں رہنماؤں نے چہل قدمی کے دوران اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا، وزیراعظم شہباز شریف، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے خانکندی میں اقتصادی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے بعد چہل قدمی کی، آذربائیجان کے صدر نے وزیراعظم اور ترک صدر کو خانکندی کی تاریخ و تاریخی عمارتوں کی تفصیلات بتائیں، پاکستانی وزیراعظم، ترکیہ اور آذربائیجان کے صدور نے گفتگو کے دوران ایک...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، علامہ جواد نقوی امام بارگاہ سجادیہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں مجلس عزاء سے خطاب کر رہے ہیں

امام حسینؑ کی قربانی رہتی دنیا تک ظلم کیخلاف جدوجہد کی روشن مثال ہے، سرفراز بگٹی

صوبے میں محرم الحرام کے ایام میں امن و امان کی فضاء برقرار رکھنے کیلئے فول پروف سیکورٹی انتظامات کیے گئے ہیں

علماء کرام، ذاکرین، تمام مکاتب فکر اور عزادار اتحاد بین المسلمین کو فروغ دیتے ہوئے ہم آہنگی کا عملی مظاہرہ کریں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نویں اور دسویں محرم الحرام کے پرامن اور بامقصد انعقاد کیلئے عوام الناس کو محبت، رواداری اور باہمی احترام کا پیغام دیا ہے اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محرم الحرام، خصوصاً یوم عاشور ہمیں عظیم قربانی، صبر، استقامت اور حق و سچ کی راہ میں ڈٹ جانے کی عملی مثالیں فراہم کرتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حضرت امام حسینؑ اور ان کے رفقاء کی قربانیاں رہتی دنیا تک انسانیت، عدل، اصول پسندی اور ظلم کے خلاف جدوجہد کی روشن مثال ہے یہ مہینہ ہمیں ایثار، ہمدردی اور مظلوموں کے ساتھ کھڑے...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، نویں محرم الحرام کی مناسبت سے ذوالجناح کا جلوس امام بارگاہ کی جانب سے رواں ہے

تمام سیاسی جماعتوں کیساتھ ملکر کام کرنے کیلئے تیار ہیں، ن لیگ کو قومی اسمبلی میں سادہ اکثریت مل گئی، پیپلز پارٹی نے وزارتیں لینے کی خواہش ظاہر نہیں کی، نائب وزیراعظم

صدر زرداری کو عہدے سے ہٹانے کی خبریں بے بنیاد ہیں

نواز شریف عمران خان سے ملنے اڈیالہ جیل نہیں جا رہے، اسحاق ڈار

محسن نقوی کی وضاحت

پیپلز پارٹی مشکل وقت کی ساتھی ہے، اچھے وقت میں اُن کا ساتھ نہیں چھوڑیں گے، وزیراعظم اقتصادی ایجنڈے پر دن رات محنت کر رہے ہیں، شرح سود کو 22 سے کم سے 11 فیصد کردیا ہے

بھارت نے پاکستان کے خلاف جنگ شروع کی، ہم نے فضاؤں میں ان کے 6 طیارے مار گرائے، اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو شکست سے دوچار کیا، افواج پاکستان پر فخر ہے، اسحاق ڈار کی گفتگو

پہلی بار حکومت، اسٹیبلشمنٹ ایک ساتھ ہونے پر کچھ لوگوں کو تکلیف ہے، سوشل میڈیا کی افواہوں پر دھیان نہ دیں، دہشتگردوں کی طرح کچے کے ڈاکوؤں کیخلاف بھی ملکر بھرپور کارروائی کریں گے

مذہبی اشتعال انگیزی برداشت نہیں کی جائے گی، ملک میں امن و امان برقرار رکھنا ترجیح اور فتنہ الہندوستان کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے کیلئے فورسز چوکنا ہیں، وزیر داخلہ کی صحافیوں سے بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے بھی نواز شریف کی بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) وسابق وزیراعظم عمران خان سے ملاقات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ خبریں محض افواہ ہیں، سابق وزیراعظم کی اڈیالہ جیل جانے...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

جعلی سپانسر شپ پر افغان شہریوں کو آئی ویزوں کے اجرا کا سکینڈل بے نقاب، وزارت خارجہ کے اہلکار بھی ملوث

ایف آئی اے انسداد انسانی سمگلنگ سیل کی کارروائی، 6 ملزموں کیخلاف مقدمہ درج، 2 افغان باشندوں کو موقع پر گرفتار کرلیا گیا

ملزم جی 8 اسلام آباد میں واقع شورومز سے نیٹ ورک چلا رہے تھے، ویزوں کے عوض ہزاروں ڈالر وصول کیے گئے، ایف آئی اے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) افغان شہریوں کو جعلی سپانسر شپ پر ای ویزوں کے اجرا کا سکینڈل بے نقاب ہوگیا، ترجمان نے کہا ایف آئی اے انسداد انسانی سمگلنگ سیل نے کارروائی کرتے ہوئے 6 ملزموں کیخلاف مقدمہ درج کرلیا، 2 افغان باشندوں کو موقع پر گرفتار کرلیا گیا، جعلی ویزوں کے اجرا میں وزارت...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ترک صدر کی مخالف جماعتوں کیخلاف آپریشن تیز، مزید 3 میئرز گرفتار

گرفتار ہونیوالے میئرز پر منظم جرائم، رشوت خوری اور ٹھیکوں میں دھاندلی کے الزامات شامل

انقرہ (بیورو رپورٹ) ترکیہ کے سرکاری میڈیا نے رپورٹ کیا جنوبی ترکیہ کے 3 بڑے شہروں کے میئرز کو گرفتار کرلیا گیا، خبر رساں ایجنسی اناطولو کے مطابق ادنی، انطالیہ اور ادیامان کے میئر عبدالرحمن توتدیری اور ادانہ میونسپلٹی کے سربراہ زیدان کارالار کو علی الصبح چھاپوں کے دوران...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

5 جولائی سیاہ دن، عوامی حکومت پر شب خون مار کر ملک کو اندھیروں میں دھکیلا گیا، بلاول بھٹو

آمریت نے قوم میں نفرت، تقسیم کے بیج بوئے، اثرات آج بھی سیاسی، سماجی اور قومی شعور پر واضح ہیں، چیئرمین پی پی

وقت آ گیا ہے نفرت، انتشار اور شخصی اقتدار کی دلدل سے نکل کر اتحاد، برداشت و آئین کی بالادستی کو اپنایا جائے، پیغام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے 5 جولائی 1977 کے مارشل لاء کو پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب قرار دیتے ہوئے کہا عوامی منتخب حکومت پر شب خون مارا گیا جس نے ملک...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

حماس نے جنگ بندی معاہدے پر ثالثوں کو مثبت جواب دیدیا

مذاکرات کے نئے دور میں فوری سنجیدگی کیساتھ شامل ہونے کیلئے تیار ہیں، حماس

غزہ (بیورو رپورٹ) فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے قطر، امریکہ کی...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

موجودہ حکومت نے لیاری کو کچھ نہیں دیا، ذوالفقار بھٹو جونیئر

میرے کزن بلاول و دیگر بااختیار لوگ مجبور لوگوں کو متبادل جگہ دیں، صحافیوں سے گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) بانی پیپلز پارٹی ذوالفقار بھٹو کے بیٹے میر مرتضیٰ بھٹو کے صاحبزادے ذوالفقار بھٹو جونیئر نے کہا ہے موجودہ حکومت نے لیاری کو کچھ نہیں...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

پاک امریکہ تجارتی معاہدے پر بڑی پیشرفت، اہم مفاہمتی معاہدہ طے پاگیا

سیکرٹری تجارت کی قیادت میں پاکستانی وفد نے واشنگٹن میں 4 روزہ مذاکرات کامیابی سے مکمل کر لیے

کامیابی پاکستانی مصنوعات، ٹیکسٹائل، زرعی اشیا پر دوبارہ بھارتی ٹیرف عائد ہونے کے خطرے کو ٹال سکتی ہے

اسلام آباد، واشنگٹن (بیورو رپورٹ) پاکستان، امریکہ کے درمیان تجارتی مذاکرات کے حالیہ دور میں اہم مفاہمتی معاہدہ طے پاگیا، 9 جولائی کی ڈیڈ لائن سے قبل یہ کامیابی پاکستانی مصنوعات بالخصوص ٹیکسٹائل اور زرعی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بھٹو قتل کا مقصد پاکستان کو ایٹمی طاقت بننے سے روکنا تھا، شرجیل میمن

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے کہا ہے بھٹو قتل کا مقصد پاکستان کو ایٹمی طاقت بننے سے روکنا تھا، سینئر صوبائی وزیر شرجیل میمن نے اپنے بیان میں کہا 5 جولائی پاکستان کی تاریخ کا...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی میں اختلافات نمایاں، مشال یوسفزئی کا علیمہ خان کے بیٹے پر طنز

شیر شاہ کی 9 اور 10 مئی کی ویڈیو یوشیئر، اتنا بڑا ریلیف کیسے مل گیا؟، مشال کا سوال

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی میں اندرونی اختلافات پھر نمایاں ہونے لگے، کور کمیٹی کی رکن مشال یوسفزئی نے علیمہ خان کے بیٹے شیر شاہ پر طنزیہ سوالات اٹھا...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے، 30 فیصد الاؤنس کا نوٹیفکیشن

نوٹیفکیشن کے مطابق تنخواہوں میں اضافے کا اطلاق یکم جولائی 2025 سے کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد اضافے اور 30 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس دینے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا، وزارت...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پولیس کے آفیسران شیعہ رہنماؤں کی نگرانی میں دسویں محرم کے لئے دکانیں سیل کر رہے ہیں

لیاقت پور، نہر کا بند ٹوٹ گیا، ہزاروں ایکڑ فصلیں زیر آب

خان بیلہ (م ز) لیاقت پور کے قریب خان بیلہ کے قریب فوراہل نہر کا بند ٹوٹنے سے شگاف پڑ گیا، نہر کا پانی تیزی سے قریبی فصلوں اور آبادی میں داخل ہونے لگا کے باعث کئی ایکڑ فصلیں زیر آب آگئیں۔ محکمہ انہار کا عملہ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

دریائے چناب کا حفاظتی بند ٹوٹنے سے کئی بستیاں زیر آب

ملتان (م ز) جلال پور پیروالا میں دریائے چناب کا عوامی حفاظتی بند ٹوٹ گیا جس سے کئی بستیاں زیر آب اور ہزاروں ایکڑ پر کھڑی کپاس کی فصل تباہ ہوگئی۔ دوسری جانب صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ نے ٹیکس و اخراجات کے ”بگ بیوٹی فل بل“ پر دستخط کر دیئے

وائٹ ہاؤس میں تقریب، حکومتی عہدیداروں، فوجی افسروں، ارکان کانگریس کی شرکت

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ٹرمپ نے ٹیکس واخراجات کے ”بگ بیوٹی فل بل“ پر دستخط کردیئے، بگ بیوٹی فل بل پر دستخط کے موقع پر وائٹ ہاؤس...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی خیبرپختونخوا کا احتجاجی تحریک دوبارہ شروع کرنے کا اعلان

محرم کے بعد احتجاج ہر حلقے میں ہوگا، صوبائی حکومت بھی شامل ہوگی، صوبائی صدر جنید اکبر

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف خیبرپختونخوا نے محرم الحرام کے احترام میں وقتی وقفے کے بعد دوبارہ احتجاجی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا، اعلان پی ٹی...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

تونسہ شریف، بہاولپور میں پولیس سی ٹی ڈی کا مشترکہ آپریشن، 6 دہشتگرد ہلاک

ہلاک ہونے والے دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، رائفلز، 3 آئی ای ڈیز، دستی بم اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد

سی ٹی ڈی، پنجاب پولیس کو خراج تحسین، پیشہ وارانہ صلاحیتوں پر فخر ہے، دہشتگردوں کا پیچھا جاری رکھا جائے گا، وزیر داخلہ

تونسہ شریف، بہاولپور (بیورو رپورٹ) تونسہ شریف، بہاولپور میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے دہشتگردی کا بڑا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے 6 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا، کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، لیاری کے علاقے بغدادی میں گرنے والی بلڈنگ سے دوسرے روز بھی نعشیں نکالی جارہی ہیں

کراچی، عمارت گرنے کے بعد ریسکیو آپریشن تیز، ہلاکتیں 21 ہوگئیں

ملبے تلے مزید افراد دبے ہونے کے باعث اموات میں اضافے کا خدشہ، علاقہ مکین سوگوار

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں عمارت گرنے کے بعد ریسکیو آپریشن تیز، ہلاکتیں 21 ہوگئیں، مرنے والوں میں خواتین، بچے بھی...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم باغ میں طوفانی بارش اور آندھی نے تباہی مچادی

ریسٹ ہاؤس کی عمارت کو طوفانی ہواؤں سے شدید نقصان، چھتیں اکھڑ گئیں

4 بڑے درخت اور رہائشی کمروں اور دکانوں کی چھتوں سے لوہے کی چادریں اڑ گئیں

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) قلعہ سیف اللہ کی تحصیل مسلم باغ میں شام کے وقت اچانک آنے والی تیز ہواؤں اور موسلا دھار بارش نے تباہی مچادی۔ پی اے ریسٹ ہاؤس سمیت متعدد مقامات پر عمارتوں اور درختوں کو نقصان پہنچا ہے، جب کہ ضلعی انتظامیہ نے فوری ریسکیو آپریشن شروع کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق قلعہ سیف اللہ کی تحصیل مسلم باغ میں بلٹنے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بجٹ پیش نہ کرنا اپنوں کا پروپیگنڈا تھا، منظور نہ کرتے تو حکومت چلی جاتی، علی امین گنڈاپور

حکومت مضبوط ہے، کوئی رکن کہیں نہیں جا رہا، تحریک عدم اعتماد لانے کا شوق رکھنے والے حقیقت دیکھ لیں گے

اپنے کاغذات نامزدگی کی بنیاد پر مخصوص نشستوں کیلئے عدالت سے رجوع کرونگا، وزیراعلیٰ کی صحافیوں سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور نے کہا ہے بجٹ پیش نہ کرنے کا پروپیگنڈا اپنوں کا تھا، بجٹ پاس نہ ہوتا تو حکومت جاتی اور قصور خود کا ہوتا، پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا اپنے کاغذات نامزدگی کی بنیاد پر...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

حماس کا جواب مل گیا، تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں، اسرائیل

تجاویز باضابطہ طور پر ثالثوں کے ذریعے اسرائیل تک پہنچائی گئیں، حکام

تل ابیب (بیورو رپورٹ) اسرائیل نے کہا ہے غزہ جنگ بندی پر حماس کا جواب مل گیا، تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں، عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی حکام...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

باعزت معاہدہ ورنہ ”آزادی یا شہادت“ کی جنگ کیلئے تیار ہیں، حماس کمانڈر

اسرائیل کو فوری جنگ بندی معاہدے پر حماس کی تجاویز کو قبول کرلینا چاہیے، عزالدین الحداد

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) نیویارک ٹائمز کے مطابق حماس کے عسکری ونگ کے غزہ بریگیڈ کے کمانڈر عزالدین الحداد نے اپنے ساتھیوں سے کہا ہے اگر غزہ جنگ کے خاتمے کیلئے کوئی باعزت معاہدہ نہ کیا گیا تو وہ ”آزادی کی جنگ یا شہادت“ کی جنگ کیلئے تیار رہیں...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

حماس کا مثبت جواب خوش آئند، آئندہ ہفتے غزہ معاہدہ ہوسکتا ہے، ٹرمپ

غزہ پر بہت کچھ کرنا اور امداد بھیج رہے ہیں، اسرائیلی وزیراعظم سے ایران کے معاملے پر بھی بات کروں گا

ٹیرف معاملے پر 12 ممالک کو خطوط پر دستخط کردیئے، چین کا دورہ کرسکتا ہوں، ٹک ٹاک ڈیل کے قریب ہیں

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آئندہ ہفتے غزہ معاہدہ ہونے کی امید ظاہر کردی، واشنگٹن میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا غزہ پر بہت کچھ کرنا اور امداد بھیج رہے ہیں، اسرائیلی وزیراعظم سے ایران کے معاملے پر بھی بات کروں گا، ایران کا جوہری پروگرام مکمل ختم...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی نے سینٹ انتخابات کیلئے امیدوار نامزد کردیئے

اپوزیشن جماعتیں 11 میں سے 4 سینٹ نشستیں جیت سکتی ہیں

خیبرپختونخوا سے جنرل، ٹیکنوکریٹ نشست کیلئے عطا الحق، دلاور خان نامزد

پشاور (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام نے 21 جولائی کو منعقد ہونیوالے سینٹ انتخابات کیلئے اپنے امیدوار نامزد کردیئے، صوبائی ترجمان عبدالجلیل جان...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

مخصوص نشستوں کا فیصلہ 8 فروری کی خرید و فروخت سے زیادہ شرمناک ہے، اے این پی

سابق قبائلی اضلاع پر بنائی گئی وزیراعظم کمیٹی مسترد، پنجاب سے لائے گئے کمیٹی اراکین پختون روایات کو کیا جانیں

25 ویں ترمیم سے پیچھے ہٹے تو لکیروں کو نہیں مانیں گے، 18 جانوں کی قربانی کے بعد بھی ریاست خاموش ہے، ایمل ولی

پشاور (بیورو رپورٹ) عوامی نیشنل پارٹی کے صدر ایمل ولی نے کہا ہے مخصوص نشستوں کا فیصلہ 8 فروری کی خرید و فروخت سے زیادہ شرمناک ہے، سابق قبائلی اضلاع پر بنائی گئی وزیراعظم کمیٹی کو مسترد کرتے ہیں، کمیٹی میں نامزد چیئرمین کو اے این پی شانگلہ کا صدر بھی قبول نہ کرے وہ قبائلی علاقوں کی نمائندگی...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کیپٹن کرنل شیر شہید کی 26 ویں برسی، مزار پر پھول رکھنے کی تقریب

شہید فوج، پوری قوم کیلئے ہمیشہ عظیم مثال اور تحریک کا ذریعہ رہیں گے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) کیپٹن کرنل شیر خان شہید نشان حیدر کی 26 ویں برسی پر پھول رکھنے کی تقریب ہوئی، فیلڈ مارشل، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی، ایئر چیف، نیول چیف اور افواج پاکستان کی جانب سے شہید کو خراج عقیدت پیش کیا گیا، میجر جنرل...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اسمبلی میں احتجاج پر ارکان کو معطل نہیں کیا جاسکتا، سلمان اکرم راجہ

ارکان کو صرف آرٹیکل 62/63 کے تحت ڈی سیٹ کیا جاسکتا ہے، صحافیوں سے گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے ارکان اسمبلی کو صرف آرٹیکل 62/63 کے تحت ڈی سیٹ کیا جاسکتا ہے...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، اسلام آباد میں موسلادھار بارش، دریں ایمرجنسی نافذ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جڑواں شہروں راولپنڈی اور اسلام آباد میں رات بھر موسلادھار بارش کا سلسلہ جاری رہا جس کے باعث نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا، محکمہ موسمیات کی پیشگوئی...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

لیاری حادثہ، منہدم عمارت میں نوبیاہتا جوڑا بھی ملبے تلے دب گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے علاقے لیاری بغدادی میں گرنے والی رہائشی عمارت کے ملبے تلے دبنے والوں میں نوبیاہتا جوڑا بھی شامل ہے، مکینوں کے مطابق ملبے تلے دبے جوڑے میں شوہر کا نام نیرول، بیوی کا نام...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، محمود خان اچکزئی سے اپوزیشن جماعتوں کے رہنما ملاقات کر رہے ہیں

غزہ، اسرائیلی بمباری کے بعد عمارت سے دھواں اٹھ رہا ہے جبکہ بڑی تعداد میں لوگ جمع ہیں

5 جولائی پاکستان کی جمہوری تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، وزیراعلیٰ سندھ

منتخب وزیراعظم شہید بھٹو کی حکومت پر مارشل لا مسلط کرکے جمہوریت کو کچلا گیا، مراد علی شاہ

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے 5 جولائی 1977 پاکستان کی جمہوری تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، عوام کے منتخب وزیراعظم شہید ذوالفقار بھٹو کی حکومت پر مارشل لا مسلط کرکے جمہوریت کو کچلا گیا، شہید بھٹو کو اقتدار سے ہٹانے کی...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

سکیورٹی خدشات، عالمی جوہری ادارے کے معائنہ کار ایران سے واپس

ایرانی جوہری تنصیبات کی نگرانی کیلئے جلد طریقہ کار طے کرنا نہایت ضروری ہے، رافیل گروسی

تہران (بیورو رپورٹ) عالمی جوہری ادارے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی (آئی اے ای اے) نے سکیورٹی خدشات کے پیش نظر اپنے معائنہ کاروں کو ایران...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت کے قرضے 76 ہزار 45 ارب کی نئی بلند ترین سطح پر جا پہنچے

ایک سال میں وفاقی حکومت کے قرضوں میں 8 ہزار 312 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا

مقامی قرضہ 53 ہزار 460 ارب ہوگیا، سٹیٹ بینک نے مئی 2025 تک کے اعداد و شمار جاری کر دیئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت کے قرضے ملکی تاریخ کی نئی بلند ترین سطح پر جا پہنچے، وفاقی حکومت کے قرضے ریکارڈ 76 ہزار 45 ارب روپے ہوگئے، سٹیٹ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا چینی 190 روپے کلو فروخت ہونے کا اعتراف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے بیشتر شہروں میں چینی کی 190 روپے کلو میں فروخت کا اعتراف، قلت پوری کرنے کیلئے 5 لاکھ ٹن چینی درآمد کرنے کا فیصلہ کر...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

مائیکروسافٹ نے پاکستان میں اپنا دفتر بند کرنے کا فیصلہ کرلیا

کمپنی مقامی پارٹنرز اور غیر ملکی دفاتر کے ذریعے خدمات فراہم کرے گی، ترجمان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مائیکروسافٹ نے پاکستان میں اپنا دفتر بند کرنے اور 5 ملازمین کو فارغ کرنے کا فیصلہ کرلیا، مائیکروسافٹ کے ترجمان نے کہا اپنے صارفین کو مضبوط و وسیع پارٹنر تنظیم اور قریبی دفاتر کے ذریعے خدمات فراہم کریں گے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے بھارت کیخلاف شاندار فتح سمیٹی، خواجہ آصف

متحد قوم ہیں، خطے اور دنیا میں پاکستان کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جارہا ہے

مسلم امہ کے اتحاد سے اسرائیل، ایران جنگ بندی ممکن ہوئی، وفاقی وزیر دفاع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے پاکستان نے آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعے بھارت کیخلاف شاندار فتح حاصل کی، اپنے بیان میں خواجہ آصف نے کہا پاکستان نے کامیاب سفارتکاری سے مسلم امہ کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا، وزیراعظم...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے نئی حکمت عملی مرتب کی جائے، سیاسی جماعتیں

یوم عاشورہ اہم دن اس کی مناسبت سے ملکر کردار ادا کرنا ہوگا، ملکی استحکام برقرار رکھتے ہوئے عوام کی رہنمائی کرنی ہوگی، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

حکمران طاقت اور محاذ آرائی سے ملک کو آئینی، سیاسی، معاشی، بحران کے دلدل میں دھکیل رہے ہیں، مولانا عبدالغفور حیدری، مولانا ہدایت الرحمان

ملک سے جمہوریت کا جنازہ نکل چکا، حکمران خود معاشی بدحالی سے پریشان دوسری جانب معیشت کی بہتری کے دعوے کرتے تھکتے نہیں، ساجد ترین ایڈووکیٹ

کوئٹہ (اے این این) سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ یوم عاشورہ ایک اہم دن اس کی مناسبت...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

مظفر گڑھ، بس اور ٹریلر میں خوفناک تصادم، 6 افراد جاں بحق

بس جھنگ سے علی پور جاتے ہوئے حادثے کا شکار ہوئی، 18 زخمی ہسپتال منتقل

مظفر گڑھ (بیورو رپورٹ) مظفر گڑھ کے علاقے لنگر سرائے کے قریب افسوسناک ٹریفک حادثہ، مسافر بس اور ٹریلر کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق، 18 زخمی ہوگئے، پولیس کے مطابق جاں بحق افراد میں 2 مرد، 2 خواتین اور 2 بچے شامل...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

معروف پمپ کورات کی تاریکی میں مسمار کرنے کی مذمت کرتے ہیں، عوامی ورکرز پارٹی

دیگر صوبوں کی طرح ڈپلومہ انجینئرز کو گریڈ 18 اور 19 میں ترقی دی جائے، نور زمان کاکڑ

آراے 30 فیصد الاؤنس کی منظوری دی جائے عارف ہنگلزئی نے کہا کہ تمام زونوں میں اسی طرح کی میٹنگ منعقد کی جائیں۔

کوئٹہ، عاشورہ کے جلوس کے راستوں میں آنیوالے دکانوں کو سیل کیا جا رہا ہے

معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی فوڈ اتھارٹی کی ذمہ داری ہے، ڈی سی کوئٹہ

ریسرچ سکالرز کو ملنے والا ایم فل اور پی ایچ ڈی الاؤنس بڑھایا جائے

صوبے بھر کے ریسرچ سکالرز کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر اکٹھا کریں گے، ڈاکٹر فضل الرحمان

سعادت خان سیکورٹی آفیسر بلدیہ عظمیٰ کوئٹہ تعینات

انسانی حقوق کی پامالیوں کے خلاف 10 جولائی کو مظاہرے ہونگے، بی این پی

کوئٹہ، امام بارگاہ ناصر العزاء سے 9 ویں محرم الحرام کا جلوس کی قیادت جنرل سیکرٹری علی زیدی کر رہے ہیں

کوئٹہ، ایک کاریگر عاشورہ کے جلوس میں استعمال ہونے والی چھریوں اور دیگر اشیاء کو تیز کر رہا ہے

امام حسینؑ کی عظیم قربانی صبر، تحمل، عدل وانصاف کی روشن مثال ہے، الطاف حسین شاہ دوپاسی

فرقہ واریت اور نفرت نے مسلمانوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے، چیئرمین تحریک اتحاد بین السادات

کوئٹہ (آن لائن) تحریک اتحاد بین السادات پاکستان کے مرکزی چیئرمین سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے محرم الحرام کے بابرکت مہینے کی مناسبت سے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حضرت امام حسینؑ کی عظیم قربانی انسانیت کے لیے صبر، بردباری، برداشت اور عدل وانصاف کی روشن مثال ہے۔ ان کا پیغام قیامت تک مظلوموں کے لیے ہمت اور ظالموں کے لیے للکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرقہ واریت اور نفرت نے مسلمانوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا واضح حکم ہے: اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور فرقے نہ بنو۔ اس لیے محرم الحرام میں تمام مکاتب فکر کے علماء، مشائخ اور عوام کو چاہیے کہ صبر وتحمل، اخوت اور اتحاد کا عملی مظاہرہ کریں۔ سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے مزید کہا کہ تحریک اتحاد بین السادات پاکستان ہر سطح پر ملک میں امن وامان کے قیام اور بھائی چارے کی فضا برقرار رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے تمام مسلمانوں سے اپیل کی کہ محرم کے ایام میں فرقہ وارانہ سوچ اور اشتعال انگیزی سے مکمل گریز کریں اور اپنے علاقے میں بھائی چارے اور امن کی مثال بنیں۔

تعلیم، صحت، پانی، بجلی کے منصوبے کرپٹ بیوروکریسی کے رحم وکرم پر ہیں، جے ڈبلیو پی

سرکاری افسران عوامی فنڈز کی لوٹ مار میں ملوث ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، ترجمان زائد احمد ناروئی

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی بلوچستان نے ترجمان زائد احمد ناروئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام اس وقت شدید مایوسی اور اضطراب کا شکار ہیں کیونکہ صوبے کے تقریباً تمام سرکاری ادارے اور افسران بدعنوانی، رشوت خوری اور لوٹ مار میں ملوث ہیں۔ جمہوری وطن پارٹی کی جانب سے ہم اس سنگین صورت حال کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ زائد احمد ناروئی نے اپنے بیان میں کہا کہ کرپشن نے بلوچستان کے ترقیاتی عمل کو مکمل طور پر مفلوج کر دیا ہے۔ تعلیم، صحت، پانی، بجلی اور دیگر بنیادی سہولیات کے منصوبے کرپٹ عناصر کی نذر ہو رہے ہیں۔ سرکاری محکمے عوام کی خدمت کرنے کے بجائے عوام کا استحصال کرنے میں مصروف ہیں، اور کرپٹ افسران کی سرپرستی میں قومی وسائل کی کھلی لوٹ مار جاری ہے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ حکومت بلوچستان فوری طور پر ان بدعنوان افسران اور اداروں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ احتسابی عمل کو شفاف اور غیر جانبدار بنایا جائے تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو۔ جمہوری وطن پارٹی بلوچستان کے مظلوم عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور کسی بھی قیمت پر ان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اگر حکومت نے کرپشن کے خلاف عملی اقدامات نہ اٹھائے تو ہم عوامی احتجاج اور قانونی راستے اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے۔

تین روزہ بزنس مینجمنٹ ٹریننگ ورکشاپ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی

تربیت CARE پاکستان، ماسٹر کارڈ اور ای سی آئی (ECI) کے تعاون سے منعقد کی گئی

شرکا کو کاروبار کے بنیادی تصورات، مارکیٹنگ اور ڈیجیٹل حکمت عملیاں، مالیاتی خواندگی بارے بتایا گیا

کوئٹہ (آن لائن) تین روزہ بزنس مینجمنٹ ٹریننگ ورکشاپ HOPE آرگنائزیشن کے دفتر کوئٹہ میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ اس تربیتی ورکشاپ کا مقصد مقامی خواتین و حضرات کو کاروباری میدان میں بااختیار بنانا اور انہیں جدید بزنس مینجمنٹ کی مہارتوں سے آراستہ کرنا تھا۔ مذکورہ تربیت CARE پاکستان، ماسٹر کارڈ اور ای سی آئی (ECI) کے تعاون سے منعقد کی گئی، جس میں مختلف پس منظر سے تعلق رکھنے والے شرکاء نے بھرپور دلچسپی کے ساتھ شرکت کی۔ تربیت کی قیادت معروف ماسٹر ٹرینر میر بہرام لہڑی نے کی، جبکہ ان کی معاونت کو۔ ماسٹر ٹرینر محترمہ لاریب اور سپورٹنگ ماسٹر ٹرینر محترمہ رقیہ نے کی۔ تین روزہ تربیت میں مختلف ماڈیولز اور موضوعات پر مشتمل سیشنز شامل تھے، جن میں کاروبار کے بنیادی تصورات، مارکیٹنگ اور ڈیجیٹل حکمت عملیاں، مالیاتی خواندگی، لاگت و قیمت کا تعین، کاروباری منصوبہ بندی، اور رابطہ سازی جیسے اہم مضامین شامل تھے۔ تربیت کے دوران شرکاء نے آمنہ، نازیہ اور دیگر فرضی کرداروں کی کہانیوں کے ذریعے عملی زندگی سے متعلقہ چیلنجز کو سمجھا اور ان پر مبنی گروپ سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ ہر سیشن میں انٹرایکٹو مشقیں، رول پلے، سوشل میڈیا پیج ڈیزائن، منی مارکیٹ سیلز، اور کاروباری منصوبہ سازی پر زور دیا گیا تاکہ سیکھنے کا عمل محض نظری نہ رہے بلکہ اس میں عملی مشق شامل ہو۔ شرکاء کو تربیت کے اختتام پر اسناد بلوچستان کے مایہ ناز انٹرپرینیور ایکسپرٹ "جناب بشیر آغا" کے ہاتھوں سے دی گئیں۔ انہوں نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اس تربیتی سلسلے کو ایک "احسن اور بروقت قدم" قرار دیا اور کہا کہ بلوچستان کی خواتین کے لیے ایسی تربیت نہایت ضروری ہے تاکہ وہ خود انحصاری کی جانب عملی طور پر قدم اٹھا سکیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں اس قسم کے پروگرام مزید اضلاع تک وسعت اختیار کریں گے۔ تربیت میں شامل تمام سرگرمیاں "Strive Women" پروگرام کے تحت ڈیزائن کی گئی تھیں جن کا مقصد خواتین اور نوجوان کاروباری افراد کو اپنی مالی و انتظامی صلاحیتوں کو بہتر بنا کر خودمختار بنانا ہے۔ شرکاء نے تربیت کو نہایت مفید، متاثر کن اور بصیرت افروز قرار دیا۔ کئی خواتین نے اس تربیت کو ایک ایسا موقع کہا جس نے انہیں عملی میدان میں قدم رکھنے کا حوصلہ دیا۔ منتظمین کی جانب سے اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ اس طرح کی تربیت بلوچستان میں مقامی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی

کوئٹہ، گرینڈ الائنس کے عہدیدار شاہ علی بگٹی کا جیل سے رہائی کے بعد سلطان محمد خان و دیگر ٹریڈ یونین نمائندوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کلی عیسیٰ خیل کے رکن روزی خان عیسیٰ خیل انتقال کر گئے۔

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ہنہ اوڑک کلی عیسیٰ خیل ابتدائی یونٹ کے رکن روزی خان عیسیٰ خیل گزشتہ روز انتقال کر گئے وہ سعد اللہ عیسیٰ خیل، سید نور، نعمت اللہ، نجیب اللہ، محمد ادریس کے بھائی نقیب اللہ، عصمت اللہ، حضرت اللہ کا چچازاد تھے، مرحوم کی ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی شابان چوک مسجد میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سینئر سیکرٹری سید قادر آغا، صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز نداسنگر، رحمت اللہ صابر، مرکزی کمیٹی کے اراکین حاجی عبدالعلی شموزئی، خیال محمد، ہنہ اوڑک کے علاقائی سیکرٹری ہدایت افغان اور سینئر معاون سیکرٹری ملک ناصر خان نے مرحوم روزی خان عیسیٰ خیل کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کریں۔

بلوچستان کے سلگتے مسائل اسلام آباد کے حکمرانوں کے سامنے رکھیں گے، مرتضیٰ خان کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان مرتضیٰ خان کاکڑ نے کہا کہ نوجوانوں وعلمائے کرام اور شہریوں کے ہمراہ 25 جولائی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی قیادت میں کوئٹہ سے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ شروع کریں گے بلوچستان کے سلگتے اجتماعی مسائل اسلام آباد کے حکمرانوں کے سامنے رکھیں گے۔ نوجوان 25 جولائی اسلام آباد کی طرف جانے کیلئے تیار رہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ بلوچ پشتون علاقوں کے مسائل اسمبلی سمیت ہر پلیٹ فارم پر اجاگر کر رہے ہیں بارڈر بندش چیک پوسٹیں معدنیات کی حفاظت بدعنوانی بدامنی سب کے مشترکہ قومی مسائل ہیں

یوم عاشور پر فول پروف سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے، کاشف حیدری

عزاداری کے مواقع امن وامان کا قیام حکومت کی ذمہ داری ہے، ترجمان مرکزی تنظیم تاجران

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صوبائی ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ یوم عاشور کے موقع پر جلوسوں اور مجالس کے دوران سیکیورٹی، صفائی، روشنی اور دیگر انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جلوس کی گزرگاہوں، امام بارگاہوں اور مجالس کے مقامات پر صفائی و ستھرائی، پانی کی فراہمی، اسٹریٹ لائٹس، طبی امداد، اور دیگر بنیادی سہولیات کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ عزاداروں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ یوم عاشور انتہائی حساس، مقدس اور پرامن دن ہے، اس موقع پر ہمیں اتحاد، بھائی چارے اور یکجہتی کا پیغام دینا ہے۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی تاجر برادری عزاداروں کے ساتھ کھڑی ہے، لیکن ضروری ہے کہ انتظامیہ اپنے فرائض سنجیدگی سے انجام دے اور تمام عملی اقدامات بروقت مکمل کرے۔ کاشف حیدری نے کہا کہ جلوس کی گزرگاہوں پر کچرے کی فوری صفائی، سیوریج کی بہتری، اور ٹریفک کے متبادل راستوں کی منصوبہ بندی انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ برسوں میں جن علاقوں میں روشنی کے ناقص انتظامات یا صفائی کی کمی کی شکایات سامنے آئیں، ان مقامات پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ عزاداروں کو پہلے جیسے مسائل کا سامنا نہ ہو۔

پشتونخوامیپ کے اجلاس میں ژوب میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع ایگزیکٹو کا اجلاس ضلعی صدر جمال مندوخیل کے صدارت میں منعقد ہوا جس میں تنظیمی فعالیت پر سیر حاصل بحث ہوئی اور آئندہ لائحہ عمل کیلئے ممبران کو ذمہ داریاں سونپ دی گئی اور شہر کے مختلف مسائل زیر بحث آئی ژوب میں چوری ڈکیتی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ سے سختی سے مطالبہ کیا گیا کہ چوری ڈکیتی اور منشیات کی روک تھام کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے اسی طرح ضلع میں تمام تر ترقیاتی کاموں کو عوام کی فلاح کیلئے بروقت اور معیاری بنایا جائے۔ ضلع میں بڑے منصوبے بس اڈہ، بائی پاس، سمبازہ روڈ اور قمر دین روڈ کے منصوبوں کو کامیاب بنانے کیلئے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داری فوری کرے ان منصوبوں کو کامیاب بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے ان منصوبوں کو خاص کر بس اڈہ کیلئے روز اول سے مثبت اور فعال کردار ادا کیا ہے ماضی میں اس کردار کے ثبوت روز روشن کی طرح عیاں ہیں لیکن بعض عناصر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی ساتھ ذاتی عناد کی بنیاد پر غیر ذمہ دارانہ بیانات جاری کر کے پارٹی کو متنازعہ بنانے کی ناکام کوشش کر رہی ہیں۔ اور پارٹی ذمہ داران کی کردار کشی کر رہی ہیں۔ جبکہ حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

پشین، حاجی عبدالغفار لالا انتقال کر گئے

پشین (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ابتدائی یونٹ کلی ختائی بابا کے سیکرٹری حفیظ اللہ، سمیع اللہ، مطیع اللہ، عصمت اللہ کے والد اور پشتونخوامیپ کے مرکزی کمیٹی کے ممبر ڈاکٹر حبیب الحق یازئی کے بہنوئی حاجی عبدالغفار لالا گزشتہ روز انتقال کر گئے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی کلی ختائی بابا میں انکے گھر پر ہوگی۔ دریں اثناء پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، ضلع پشین کے سیکرٹری عمر خان ترین، (صوبائی وضلعی کابینہ کے اراکین)، تحصیل کاریزات سیکرٹری ڈاکٹر حبیب اللہ، سینئر معاون سیکرٹری عمر خان عمری، علاقائی سیکرٹری حاجی نقیب اللہ، سینئر معاون سیکرٹری عصمت اللہ کاکڑ نے حاجی عبدالغفار لالا کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

کچلاک نجی سکول کے پرنسپل سکندر احمد کے بہیمانہ قتل کی مذمت کرتے ہیں، نذر بڑیچ

قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صدر کا بیان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صدر نذر بڑیچ، سینئر نائب صدر حاجی سلیم ناصر، جنرل سیکرٹری حضرت علی کوثر، ملک رشید کاکڑ، جعفر خان کاکڑ، قاری زیب الرحمن، آغا گل شاہ، امیر محمد کاکڑ، عابد ناصر ترین، شاہوانی و دیگر رہنماؤں نے کچلاک میں نجی سکول کے پرنسپل سکندر احمد کی بہیمانہ قتل کی سخت مذمت کرتے ہوئے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچانے اور اس کیس میں ایندھن کا کام کرنے والے ایم ایس مفتی محمود ہسپتال کو برابر کے مجرم شامل تفتیش قرار دے کر اساتذہ بالخصوص نجی تعلیمی اداروں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ نجی سکولز کے رہنماؤں معاشرے کی اس طرح کے تباہ کن منفی طرف عمل سے تعلیمی نظام کی تباہی کے سوا کچھ نہیں۔ استاد نے ایک تھپڑ سے ڈرامہ بنا کر ایم ایس جن کا کام علاج معالجہ ہے لیکن اس ظالم ڈاکٹر کی منفی طرز عمل نے ایندھن کا کردار ادا کر کے کیس کو پیچیدہ اور ایک استاد کو شہادت تک پہنچایا۔ اگر ڈاکٹر اپنا کام کرتا تو یہ واقعہ پیش نہ آتا۔ حالانکہ مذکورہ خاندان اور شہید استاد کے درمیان راضی نامہ ہوا بطور جرمانہ تاوان نجی سکول کے پرنسپل سے دس ہزار روپے بطور تاوان لیکر واقعہ کی راضی نامہ بھی ہوا ہے۔

کوئٹہ، کیئر پاکستان، ماسٹر کارڈ، ای سی آئی کی جانب سے بہرام لہڑی تین روزہ ورکشاپ کے شرکاء کو ٹریننگ دے رہے ہیں

بلوچستان میں بدامنی کے خلاف 25 جولائی کو لانگ مارچ کا آغاز کیا جائے گا، عبدالمتین اخوندزادہ

لانگ مارچ ظلم کے خاتمے بلوچستان کے حقوق کے حصول کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا، لورالائی میں پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر عبدالمتین اخوندزادہ صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نورالدین غلزئی امیر ضلع لورالائی عبدالحمید ناصر سیکرٹری لورالائی نعیم کاکڑ اور دیگر ذمہ داران نے المرکز اسلامی لورالائی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی بلوچستان کے تحت 25 جولائی کو بلوچستان کے حقوق کے حصول اور اسٹیبلشمنٹ کی مداخلت کے خلاف کوئٹہ سے اسلام آباد تک لانگ مارچ کا آغاز کیا جائے گا یہ لانگ مارچ ظلم کے خاتمے لاپتہ افراد کی بازیابی اور بلوچستان کے حقوق کے حصول کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا 25 جولائی کو لورالائی میں مارچ کے شرکا کا شاندار استقبال اور جلسہ عام کا انعقاد ہوگا اس وقت ملک میں ہر طرف افراتفری و لاقانونیت ہے بم دھماکے ماورائے عدالت گمشدگی اغوا برائے تاوان عروج پر ہے اور عام عوام پریشان ہے اس ظلم اور جبر پر پورے ملک کی اپوزیشن اور خاص کر بلوچستان کی سیاسی تنظیمیں خاموش ہے اور مراعات و سیاسی فوائد سمیٹ رہے ہیں ایسے مشکل حالات میں جماعت اسلامی نے عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کیلئے یہ اقدام اٹھایا ہے جو اسلام آباد کے ظالم حکمرانوں اور اسٹیبلشمنٹ سے اپنا حق لینے کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا جماعت اسلامی کے کارکنان اس لانگ مارچ کیلئے بھرپور تیاری کا آغاز کریں اس وقت ملک میں عوام کے فلاح و بہبود اور زندگی میں آسانی کیلئے جدوجہد کرنے والی واحد قوت جماعت اسلامی پاکستان ہے لہٰذا عوام 70 سالہ ظلم و جبر اور سیاسی پنڈتوں جاگیرداروں وکرپٹ مافیا سے نجات اور دیانت دار وفلاحی قیادت کیلئے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں تاکہ ملک کا مستقبل روشن اور پائیدار ہو۔

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری ولی محمد نورزئی سے جمعیت کے رہنما مولانا مفتی روزی خان بادیزئی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

شیلاباغ چیک پوسٹ کے ساتھ لگایا گیا کانٹا ہٹایا جائے، نور محمد شاہوانی

غیر قانونی کانٹے کا نیشنل ہائی وے اور دیگر متعلقہ حکام سختی سے نوٹس لیں، حاجی محمد گل کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری حاجی محمد گل کاکڑ ضلع قلعہ عبداللہ کے صدر حاجی معصوم خان اچکزئی جنرل سیکرٹری حاجی اللہ محمد نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شیلاباغ ایف سی چیک پوسٹ کے ساتھ نام نہاد کانٹا لگایا گیا ہے غیر قانونی طریقے سے ٹرانسپورٹرز کو لوٹا جا رہا ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے نیشنل ہائی وے اور دیگر متعلقہ حکام اس کا سختی سے نوٹس لیں اور یہ نام نہاد کانٹا جلد سے جلد ختم کر دیں یہ کانٹا غیر قانونی ہے ہم اس کو ہرگز قبول نہیں کریں گے ان کو ختم کیا جائے بصورت دیگر ٹرانسپورٹرز ان کے خلاف کوئٹہ چمن شاہراہ کو غیر معینہ مدت کے لیے بند کر دیں گے جس کی تمام تر ذمہ داری نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور دیگر متعلقہ حکام کی ہوگی۔

ژوب اور لورالائی میں بائی پاس تعمیر کیے جائیں، بلوچستان گڈز ٹرک اونرز

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے ترجمان کے مطابق ایک ضروری میٹنگ ضلع قلعہ سیف اللہ میں بمورخہ 07 07 2025 کو ایک اہم میٹنگ عبدالخالق جوگزئی نے بذریعہ گروپ وائس ہمارے سننے میں آیا ہے اس کی ہم مکمل حمایت کرتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر ساتھ دیتے ہیں انشاءاللہ جس میں انہوں نے مسائل کا ذکر کیا ہے سب سے اہم مسئلہ ژوب بائی پاس اور لورالائی بائی پاس نہ ہونے کی وجہ سے عوام اور ٹرانسپورٹرز سخت پریشانی میں مبتلا ہے اور یہ عوام کا دیرینہ مسئلہ ہے جو کہ حل ہونے کا نام نہیں لے رہا ہے اس کے علاوہ لورالائی بازار کے ساتھ بائی پاس پر ہر ٹرک والے سے ہزار 1500 روپے لیے جا رہے ہیں جو کہ یہ ہمیں ناقابل قبول ہے اور اسی طرح ژوب بائی پاس نہ ہونے کی وجہ سے وہاں پر بھی رشوت کا بازار گرم ہے

عبدالقیوم عرف (گل ماما) وفات پا گئے

فاتحہ خوانی کلی ہیسکزئی کی جامع مسجد میں جاری ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان کے چچا اور عزت اللہ، قدرت اللہ کے والد، مرحوم محمد غیاث ٹھیکیدار، حاجی عبدالعلی (گالان کاکا)، مرحوم محمد الیاس کے بھائی، محمد اسلم (نیشنل بینک)، محمد نسیم (پولیس انسپکٹر)، زبیر الیاس (سٹی سینٹر)، اور منیر الیاس (اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز) کے چچا عبدالقیوم عرف گل ماما قضاء الٰہی سے رحلت کر گئے مرحوم کو آبائی قبرستان کلی ہیسکزئی میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ تجہیز وتدفین کے مراسم میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں، کارکنوں، قبائلی عمائدین، علماء کرام اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مرحوم کے روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی ان کی کلی ہیسکزئی کے جامع مسجد میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ، شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی، سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا، جنرل سیکرٹری خورشید کاکاجی، پارٹی کے سینئر سیکرٹری سید قادر آغا، مرکزی سیکرٹری مالیات یوسف خان کاکڑ، صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی اور ضلع پشین کے سینئر ڈپٹی آرگنائزر نصیب اللہ کلیوال نے مرحوم عبدالقیوم عرف گل ماما کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء کریں۔

زیارت، ڈی سی ذکا اللہ درانی زرغی ڈیم میں ڈوبنے والی خواتین کو بچانے والے شال خان کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں

ڈاکٹر سمیع کاکڑ ہیلتھ کارڈ پروگرام کی کامیابی کے لیے پرعزم ہیں، صادق ہنگورئی

ذمہ داری سنبھالنے کے بعد سے ہیلتھ کارڈ تک مستحق مریضوں کی رسائی آسان ہوئی ہے، دوست سالارئی

کوئٹہ (پ ر) سماجی رہنما صادق ہنگورئی اور دوست سالارئی نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بڑے عہدوں پر فائز اور عوام کی خدمت کی جذبہ رکھنے والے آفیسران نہ صرف اپنے محکمہ کی شان بلکہ عوام کی بھی آنکھوں کا تارا ہیں چیف ایگزیکٹو ہیلتھ کارڈ پروگرام ڈاکٹر سمیع خان کاکڑ کا شمار بھی ایسے آفیسران میں ہوتا ہے جن کا جذبہ خدمت عوام کے لیے واقف ہے موصوف کو جب سے اہم ذمہ داری سنبھالی ہے ہیلتھ کارڈ کی کامیابی اور مستحق مریضوں تک آسانی سے رسائی کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور محنت سے اپنے کام میں مگن ہیں کئی مستحق ہیلتھ کارڈ سے مستفید ہو کر تندرست زندگی گزار رہے ہیں جبکہ ان کا وقت اور خون پسینے کی کمائی محفوظ ہو گئی۔

جمہوریت کی بقا کے لئے پی ٹی آئی کو ایک آخری موقع دیا جائے، فرید افغان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات ایڈووکیٹ فرید افغان نے کہا کہ پنجاب اسمبلی میں پی ٹی آئی ارکان غیر پارلیمانی اور غیر جمہوری طرز سیاست ان کی تاریخ کا حصہ ہے۔ جاری بیان میں کہا کہ پی ٹی آئی کو حالات سے کچھ سیکھ کر سنبھل جانا چاہیے اور اپنی غیر شائستہ غیر جمہوری اور غیر پارلیمانی طرز سیاست کے بعد، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان ایک مدبر سلجھے ہوئی قد آور شخصیت کے مالک ہیں اور انکا تعلق ایک سیاسی گھرانے سے انہیں یہ انتہائی اقدام اٹھانا پڑا انہوں نے کہا کہ یہ بات درست ہے کہ سیاسی معاملات کا حل اسمبلی فلور اور سیاسی بیٹھک سے ہی ممکن ہوتا ہے لیکن یہ بات سیاسی لوگوں کے لئے ٹھیک ہے اور جب سیاسی لوگ ہی نہ ہوں تو ان کیساتھ کیسے اور کہاں بیٹھا جا سکتا ہے انہوں نے مطالبہ کیا ہے جمہوریت کی بقا کے لئے پی ٹی آئی کو ایک آخری موقع دیا جائے

تھانہ شالکوٹ اور نیو کچلاک کے ایس ایچ اوز تبدیل کر دیئے گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تھانہ شالکوٹ اور نیو کچلاک کے ایس ایچ اوز تبدیل کردیئے گئے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز کوئٹہ کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ایس ایچ او شالکوٹ عابد رضا مینگل کو ایس ایچ او نیو کچلاک اور ایس ایچ او نیو کچلاک خیر محمد کو تھانہ شالکوٹ تعینات کیا گیا ہے۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ناقابل قبول ہے، شراف آغا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا نے کہا ہے کہ فارم 47 کی حکومت کسی صورت عوام دوست نہیں بلکہ عوام دشمنی پر مبنی نارو اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، عوام کے ووٹ کی تقدس کی پامالی کرنیوالے آج اسمبلیوں میں جعلی نمائندے کی حیثیت سے بیٹھے ہیں اور عوام کے حقوق پر چپ سادھ کا روزہ رکھے ہوئے ہیں، عوام بجلی، گیس، پینے کے صاف پانی، تعلیم، صحت سے محروم ہیں جبکہ حکومت انہیں صرف مہنگائی، بیروزگاری کی نوید سنا رہی ہے، گزشتہ دنوں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ناقابل قبول ہے حکومت اسے فوری طور پر واپس لیں اور مہنگائی وبیروزگاری سے عوام کو نجات دلائیں۔ فارم 47 کی حکومت سے نجات تمام عوام کا مطالبہ بن چکا ہے اور اس کے لیے ضروری ہے کہ عوام تحریک تحفظ آئین پاکستان کی جاری جدوجہد میں اپنا فعال مثبت وتعمیری کردار ادا کریں۔ پشتونخوامیپ کے چیئرمین ملی مشر اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی کی پیش کردہ تجاویز پر عملدرآمد ناگزیر ہے تاخیری حربوں کا مقصد ملک کو مزید بحرانوں کی جانب دھکیلنے کے مترادف ہے۔ منتخب کابینہ سے ضلع ایگزیکٹو ادریس افغان نے حلف لیا۔ پارٹی رہنماؤں نے منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کیا اور اس امید کا بجا طور پر اظہار کیا کہ منتخب کابینہ پارٹی کی جاری جدوجہد میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگی اور پارٹی پروگرام کو ہر گھر تک پہنچانے اور تنظیمی فعالیت اور عوام کو پارٹی صفوں میں شامل کرنے کے لیے دن رات محنت کریگی۔

دسویں محرم الحرام میں امام بارگاہوں سے منسلک فیڈرز پر لوڈشیڈنگ نہیں ہوگی

شکایات کیلئے ایمرجنسی کنٹرول سینٹر (ٹیلی فون نمبر 081920144) گھنٹے 3 شفٹوں میں مسلسل کام کر رہا ہے

کوئٹہ (پ ر)۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے نویں اور دسویں محرم الحرام کو کوئٹہ شہر میں امام بارگاہوں سے منسلک فیڈروں کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دے دیا ہے۔ اسکے علاوہ محرم الحرام کے جلوس والے راستوں میں بجلی کی مسلسل فراہمی اور صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ کیلئے مرکزی مانیٹرنگ و ایمرجنسی کنٹرول سینٹر (ٹیلی فون نمبر 0819201445 اور 0812829753) گھنٹے 3 شفٹوں میں مسلسل کام کر رہا ہے جو کسی بھی علاقہ میں بجلی منقطع ہونے کی صورت یا شکایت موصول ہونے کے بعد بجلی کی دوبارہ بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے گا علاوہ ازیں کیسکو مرکزی مانیٹرنگ اور ایمرجنسی کنٹرول سینٹر صوبائی حکومت کے ایمرجنسی کنٹرول سینٹر 15 یعنی مددگار سینٹر سے ان متعلقہ فیڈروں کے سلسلے میں بجلی کی صورتحال پر بھی رابطہ میں رہے گا۔ کوئٹہ شہر میں امام بارگاہوں سے منسلک فیڈروں مری آباد، سید آباد، گلستان، لیاقت بازار، ایکسپریس، طوغی روڈ، ہزارہ ٹاؤن، کرانی، سیٹلائٹ ٹاؤن اور مغربی بائی پاس فیڈرز کو نویں اور دسویں محرم الحرام میں لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے ہیں

5 جولائی پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، سردار سربلند جوگیزئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ 5 جولائی پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے اس دن ایک آمر نے پاکستان کے مزدوروں، کسانوں اور نچلے ہوئے طبقہ کے منتخب عوامی حکومت کا تختہ الٹ کر مارشل لاء نافذ کیا، جنرل ضیاء الحق نے وہ حکومت ختم کی جس نے مزدوروں کو انجمن سازی کا حق دیا جو کسان کی نمائندہ حکومت تھی جو طلباء کی آواز اور عوام کی منتخب کردہ حکومت تھی پارٹی پانچ جولائی کو ضیاء آمریت، شہید ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کا خاتمہ کر کے جمہوریت پر شب وخون مارا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ 05 جولائی کا دن جمہوری اداروں اور جمہوریت پر یقین رکھنے والوں کے لئے یوم سیاہ کی حیثیت رکھتا ہے اس دن ایک ڈکٹیٹر نے منتخب جمہوری حکومت کا تختہ الٹ کر جمہوریت پر کاری ضرب لگائی تھی، پاکستان پیپلز پارٹی 05 جولائی کے دن کو تاریخ کا سیاہ ترین دن قرار دیتی ہے، جمہوریت کو پروان چڑھانے کے لئے پیپلز پارٹی کی قربانیاں کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں انہوں نے کہا پاکستان پیپلز پارٹی شہیدوں کی جماعت ہے اور پیپلز پارٹی کی تاریخ قربانیوں سے بھری پڑی ہے، جمہوریت کو پروان چڑھانے کے لئے پیپلز پارٹی کی قربانیاں کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں

ڈاکٹر عبدالرشید ناصر کو ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن تعینات کر دیا گیا

ڈی جی ہیلتھ کی انکوائری میں ڈاکٹر عبدالرشید ناصر پر عائد الزامات غلط ثابت ہوئے

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ صحت بلوچستان نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ اسپتال چمن کے سابق میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالرشید ناصر کو عائد الزامات سے بری کرتے ہوئے فوری طور پر ان کی بحالی کا حکم نامہ جاری کر دیا ہے۔ محکمہ صحت کے جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر SO-IV(H)/1-1804/2025/1723-27 مورخہ 4 جولائی 2025 کے مطابق، ڈی جی ہیلتھ سروسز بلوچستان کی جانب سے کی گئی انکوائری کے نتیجے میں ڈاکٹر عبدالرشید ناصر کو الزامات سے بری قرار دیا گیا ہے، جو ان پر 12 مئی 2025 کے نوٹیفکیشن کے تحت لگائے گئے تھے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق، ڈاکٹر عبدالرشید ناصر کی معطلی کا حکم واپس لے لیا گیا ہے اور انہیں دوبارہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈی ایچ کیو ٹیچنگ اسپتال چمن کے عہدے پر بحال کر دیا گیا ہے۔ انہیں فوری طور پر اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کی نقول متعلقہ حکام، اداروں اور افسران کو ارسال کر دی گئی ہیں، جن میں اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان، ڈی جی ہیلتھ سروسز، ڈپٹی کمشنر چمن، اور دیگر شامل ہیں۔

بیوٹمز کے افیسر محمد اویس خان دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

فاتحہ خوانی عثمانیہ مسجد غازی اسٹریٹ اسٹیورٹ روڈ کوئٹہ میں جاری ہے

کوئٹہ (این این آئی) اسسٹنٹ ڈائریکٹر فنانس بیوٹمز محمد اویس خان دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے وہ نیشنل بینک کے سابق آفیسر محمد عارف نواب کے بڑے صاحبزادے ڈی ایس پی عابد نواب کے بھتیجے کمپیوٹر پروگرامر فنانس ڈیپارٹمنٹ محمد عامر خان آفس اسسٹنٹ پرووائس چانسلر بیوٹمز محمد زوہیب خان عماد خان محمد حسن خان کے بھائی تھے ان کی نماز جنازہ صدیقیہ مسجد میں اور تدفین ریلوے سوسائٹی قبرستان میں کر دی گئی ان کی فاتحہ خوانی عثمانیہ مسجد غازی اسٹریٹ اسٹیورٹ روڈ کوئٹہ میں کی جا رہی ہے

نیٹ ورک سے متعلق شکایات دور کی جائیں گی، زونگ مینجمنٹ

بلوچستان کے نیٹ ورک سے محروم علاقوں کا سروے کیا جائے گا، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے صحافیوں اور ڈیجیٹل انفلوئنسرز کے وفد نے چائنہ موبائل کمپنی زونگ پاکستان کے ہیڈ کوارٹر اسلام آباد کا خصوصی دورہ کیا، جہاں انہوں نے کمپنی کے اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقات کی اور بلوچستان میں انٹرنیٹ سہولیات کی بہتری، دور دراز علاقوں میں نیٹ ورک کی کمی اور تکنیکی مسائل کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔ وفد نے زونگ مینجمنٹ کو بتایا کہ کبھی زونگ پاکستان میں انٹرنیٹ کی فراہمی کا ایک بڑا نام سمجھا جاتا تھا، مگر اب اس کی سروس دیگر کمپنیوں کی طرح کمزور ہوتی جا رہی ہے۔ بلوچستان کے پسماندہ علاقوں خصوصاً دور افتادہ بستیوں میں نیٹ ورک کی کمی شہریوں کو تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع سے محروم کر رہی ہے۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ ان علاقوں میں فوری طور پر نئے ٹاورز نصب کیے جائیں اور موجودہ نیٹ ورک کو بہتر بنایا جائے۔ زونگ کے عہدیداروں نے وفد کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ کمپنی اپنی سہولیات کو بہتر بنانے کیلئے کوشاں ہے۔ "ہم بلوچستان کو آبادی نہیں بلکہ رقبے کی بنیاد پر اہمیت دیتے ہیں، اور ہمیں وہاں کے عوام کو درپیش مشکلات کا مکمل ادراک ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ سروسز بلوچستان کے پسماندہ علاقوں تک پہنچائی جائیں،" زونگ مینجمنٹ کا کہنا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہت جلد بلوچستان کا دورہ کر کے نیٹ ورک سے محروم علاقوں کا سروے کیا جائے گا اور ان علاقوں کو ترجیحی بنیادوں پر بہترین انٹرنیٹ سروسز فراہم کی جائیں گی۔ دورے کے دوران بلوچستان کے وفد کو زونگ ہیڈکوارٹر کے جدید مواصلاتی نظام، کلاؤڈ سرور سسٹم، اسٹاف کینٹین، مسجد اور دیگر سہولیات کا مشاہدہ بھی کرایا گیا، جبکہ کمپنی کی کارکردگی اور مستقبل کی حکمت عملی سے متعلق مکمل بریفنگ دی گئی۔ وفد نے زونگ کی میزبانی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ کمپنی جلد عملی اقدامات کرے گی۔

5 جولائی 1977 کے دن عوامی جمہوری حکومت کا تختہ الٹا گیا، روزی خان کاکڑ

شہید ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت ختم کر کے قیادت اور کارکنان پر مظالم کے پہاڑ توڑے گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما و سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ، ثناء اللہ جتک، قاسم اچکزئی، اختر بلوچ، پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ، لیبر ونگ کے صوبائی صدر شاہجہان گجر نے کہا ہے کہ 5 جولائی 1977 کو پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائیگا اس دن پہلے منتخب وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت پر شب خون مارا گیا، شہید جمہوریت ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کے خاتمے کے بعد پیپلز پارٹی کی قیادت اور کارکنان پر مظالم کے پہاڑ توڑے گئے لیکن جمہوری نظام کے لئے پیپلز پارٹی نے ہر مشکل اور ظلم نہایت صبر سے برداشت کیا یہی وجہ ہے کہ پیپلز پارٹی پاکستان کی سب سے بڑی عوامی اور جمہوری روایات کی پاسدار پارٹی بن چکی ہے کیونکہ جمہوریت اور آئین کی بالادستی پیپلز پارٹی کی جڑوں اور بنیادوں میں ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ 1977 کے مارشل لاء کے بعد سیاسی کارکنوں نے اپنی جدوجہد سے پارٹی کو زندہ رکھا، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی آئین و قانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آئین کو مقدم جانا اور اداروں کی مضبوطی کے لیے کام کیا۔ انہوں نے 1973 کے آئین اور جمہوریت کی خاطر جانیں قربان کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے جمہوریت کی بحالی کے لئے پھانسیاں، کوڑے، قید اور تشدد برداشت کرنے والوں کو سرخ سلام پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے لئے قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید کا فلسفہ مشعل راہ ہے۔

کوئٹہ، یوتھ ونگ (ن) لیگ کے سردار نقیب ترین اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سابق ڈی جی زراعت (ایکسٹینشن) غلام رسول انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) سابق ڈائریکٹر جنرل زراعت (ایکسٹینشن) جناب غلام رسول طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔

مرحوم ایک تجربہ کار، محنتی اور دیانتدار افسر تھے جنہوں نے بلوچستان میں زرعی ترقی کے لیے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ ان کی پیشہ ورانہ خدمات اور شخصیت کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ محکمہ زراعت حکومت بلوچستان کی جانب سے مرحوم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا جاتا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔

پٹرولیم مصنوعات میں بار بار اضافہ عوام دشمنی ہے،، افغان قومی موومنٹ

غریب خودکشیوں پر مجبور، معاشی دہشت گردی کے ذمہ داروں کو چوراہوں میں لٹکایا جائے

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بار بار اضافے کو غریب عوام پر ظلم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوام سے دو وقت کی روٹی بھی چھین رہی ہے، مہنگائی کے اس طوفان میں غریب نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں اور خودکشی جیسے انتہائی اقدام کی طرف دھکیلے جا رہے ہیں۔ جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ آئے روز فی لیٹر پٹرول میں 10 روپے کا اضافہ اور بڑھتے ٹیکسز اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکمران معاشی استحکام لانے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں۔ اشرافیہ اپنی عیاشیوں کے لیے عوام پر بھاری ٹیکس عائد کر رہی ہے جبکہ عوام کو ریلیف دینے کے لیے کوئی عملی اقدام نہیں کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آج ملک کے 80 فیصد عوام خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور ہر پیدا ہونے والا بچہ ایک لاکھ پندرہ ہزار روپے کا مقروض پیدا ہو رہا ہے۔ حکمران طبقہ آئی ایم ایف، ورلڈ بینک اور دیگر مالیاتی اداروں سے قرضے صرف اپنے مفادات کے لیے حاصل کرتا ہے جن کا نصف سے زیادہ حصہ کرپشن کی نذر ہو جاتا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ ملک میں دو اقسام کی دہشت گردی ہو رہی ہے، ایک وہ جو عوام کی جان و مال کو نشانہ بناتی ہے، اور دوسری وہ جو قومی خزانے کو لوٹ کر عوام کو غربت، فاقہ کشی اور محرومی کی طرف دھکیلتی ہے۔ افغان قومی موومنٹ نے مطالبہ کیا کہ کرپشن اور معاشی دہشت گردی میں ملوث عناصر کے لیے سزائے موت کا قانون نافذ کیا جائے تاکہ ملک کو اس تباہی سے بچایا جا سکے۔

وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے کوآرڈینیٹر کو تسلیم نہیں کرتے، سردار نقیب ترین

بلوچستان کے نوجوانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ بلوچستان کے سینئر رہنماؤں کا ایک اہم اجلاس صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت صوبائی صدر سردار نقیب ترین نے کی۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری جنرل میر سجاد رئیسانی، سینئر نائب صدر میر عین الدین کرد، میر عرفان بلوچ، ولی خان اچکزئی، نائب صدور محمد حسن، میر عزیز مری، زبیر زامرانی، ناظم حسین، آغا مشتاق تارن، عرفان بیگ، اشرف مینگل، میر مہر بجاری، باقی کاکڑ، ولید دشتی فتح کرد، رزاق بڑیچ، رئیس صالح بوہڑ، عارف محمد شہی، عنیب قریشی سمیت دیگر سینئر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد تنظیمی ڈھانچے کا جائزہ لینا، یوتھ ونگ کو مزید متحرک اور مؤثر بنانا، اور موجودہ سیاسی حالات خصوصاً بلوچستان کے نوجوانوں سے متعلق مسائل پر حکمت عملی طے کرنا تھا۔ اجلاس کے دوران وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے کوآرڈینیٹر کی تقرری سے متعلق حالیہ نوٹیفکیشن پر سخت تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ جس شخص کو کوآرڈینیٹر مقرر کیا گیا ہے، نہ اس کا یوتھ ونگ بلوچستان سے کوئی تعلق ہے اور نہ ہی اس کے پاس مطلوبہ تعلیمی قابلیت موجود ہے۔ شرکاء کا موقف تھا کہ یہ فیصلہ صرف ایک خودساختہ جنرل سیکرٹری کی سفارش پر کیا گیا ہے۔ یوتھ ونگ کی تنظیم نو کے سلسلے میں تمام اضلاع میں مشاورتی اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔ نوجوانوں کے مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع ابلاغ پر خصوصی مہم شروع کی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ پارٹی قیادت کے ویژن اور نظریات کی روشنی میں بلوچستان کے نوجوانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کریں گے۔

کوئٹہ، چیئرمین پاکستان غریبوں کی پارٹی ڈاکٹر قاسم بلوچ سے عابد فاروق منصور قریشی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

کوئٹہ، امام بارگاہ سجادیہ سیٹلائٹ ٹاؤن سے برآمد جلوس کی قیادت شیعہ کانفرنس کے حاجی جواد رفیعی عاصم صمد و دیگر کر رہے ہیں

نوشکی، ماں اور بچے کی متوازن غذا کے موضوع پر آگاہی سیشن کا انعقاد

نوشکی (نامہ نگار) بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف بلوچستان کے زیر اہتمام یونیسیف ورلڈ فوڈ پروگرام بلوچستان کے تعاون سے نوشکی میں ماں اور بچے کی متوازن غذا، اور سماجی رویوں کے موضوع پر ضلعی سطح پر آگاہی سیشن کا انعقاد ہوا، جس میں تمام اسٹیک ہولڈرز اور تمام شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے شخصیات جس میں عوامی نمائندے نے شرکت کی، پروگرام میں شرکاء نے اپنی خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس مہم میں تمام طبقہ فکر کو ہم شامل کر کے علاقائی غذا کے استعمال کے حوالے سے سماجی رویوں میں تبدیلی کیلئے مہم چلائیں گے

اسلام آباد میں فول پروف سیکورٹی انتظامات

داخلی راستوں پر سکینرز کا استعمال، ہزاروں اہلکار تعینات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسلام آباد پولیس کا جی سکس مرکزی جلوس کے لئے بہترین سیکورٹی انتظامات۔ 3000 سے زائد افسران و جوانوں نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے جلوس میں پیدل داخلے کے لئے دو راستے مختص تھے، جبکہ داخلی راستوں پر سکینرز کا استعمال کیا گیا، جلوس کے روٹس کو مسلسل سیف سٹی کنٹرول روم اور موبائل کنٹرول روم سے مانیٹر کیا گیا، آئی جی اسلام آباد۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے جی سکس مرکزی جلوس کے لئے بہترین سیکورٹی انتظامات کو عملی جامہ پہنایا، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے 3000 ہزار سے زائد افسران و جوانوں نے اپنے فرائض سرانجام دیئے، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سینئر افسران کے ہمراہ خود فیلڈ میں رہتے ہوئے تمام سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور افسران کو ڈیوٹی کے متعلق موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی، جلوس کو تھری لیئر سیکورٹی فراہم کی گئی، جلوس کے روٹ میں چھتوں پر سنائپر کمانڈوز تعینات کرنے سمیت جلوس کے علاقوں میں پرائیویٹ ڈرون اڑانے پر پابندی عائد کی گئی تھی، جبکہ جلوس کے فرنٹ اور بیک پر سی ٹی ڈی، ضلعی پولیس، رینجرز کے خصوصی دستے تعینات تھے

نواسہ رسول امام حسینؓ کی قربانیاں اسلام کا ایک روشن باب ہیں، چوہدری نعیم کریم

ان قربانیوں کو رہتی دنیا تک فراموش نہیں کیا جا سکتا تمام امت مسلمہ کے لیے اسلام کی سربلندی کے لیے دی جانے والی یہ قربانیاں مشعل راہ ہیں

آل رسول شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم اپنے اندر ایثار، قربانی، تحمل اور برداشت کا جذبہ پیدا کریں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ نواسہ رسول حضرت امام حسین ابن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ان کے پورے خاندان اور رفقاء کار کی دین اسلام کی بقاء اور سربلندی کے لیے دی ... رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے تعداد میں کم ہونے کے باوجود یزیدی طاقت کے سامنے سر جھکانے سے انکار کیا اور شہدائے کربلا نے حق کی راہ میں جان دینے کو ترجیح دی یہ حق اور باطل کی جنگ تھی جس میں فتح حق کو حاصل ہوئی ... میں دین اسلام کی سربلندی ہوئی اور باطل قوتوں کو شکست کا سامنا کرنا پڑا اسلام کی خاطر دی جانے والی یہ عظیم قربانیاں شدت و انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے تمام امت مسلمہ کے لیے ایک رول ماڈل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ...

دادمحمد مندوخیل کی سینکڑوں افراد سمیت دوبارہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی میں شمولیت

آج اپنی پارٹی میں واپسی سے مجھے دلی سکون حاصل ہوا، چیئرمین ملی یونین کونسل

... رہنماؤں نے دادمحمد مندوخیل کو ایک مرتبہ پھر پارٹی میں خوش آمدید کہا، مبارکباد دی اور کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ان تمام کارکنوں کو خوش آمدید کہتی ہے جو گمراہ کیے گئے تھے اور واپس اپنی پارٹی میں آنا چاہتے ہیں۔ چند مخصوص افراد کو پارٹی سے خارج کیا گیا ہے، لیکن باقی تمام کارکنوں کے لیے ہمارے دروازے کھلے ہیں۔

5 جولائی کا دن جمہوریت پسندوں کیلئے المیہ سے کم نہیں، سردار کوہیار ڈومکی

پانچ جولائی 1977 ملک و قوم کے لئے سیاہ دن تھا جب منتخب وزیراعظم شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کا تختہ پلٹ کر شب خون مارا گیا

شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو سے لے کر شہید جمہوریت بے نظیر بھٹو سمیت پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت اور عوام کی خدمت کی بات کی

سبی (اے این این) صوبائی وزیر صنعت و حرفت و پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی سینئر رہنما تمندار اقوام ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ 5 جولائی کا دن جمہوریت پسند عوام کے لئے المیہ سے کم نہیں جب منتخب وزیراعظم شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کا تختہ پلٹ کر شب خون مارا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو سے لے کر شہید جمہوریت بے نظیر بھٹو سمیت پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت اور عوام کی خدمت کی بات کی پی پی پی واحد سیاسی پارٹی ہے ...

گرینڈ الائنس کی جدوجہد میں شاہ علی بگٹی خدمات لائق تحسین ہیں، سلطان محمد خان

پنجگور میں بدترین لوڈشیڈنگ، آگ برساتی گرمی میں شہری نڈھال

24 گھنٹوں میں صرف 7 سے 8 گھنٹے بجلی، سکولوں، ہسپتالوں اور دفاتر کا نظام درہم برہم

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ شدید گرمی کے عالم میں 24 گھنٹوں میں صرف 7 سے 8 گھنٹے بجلی فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ باقی وقت شہری بجلی جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ شدید گرمی اور بجلی نہ ہونے کے باعث اسکولوں میں بچوں اور اساتذہ کا برا حال ہے۔ عوامی شکایات کے باوجود صوبائی اور ایک قومی اسمبلی کے منتخب نمائندے تاحال کیسکو کے سامنے بے بس دکھائی دے رہے ہیں۔ شہریوں نے بتایا کہ بجلی کی فراہمی صرف شام 6 سے رات 10 بجے اور دن کو 12 سے 2 بجے تک محدود ہے، باقی وقت پنجگور اندھیرے اور گرمی کی لپیٹ میں رہتا ہے۔ شہریوں نے حکومت بلوچستان اور وفاقی ...

لاڑکانہ میں زہریلی شراب سے ... ہسپتال ... 15 ... کی ہلاکت ...

بختیار آباد: اے سی بہادر خان منگریانی محرم الحرام کے موقع پر نکالے جانے والے جلوس کے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

سانحہ سوات، ایئر ایمبولنس پولو فیسٹیول میں وزراء کے اہلخانہ کیلئے استعمال کی گئی

اگر اتنے نالائق ہیں تو ایئر فورس، نیوی سے مدد لے لیتے، کیا ریسکیو 1122 میں غوطہ خور نہیں تھے، فیصل کریم کنڈی

پی ٹی آئی 13 سال سے حکومت میں ہے، پہلے پیسے لیکر تجاوزات قائم کیں اب لوگوں کو انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، گفتگو

حکومت میں شامل لوگوں کی تجاوزات گرائی جائیں | تو پھر تجاوزات کے خلاف آپریشن ہوگا۔

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ایئر ایمبولینس بنائی گئی لیکن بدقسمتی سے سوات واقعہ میں موجود نہیں تھی، سنا ہے ایئر ایمبولینس شندور پولو فیسٹیول میں وزراء کی فیملی کو خدمات دے رہی تھی ... گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے سیاحوں کو بچانے کیلئے ایئر ایمبولینس نہیں تھی اگر اتنے نالائق ہیں تو ایئر فورس، نیوی سے مدد لے لیتے، کیا ریسکیو 1122 میں غوطہ خور نہیں تھے، پی ٹی آئی 13 سال سے حکومت میں ہے، پہلے پیسے لیکر تجاوزات قائم کیں اب لوگوں کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے ...

حکومتی رٹ کو قائم کرنا پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، عمر عباس بابر

امن و امان کا قیام شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا پولیس کے فرائض میں شامل ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) قانون کی پاسداری اور عملداری کو یقینی بنانے کیلئے حکومتی رٹ کو قائم کرنا پولیس کی اولین ذمہ داری ہے شہر میں امن و امان کا قیام شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا پولیس کے فرائض میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار سپرنٹنڈنٹ آف پولیس خضدار شہزادہ عمر عباس بابر نے آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین ایڈووکیٹ عبدالنبی بلوچ، ایڈووکیٹ غلام نبی مینگل، انجمن تاجران کے صدر حافظ حمید اللہ مینگل، آغا سمیع شاہ، جماعت اسلامی کے رہنما حافظ عبدالباسط شاہوانی، زمیندار ایکشن کمیٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ عبدالمجید ... خان چندرانی و دیگر پولیس افسران و ملازمان بڑی تعداد میں موجود تھے۔ ایس ایس پی پولیس خضدار شہزادہ عمر عباس بابر نے کہا کہ ایمان اتحاد اور نظم و ضبط کسی بھی فورس کا اثاثہ ہے۔ پولیس فورس اپنے مورال کو بلند رکھنے اور عوام سے باہمی روابط و فروغ کے ذریعے معاشرے میں موجود شرپسند اور جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کرکے انکے خلاف بھرپور کاروائی عمل میں لائی جائی گی۔ انہوں نے کہا کہ خضدار میں لا اینڈ آرڈر کی صورتحال کو برقرار رکھنے کیلئے حکومتی رٹ کو قائم کرنا پولیس کی اولین ذمہ داری ہے

وینس (اٹلی): چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

منگچر میں موبائل نیٹ ورک کی مسلسل بندش، صارفین کو مشکلات

منگچر (نمائندہ مشرق) منگچر میں موبائل نیٹ ورک کی مسلسل بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ گزشتہ کئی دنوں سے موبائل نیٹ ورک کئی گھنٹوں غائب رہتا ہے، جس کی وجہ سے عوام، طلباء، کاروباری افراد اور مریضوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، بازار اور شہر میں بجلی صرف چار گھنٹوں کے لیے فراہم کی جا رہی ہے، اور نیٹ ورک کی سروس صرف انہی اوقات میں دستیاب ہوتی ہے۔ بجلی جاتے ہی موبائل نیٹ ورک بھی غائب ہو جاتا ہے ...

جھالاوان میڈیکل کالج کا خاتمہ نوجوانوں سے ظلم ہے، حمید بلوچ

راڑاشم میں زلزلے سے متعدد مکانات تباہ، درجنوں خاندان بے گھر

متاثرین کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور حکومت سے فوری امداد کی اپیل

راڑاشم (یو این اے) حالیہ زلزلے نے راڑاشم کے علاقے میں شدید تباہی مچائی ہے، جہاں کئی مکانات مکمل طور پر منہدم ہو چکے ہیں اور باقی ماندہ کمرے بھی رہائش کے قابل نہیں رہے۔ درجنوں خاندان بے یار و مددگار کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ مقامی متاثرین نے بتایا کہ زلزلے کے جھٹکوں نے ان کے سروں سے چھت چھین لی ہے اور اب وہ سخت گرمی میں بچوں، خواتین اور بزرگوں سمیت کھلے میدانوں میں پناہ لینے پر مجبور ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ نہ کھانے کا انتظام ہے نہ پینے کے صاف پانی کا، اور اب تک کسی سرکاری ادارے نے ان کی خبر نہیں لی۔ علاقہ مکینوں نے حکومت، ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو اداروں سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر راڑاشم میں امدادی سرگرمیاں شروع کی جائیں، متاثرین کے لیے خیمے، خوراک، پینے کا پانی اور طبی امداد مہیا کی جائے تاکہ وہ مزید پریشانی سے بچ سکیں۔

پنجگور میں منشیات کے عادی افراد کا راج، سولر سسٹم اور زرعی آلات کی چوری معمول بن گئی

کاریزات کے خشک ہونے کے بعد سولر سسٹم سے آبپاشی، مگر چوریوں سے زمیندار لاکھوں کے نقصان میں

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں طویل خشک سالی کے باعث کاریزات کو مکمل طور پر خشک ہو چکے ہیں، جس کے باعث زمینداروں نے لاکھوں روپے خرچ کرکے سولر سسٹم کے ذریعے آبپاشی کا انتظام کیا، تاہم منشیات کے عادی افراد اور منشیات فروشوں کی موجودگی نے ان کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ ... چوری کے واقعات روز کا معمول بن چکے ہیں جس سے زمینداروں کو مالی نقصان کے ساتھ ساتھ تیار فصلوں کی تباہی کا بھی خدشہ لاحق ہو چکا ہے۔ ...

بیلا، مون سون بارشوں کے پیش نظر ندی نالوں میں نہانے سے گریز کی ہدایت

پورالی ندی میں 14 سالہ بچے کی ہلاکت کے بعد اسسٹنٹ کمشنر بیلا کا اعلامیہ جاری

بیلا (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر بیلا رویل نعیم جان کے دفتر سے جاری اعلامیہ میں عوام کو ہدایت کی گئی ہے کہ مون سون بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر ندی نالوں اور آبی گزرگاہوں میں نہانے یا کسی بھی قسم کی سرگرمی سے سختی سے گریز کیا جائے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ آبی گزرگاہوں کے قریب رہائش پذیر افراد فوری طور پر احتیاطی اقدامات اختیار کریں اور اپنے مال مویشی، سولر پینلز و دیگر ضروری سامان کے ہمراہ محفوظ مقامات پر منتقل ہو جائیں۔ واضح رہے کہ یہ ہدایات گزشتہ روز دریائے پورالی میں نہاتے ہوئے 14 سالہ بچے کے جاں بحق ہونے کے افسوسناک واقعے کے تناظر میں جاری کی گئی ہیں۔

سبی میں یوم عاشور آج عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا

اس موقع پر حفاظتی اقدامات کو حتمی شکل دی گئی ہے، دفعہ 144 نافذ

مون سون بارشوں میں حکومت مکمل طور پر الرٹ ہے، ڈی سی زیارت

تمام ڈیپارٹمنٹ کے افسران ملازمین الرٹ اور مشینری کو سٹینڈ بائی رکھیں

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سردار حنیف الرحمٰن کاکڑ کی زیرِ صدارت مون سون بارشوں کے پیش نظر ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایف سی میجر عرفان، اسسٹنٹ کمشنر محمد افضل اور لائن ڈیپارٹمنٹ کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ممکنہ بارش کے آنے والے سلسلے میں تمام ڈیپارٹمنٹ کے افسران ملازمین الرٹ اور مشینری کو سٹینڈ بائی رکھیں مساجد میں اعلانات کئے جائیں اور عوام کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دی جائے سیلاب کے راستے میں آنے والے گھروں کو محفوظ مقامات پر منتقل کریں کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ڈپٹی کمشنر زیارت آفس میں قائم کنٹرول روم پر رابطہ کر سکتے ہیں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سردار حنیف الرحمٰن کاکڑ نے کہا کہ مون سون بارشوں میں حکومت مکمل طور پر الرٹ ہے اور اس سلسلے میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

حضرت امام حسینؓ نے بے مثال قربانی دے کر اسلام کو سربلند کیا، امیر حمزہ زہری

ان کی شہادت ہمیں باطل کے خلاف حق کی راہ پر ثابت قدمی اور قربانی کے جذبے سے رہنے کی دعوت دیتی ہے، صوبائی مشیر برائے بلدیات

یوم عاشورہ کے موقع پر کوئٹہ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے عوام کے تحفظ کے لیے جو اقدامات کیے جا رہے ہیں وہ قابل تحسین ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر برائے بلدیات، نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے یوم عاشورہ کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے رفقاء نے میدان کربلا میں بے مثال قربانی دے کر اسلام کو سربلند کیا۔ ان کی شہادت ہمیں باطل کے خلاف حق کی راہ پر ثابت قدمی اور قربانی کے جذبے سے رہنے کی دعوت دیتی ہے انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے جانثار ساتھیوں نے میدان کربلا میں عظیم قربانی دے کر اسلام کو سربلند کیا۔ ان کی شہادت ہمیں باطل کے خلاف ڈٹ جانے اور حق و صداقت کے لیے قربانی دینے کا درس دیتی ہے انہوں نے کہا کہ یوم عاشورہ کے موقع پر کوئٹہ میں سیکیورٹی انتظامات غیر معمولی طور پر سخت کیے گئے ہیں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے عوام کے تحفظ کے لیے جو اقدامات کیے جا رہے ہیں وہ قابل تحسین ہیں ... پرامن عاشورہ منا سکتے ہیں۔

لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کا حکومتی فیصلہ قابل افسوس ہے

پنجگور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پنجگور نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پولیس کی ناکامیوں کو سدھارنے کے بجائے لیویز پر بھی انہی کی ناقص تربیت مسلط کرنا عوامی نمائندوں کی ناکام پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے، جمعیت علماء اسلام پنجگور کے ترجمان نے اپنے جاری کردہ بیان میں مزید کہا ہے کہ لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کا حکومتی فیصلہ قابل مذمت اور بلوچستان کے عوام کی رائے کے سراسر منافی ہے ...

کلی کبرو لانڈھی اور کلی مینگل کی مین لائن تاریں چوری، عوام کو مشکلات

میر رحمت صالح بلوچ کی کاوشوں سے اہم طبی سہولیات فراہم

مسلم ہینڈز انٹرنیشنل کا ہسپتال کیلئے واٹر کولرز، سولر انورٹر، بلڈ بینک عطیہ

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی کوششوں سے ٹیچنگ ہسپتال پنجگور میں ایک اہم تقریب منعقد ہوئی جس میں مسلم ہینڈز انٹرنیشنل آرگنائزیشن کی جانب سے عوامی فلاح کے لیے طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ تقریب میں مسلم ہینڈز انٹرنیشنل نے ٹیچنگ ہسپتال پنجگور کو پینے کے پانی کے لیے 15 الیکٹرک واٹر کولرز، تھیلیسیمیا سینٹر کے لیے بلڈ اسٹوریج بینک اور زچگی وارڈ و آپریشن تھیٹر کے لیے سولر انورٹر عطیہ کیے ...

لورالائی: ایم پی اے میر زرک خان مندوخیل ... ڈی ایچ کیو ہسپتال کے دورے کے موقع پر ڈاکٹرز سے بات چیت کر رہے ہیں

بچے کو پیدائش کے فوراً بعد ماں کا دودھ پلانا چاہیے، نورالحق کاکڑ

یہ حکم اللہ نے دیا ہے اور میڈیکل سائنس سے بھی ثابت ہو چکی ہے، محمد عثمان

بچوں سے محنت مزدوری کروانے کی بڑی وجہ غربت ہے، زاہد خان

دوسری بڑی وجہ والدین اور سرپرست کا بچوں کے حقوق اور تحفظ سے لاعلمی ہے

کوئٹہ میں پانی کی شدید قلت، زیر زمین سطح آب 500 فٹ تک گر گئی

اگر چند سال یہی صورتحال برقرار رہی تو کوئٹہ کے شہریوں کو نقل مکانی پر مجبور ہونا پڑے گا، ماہرین ارضیات اور ماحولیاتی ماہرین

اس وقت کوئٹہ کے کئی علاقے روزانہ کی بنیاد پر پانی کی قلت کا سامنا کر رہے ہیں، جہاں بعض جگہوں پر ہفتوں تک پانی دستیاب نہیں ہوتا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ ان دنوں پانی کی شدید قلت کے بحران سے دوچار ہے، جہاں زیر زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے گر چکی ہے۔ ماہرین کے مطابق کوئٹہ میں زیر زمین پانی کی سطح 1200 سے 1500 فٹ تک جا پہنچی ہے، جو نہ صرف تشویشناک بلکہ مستقبل میں انسانی زندگی کے لیے خطرہ بن سکتی ہے۔ ماہرین ارضیات اور ماحولیاتی ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر صورتحال برقرار رہی تو آنے والے چند سالوں میں کوئٹہ کے شہریوں کو پانی کی تلاش میں اپنے آبائی علاقوں کو چھوڑ کر دیگر مقامات کی طرف نقل مکانی پر مجبور ہونا پڑے گا۔ اس وقت کوئٹہ کے کئی علاقے روزانہ کی بنیاد پر پانی کی قلت کا سامنا کر رہے ہیں، جہاں بعض جگہوں پر ہفتوں تک پانی دستیاب نہیں ہوتا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کوئٹہ میں آبادی میں ...

امت کی بقا قرآن سے وابستگی میں ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

علمائے حق نے ہر دور میں باطل کے خلاف کلمہ حق بلند کیا، مرکزی رہنما

کوئٹہ: کیئر پاکستان، ماسٹر کارڈ، ای سی آئی کی جانب سے ماسٹر ٹرینرز بہرام لہڑی کا تین روزہ بزنس مینجمنٹ ورکشاپ کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

جمعیت کا یونین کونسل ساکران حب کے دفتر کی بجلی بندش پر اظہار تشویش

کے الیکٹرک کی مجرمانہ غفلت عوامی مسائل میں اضافے کا باعث بن رہا ہے

حضرت امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں کی قربانیاں مشعل راہ ہیں، ملک سکندر ایڈووکیٹ

محرم الحرام کا تقدس، ایثار، صبر، استقامت اور حق پر ڈٹے رہنے کا درس ہمیں امن، اتحاد اور محبت کے فروغ کا پیغام دیتا ہے

ہمیں اپنی صفوں میں اتحاد قائم رکھنا ہوگا، عوام، علمائے کرام فروعی اختلافات کو نظرانداز کرکے باہمی یگانگت کا مظاہرہ کریں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری اور سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے محرم الحرام اور عاشورہ کے موقع پر اپنے ایک خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں دین اسلام کی سربلندی اور حق و باطل کی کشمکش میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے جانثار ساتھیوں کی لازوال قربانیوں کی یاد ... جاتا ہے جن کا دین اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ شریعت مطہرہ کی روشنی میں ہمیں صرف سنت نبوی ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے طرز عمل کو اپنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مہینہ ہمیں دین اسلام کی حقیقی روح کو سمجھنے اور عمل پیرا ہونے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اس مقدس ماہ میں قومی یکجہتی، مذہبی رواداری اور امن و استحکام کے فروغ کے لیے مثبت کردار ادا کریں۔ ملک سکندر ایڈووکیٹ نے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہمیں محرم الحرام کی برکات سے مالا مال فرمائے

مدرسے کے طالب علم کی شہادت پر جے یو آئی پنجگور کا ہنگامی اجلاس

واقعہ کو منظم سازش کے تحت پنجگور کو مسلسل بدامنی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، حافظ محمد اعظم بلوچ

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن جالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلیفون 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 6 جولائی 2025ء

ماحولیاتی چیلنجز، مشترکہ عزم اور دوٹوک اقدامات کے متقاضی!!

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خانکندی میں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے موسمیاتی تبدیلی کو ایک سنگین علاقائی اور عالمی چیلنج قرار دیا ہے، جس سے نمٹنے کے لئے رکن ممالک کے درمیان بھرپور اشتراک کار کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم کے خیالات سے انکار یا اختلاف کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں کیونکہ حقیقت احوال بھی یہی ہے کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے عالمگیر مسئلے سے اس وقت بہت زیادہ مسائل کا سامنا کررہا ہے موسمیاتی تبدیلی آج دنیا کو درپیش سب سے بڑے خطرات میں سے ایک ہے، اور پاکستان اس کے نتائج سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں سے ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات روز بروز شدت اختیار کررہے ہیں، اور ای سی او ممالک سمیت دنیا بھر کے ممالک ان سے متاثر ہورہے ہیں۔ پگھلتے گلیشیئرز، بڑھتا ہوا درجہ حرارت، شدید گرمی کی لہریں، اور تباہ کن سیلاب جیسے واقعات عام ہوچکے ہیں۔ یہ قدرتی آفات نہ صرف انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بن رہی ہیں بلکہ لاکھوں لوگوں کے لئے غذائی تحفظ اور روزگار کو بھی خطرے میں ڈال رہی ہیں وزیراعظم نے بجا طور پر ...

”حسینؓ ہمارے ہیں“ — سلمان احمد صدیقی (وصفی)

وہ جو مصطفیٰ کے جگر گوشے، ان کی آنکھوں کے تارے ہیں
وہ جو نانا کی طرح، ہر بشر کو دل و جان سے پیارے ہیں
وہ عالی مرتبت جنہوں نے دین کو بچایا، اپنا کنبہ نہ بچایا وصفی
ہر قوم بلا کی یقین سے پکارتی رہی، حسینؓ ہمارے ہیں

معاملات حیات اور اطمینان و یقین کی فضا

قرطاس — ناصف اعوان

کوئی تسلیم کرے یا نہ کرے ملک میں سیاسی بحران ہر گزرتے دن کے ساتھ شدید ہوتا جارہا ہے شاید ارباب اختیار کی صحت پر اس کا اثر نہیں پڑ رہا لہٰذا وہ اپنے پروگراموں منصوبوں اور پالیسیوں پر عمل ...

”سوراخ“ نکالے گئے ہیں انہیں کیوں علم نہیں کہ عوام تو پہلے ہی پریشان ہیں ہر چھوٹی بڑی چیز پر وہ ٹیکس دے رہے ہیں اب تو بینکوں سے تنخواہ و پنشن لیتے وقت بھی ٹیکس کٹے گا اور تنخواہیں و ...

امریکہ بمباری ٹھوک دے

آواز دوست

’امیر آدمی‘ کی گاڑی سستی اور ’عام آدمی‘ کی سواری مہنگی کیوں

تناظر — عمر

بدلتے دفاعی محاذ

خیال حمید

گھمبیر سازش 5 جولائی 1977 بلیک ڈے (2)

قلم ضرار — ڈاکٹر ضرار یوسف

متعلقہ اقتباسات پیش ہیں:

1. Steve Coll — Ghost Wars (2004)> "The CIA station in Islamabad became one of the most active in the world during the late 1970s. The ISI under General Ghulam Jilani Khan developed exceptionally close ties with American intelligence operatives, which laid the groundwork for the coming covert war in Afghanistan."(Page 30-35)

1970 کی دہائی کے آخر میں اسلام آباد میں سی آئی اے کا اسٹیشن دنیا کے سب سے فعال اسٹیشنوں میں شامل تھا۔ جنرل غلام جیلانی کی قیادت میں آئی ایس آئی نے امریکی انٹیلی جنس کے ساتھ غیر معمولی قریبی تعلقات قائم کیے، جو آگے چل کر افغان جنگ میں خفیہ تعاون کی بنیاد بنے۔

2. Husain Haqqani — Pakistan: Between Mosque and Military (2005)> "General Jilani was a key figure in establishing Pakistan's intelligence cooperation with the United States in the 1970s. His frequent interactions with CIA operatives and American diplomats were instrumental in shaping the direction of Pakistan's security policies."(Page 95)

جنرل جیلانی 1970 کی دہائی میں امریکہ کے ساتھ انٹیلی جنس تعاون قائم کرنے میں کلیدی کردار ادا کررہے تھے۔ ان کے سی آئی اے افسران اور امریکی سفارتکاروں سے مسلسل روابط پاکستان کی سیکیورٹی پالیسی کی سمت طے کرنے میں اہم ثابت ہوئے۔

3. Owen L. Sirrs — Pakistan's Inter-Services Intelligence Directorate: Covert Action and Internal Operations (2016)> "Under Lt. Gen. Ghulam Jilani, the ISI maintained one of the closest working relationships with the CIA outside of NATO countries. This relationship was particularly strengthened in anticipation of Soviet influence in Afghanistan."(Page 112)

لیفٹیننٹ جنرل غلام جیلانی کے دور میں آئی ایس آئی اور سی آئی اے کے تعلقات نیٹو ممالک کے باہر سب سے قریبی تعلقات میں شامل تھے، خصوصاً افغانستان میں سوویت اثر و رسوخ کے تناظر میں۔

4. Bruce Riedel — Avoiding Armageddon: America, India, and Pakistan to the Brink and Back (2013)> "General Jilani, then head of ISI, had frequent backchannel communications with American intelligence. The ISI-CIA relationship became the bedrock of cooperation as both sought to prepare for the looming Soviet threat in the region."(Page 58)

اس وقت کے آئی ایس آئی چیف جنرل جیلانی کے امریکی انٹیلی جنس کے ساتھ پس پردہ رابطے معمول کا حصہ تھے۔ آئی ایس آئی اور سی آئی اے کا رشتہ اس خطے میں سوویت خطرے کے خلاف تعاون کی بنیاد بن گیا تھا۔ جنرل غلام جیلانی 16۔ ستمبر 1978 تک ڈی جی آئی ایس آئی رہے۔ راؤ رشید خان انٹیلی جنس بیورو کے ڈائریکٹر جنرل اپنی کتاب ”جو میں نے دیکھا“ میں لکھتے ہیں: ”بعض سیاسی حلقوں یا سرکاری افسران فوج کے جرنلز کی نگرانی اور فون ٹیپنگ معمول کا حصہ تھی۔ تاہم جنرل ضیاء نے وزیراعظم بھٹو کو شکایت کے لہجے میں کہا کہ کیا ہم کوئی شک ہے کہ ہمارے فون ٹیپ ہوتے ہیں۔“

ایران اسرائیل جنگ بندی کے بعد کا منظر نامہ

گرد و پیش — ڈاکٹر رشید احمد خان

ایران اسرائیل جنگ بندی پر دونوں ملکوں کے عوام نے اطمینان کا اظہار کیا لیکن جنگ بندی کے فوراً بعد یہ بحث چھڑ گئی کہ کیا یہ دیرپا ثابت ہوگی؟ اس بارہ روزہ جنگ میں کس کی فتح ہوئی ہے اور کس کی شکست؟ اور یہ کہ اس جنگ کے خطے خصوصاً جنوبی ایشیا پر کیا اثرات مرتب ہوں گے؟ 1948ء میں ...

پاکستان کا معاشی چیلنج: صرف استحکام کافی نہیں

آئینہ

بن پتوار، لہروں کے دوش پر

صدائے جرس — نواز بگٹی

زندگی ایک سمندر ہے، جہاں لہریں کبھی رحمت کی مانند چپکے سے چھوتی ہیں اور کبھی طوفان بن کر سب کچھ تہس نہس کر دیتی ہیں۔ اس سمندر میں کشتی کو سمت دینے کے لیے پتوار درکار ہوتا ہے، اور پتوار وہ ذریعہ ہے جو اسے آگے بڑھاتا ہے۔ لیکن جب پتوار غائب ہو اور ناخدا کے ہاتھ سے چپو بھی لہروں کی نذر ہو جائے، تو کشتی محض بے سمت لہروں کے رحم و کرم پر رہ جاتی ہے۔ یہ حالت ایک ایسی الجھن کو جنم دیتی ہے جو ہمارے اجتماعی شعور کو جکڑے ہوئے ہے، ایک وجودی بحران جو ہمیں اپنی شناخت، مقصد اور مستقبل کے بارے میں سوچنے پر مجبور کرتا ہے۔ یہ الجھن محض ایک ذہنی پریشانی نہیں، بلکہ ایک گہری فلسفیانہ کیفیت ہے جو ہمارے وجود کے بنیادی سوالات سے ٹکراتی ہے، ہمیں اپنی ذات اور کائنات کے رازوں سے روبرو کرتی ہے۔ فلسفیانہ تناظر میں الجھن کوئی سطحی یا عارضی حالت نہیں، بلکہ ایک ایسی وجودی کیفیت ہے جو انسان کو اپنی ذات، دنیا اور حقیقت کے رازوں سے دوچار کرتی ہے۔ یونانی فلسفی سقراط اسے علم کی طرف پہلا قدم سمجھتے تھے۔ ان کے نزدیک، جب انسان اپنی جہالت کا اقرار کرتا ہے، تو وہ الجھن کے پردے سے نکل کر دانائی کی طرف بڑھتا ہے۔ ان کا مشہور قول کہ "میں صرف یہ جانتا ہوں کہ میں کچھ نہیں جانتا" اس الجھن کی گہرائی کو عیاں کرتا ہے۔ سقراط کے لیے الجھن ایک ایسی آگ تھی جو ذہن کو جھنجھوڑتی ہے اور اسے نئے امکانات کی طرف لے جاتی ہے۔ الجھن کے منفی اثرات گہرے اور دوررس ہیں۔ یہ ذہنی اضطراب کو جنم دیتی ہے، جو انسان کو بے چینی، پریشانی اور ایک وجودی خلا کی طرف لے جاتا ہے۔ جب انسان واضح جوابات سے محروم ہوتا ہے، تو اس کی فیصلہ سازی کی صلاحیت کمزور پڑ جاتی ہے۔ متضاد خیالات اور غیر یقینی صورتحال اسے مفلوج کر دیتی ہے، اور وہ زندگی کے اہم مواقع سے محروم ہو سکتا ہے۔ یہ حالت انسان کے خود پر اعتماد کو کمزور کرتی ہے، کیونکہ وہ اپنی صلاحیتوں اور فیصلوں پر شک کرنے لگتا ہے۔ وہ ایک ایسی سرنگ میں داخل ہو جاتا ہے جہاں روشنی کی کوئی کرن نظر نہیں آتی۔ سماجی سطح پر، الجھن افراد کو ایک دوسرے سے الگ تھلگ کر دیتی ہے۔ وہ اپنے خیالات کو بانٹنے سے گریز کرتے ہیں، کیونکہ انہیں خوف ہوتا ہے کہ ان کی الجھن کو کمزوری یا ناکامی سمجھا جائے گا۔ یہ تنہائی اجتماعی شعور کو کمزور کرتی ہے اور قوم کو ایک متحد سمت سے محروم کر دیتی ہے۔ جب ایک معاشرہ اپنے مقصد اور سمت سے محروم ہو جاتا ہے، تو وہ ایک ایسی کشتی بن جاتا ہے جو لہروں کے رحم و کرم پر ہے، بغیر کسی منزل کے۔ یہ حالت نہ صرف انفرادی شعور کو متاثر کرتی ہے، بلکہ اجتماعی شناخت کو بھی دھندلا دیتی ہے۔ انسان اپنے وجود کے سوال سے بھاگتا ہے، لیکن الجھن اسے بار بار اسی سوال سے ٹکراتی ہے، جس سے وہ خود کو اور اپنے معاشرے کو سمجھنے سے قاصر رہتا ہے۔ الجھن وہ پل ہے جو انسان کو اپنی موجودہ حالت سے ہٹ کر ایک نئی حقیقت کی طرف لے جا سکتا ہے، بشرطیکہ وہ اسے قبول کرنے اور اس سے نکلنے کی ہمت رکھتا ہو۔ یہ انسان کو اپنی حدود سے آگے بڑھنے کی دعوت دیتی ہے، اسے اپنی ذات کے نئے گوشوں سے روشناس کراتی ہے۔ الجھن ایک ایسی چنگاری ہے جو اگر صحیح طریقے سے استعمال ہو، تو انسان کو نئی راہوں کی طرف لے جا سکتی ہے، لیکن اگر اسے نظر انداز کیا جائے، تو یہ ایک ایسی آگ بن جاتی ہے جو سب کچھ جلا دیتی ہے۔ ہمارا نظام تعلیم ایک ایسی کشتی ہے جو بغیر پتوار کے لہروں پر بہہ رہی ہے۔ اس کا ناخدا، یعنی رہنما، اپنے ہاتھ سے چپو کھو چکا ہے، اور اب یہ کشتی بے سمت لہروں کے دوش پر ہے۔ اس نظام نے قوم کو ایک عجیب الجھن میں مبتلا کر دیا ہے، جہاں نہ کوئی واضح مقصد ہے، نہ رہنمائی، اور نہ ہی کوئی ٹھوس سمت۔ یہ الجھن ہمارے نوجوانوں کے ذہنوں کو جکڑے ہوئے ہے، جو نہ اپنی صلاحیتوں کو سمجھ پاتے ہیں اور نہ ہی مستقبل کے لیے کوئی واضح خواب دیکھ پاتے ہیں۔ لیکن کیا یہ الجھن ایک نیا آغاز ثابت ہو پائے گی؟ کیا اسے نوید سحر سمجھا جا سکتا ہے؟ شاید یہ الجھن ہمیں اپنی سمت خود تلاش کرنے پر مجبور کرے، لیکن اس کے لیے ہمیں اجتماعی شعور کو بیدار کرنا ہوگا۔ ہمیں ایک ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو اس بے سمت کشتی کو پتوار دے سکے۔ اگر ہم اس الجھن کو ایک موقع کے طور پر دیکھیں اور اس سے نکلنے کے لیے مشترکہ کوشش کریں، تو یہ سمندر ہمیں نئی راہوں کی طرف لے جا سکتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ہم اس وجودی بحران سے نکل کر اپنی منزل خود طے کرنے کے لیے تیار ہیں؟

ہر قسم کے تنازعات کا خاتمہ جرگے سے ممکن ہو سکتا ہے، یوسف نوتیزئی

دالبندین (این این آئی) موسیٰ زئی طائفہ نوتیزئی قبائل کا ایک اہم اور گرینڈ جرگہ نوتیزئی کالونی دالبندین میں منعقد ہوا جرگے میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے نوتیزئی قبائل کے سفید ریش علماء کرام اور نوجوانوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی جرگے کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت حافظ سمیع اللہ نے حاصل کی اسٹیج سیکرٹری کے فرائض ظاہر شہزاد نوتیزئی نے انجام دیئے جرگے کی صدارت چیئرمین یوسف نوتیزئی نے کی اس موقع پر جرگے سے سابقہ چیئرمین میر یوسف نوتیزئی قبائلی رہنما حاجی بابو محمد انور نوتیزئی سابقہ صوبائی وزیر حاجی میر امان اللہ خان نوتیزئی حاجی غازی خان نوتیزئی یو سی چیئرمین حاجی نصر اللہ نوتیزئی میر غلام نوتیزئی خلیفہ محمد انور نوتیزئی مولانا محمد انور نوتیزئی میر محمد حاکم نوتیزئی ظاہر شہزاد نوتیزئی حاجی اعظم نوتیزئی حاجی عطاء اللہ نوتیزئی حاجی عبد الستار نوتیزئی سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا اس موقع پر مقررین نے کہا کہ ہر قسم کے تنازعات کا خاتمہ جرگے کی بدولت ممکن ہو سکتا ہے

بلڈنگ کے شعبے کو جدید تقاضوں کے مطابق استوار کیا جائے، معین خان

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمن خان نے کہا ہے کہ بلڈنگ کے شعبے کو جدید تقاضوں کے مطابق استوار کیا جائے اور جن اضلاع میں بلڈنگز کے تعمیراتی کام تاخیر کا شکار ہیں انہیں فوری طور پر مکمل کیا جائے تاکہ عوام حکومتی منصوبوں سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مواصلات و تعمیرات بلڈنگز کے جاری ترقیاتی منصوبوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایس ای بلڈنگز ارسلا رند، ایگزیکٹو انجینئرز اکبر علی لاشاری، عرفان علی، عتیق الرحمن، ایس ڈی اوز علی آفیسران عابد علی پہنور، عاشق علی سمیت دیگر افسران موجود تھے۔ اجلاس کے دوران متعلقہ افسران نے کمشنر نصیر آباد ڈویژن کو اپنے اپنے اضلاع میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر معین الرحمن خان نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبے عوامی مفاد کے حامل ہوتے ہیں لہٰذا ان میں معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ تمام انجینئرز گورنمنٹ کنٹریکٹرز سے بہترین اور معیاری کام کروائیں تاکہ یہ منصوبے پائیدار ثابت ہوں اور عوام کو دیرپا ریلیف مل سکے۔

جعفر آباد، ڈی سی خالد خان محرم الحرام کے موقع پر انتظامات کے حوالے سے آگاہی حاصل کر رہے ہیں

پشین میں جرائم پیشہ عناصر کو کوئی جگہ نہیں ملے گی، نعمت اللہ ترین

پشین (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر پشین نعمت اللہ ترین نے لیویز کی کامیاب کارروائی کے بعد میڈیا یا دوں پشین کے نمائندوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز پشین کے علاقے کلی نانی سے مسلح افراد نے سندھی محنت کش مزدور سے اسلحے کے زور پر ٹریکٹر اور تھریشر چھین لیا اور مزدور کے ہاتھ پاؤں باندھ کر ویرانے میں چھوڑ دیا۔ دریں اثناء متاثرہ شخص نے قریبی لیویز چیک پوسٹ کو اطلاع دی جس پر لیویز نے کارروائی کا آغاز کیا۔

شہریوں کی مشاورت سے دیرپا اقدامات جاری ہیں، میر مظفر

مین جناح روڈ سمیت اہم شاہراہوں کو چوڑا کر کے ٹو وے کیا جائے گا

اوستہ محمد (این این آئی) میئر میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد میر مظفر خان جمالی نے کہا ہے کہ شہر کی ہمہ گیر ترقی کے لئے شہریوں کی مشاورت سے دیرپا اقدامات کیے جا رہے ہیں مقامی پریس کلب میں صحافیوں سے بات چیت کے دوران انہوں نے کہا کہ تاریخی شہر کی خوبصورتی کے لئے مین جناح روڈ سمیت اہم شاہراہوں کو چوڑا کر کے ٹو وے کیا جائے گا ہماری کوشش اور خواہش ہے کہ بلوچستان کے گرین بیلٹ کے مرکزی شہر کو تربت اور وریجی کی طرز پر ماڈل سٹی بنایا جائے اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ ماضی میں بے ڈھنگی تعمیرات اور تجاوزات کے سبب اس شہر کی خوبصورتی ماند پڑ گئی

اوتھل: چوٹا گوٹھ میں بارانی ندی خودرو جھاڑیوں سے بند، سیلابی خطرات امنڈ آنے لگے

2022 کے سیلاب میں اسکول کو نقصان پہنچ چکا ہے، بروقت صفائی نہ ہوئی تو دوبارہ تباہی کا خدشہ موجود ہے، عوام کا فوری کارروائی کا مطالبہ

ندی کو چاروں اطراف سے خودرو جھاڑیوں نے گھیر رکھا ہے، پانی کا بہاؤ نہ صرف محدود ہو چکا ہے بلکہ ندی مکمل طور پر سکڑ گئی ہے، اہل علاقہ

اوتھل (یو این اے) اوتھل کے علاقے چوٹا گوٹھ اور حاجی حسن گوٹھ میں محکمہ ایریگیشن کی غفلت کے باعث لاکھڑا روڈ کے ساتھ گزرنے والی بارانی ندی شدید خطرے کی علامت بن گئی ہے۔ ندی کو چاروں اطراف سے خودرو جھاڑیوں نے گھیر رکھا ہے، جس کی وجہ سے پانی کا بہاؤ نہ صرف محدود ہو چکا ہے بلکہ ندی مکمل طور پر سکڑ گئی ہے۔ سوشل میڈیا پر متعدد بار نشاندہی کے باوجود تاحال کوئی صفائی کا عمل شروع نہیں کیا گیا۔ یاد رہے کہ اسی ندی میں 2022 کے سیلابی ریلے نے گورنمنٹ گرلز اسکول چوٹا گوٹھ کی چار دیواری کو شدید نقصان پہنچایا تھا۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے امسال بھی شدید بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے، جس کے باعث اگر ندی کی بروقت صفائی نہ کی گئی تو علاقے میں دوبارہ سیلابی ریلے سے نقصانات کا اندیشہ ہے۔ اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ اور ڈسٹرکٹ چیئرمین سردار عبدالرشید بھوتانی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر ندی کی صفائی نہ کی گئی تو ممکنہ سیلاب کی صورت میں اسکول سمیت کئی گھروں کو دوبارہ خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ شہریوں نے حکام سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر محکمہ ایریگیشن کو متحرک کر کے ندی سے جھاڑیاں ہٹائی جائیں تاکہ قدرتی آفات سے بروقت بچا ممکن ہو سکے۔

نصیر آباد، ڈی سی منیر احمد کاکڑ گورنمنٹ بوائز مڈل سکول کا دورہ کر رہے ہیں

جی ٹی اے شیرانی کا تعزیت

شیرانی (آن لائن) جی ٹی اے شیرانی کے صدر بھٹو شیرانی جنرل سیکرٹری علی شاہ حریفال چیئرمین سمیع اللہ خانزادہ آرگنائزر اختر شاہ شیرانی سیکرٹری اطلاعات محمد حسن راز محمد شیرانی اور کابینہ اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں سینئر استاد و صحافی عبدالصمد مندوخیل اور عبدالستار مندوخیل کے چچا حاجی محمد صدیق مندوخیل کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے

بختیار آباد، 9ویں محرم الحرام جلوس امن ماحول میں اختتام پذیر

جلوس مختلف روایتی راستوں سے ہوتا ہوا اپنی منزل پر بخیر و عافیت پہنچا

بختیار آباد (آن لائن) 9 ویں محرم الحرام کا جلوس برمد الحسینی غوثیہ امام بارگاہ تریبئر سے برآمد، جلوس کی قیادت الحسینی غوثیہ امام بارگاہ تریبئر کے سید امیر حیدر شاہ مشی کر رہے تھے، جلوس کے روٹس پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے تھے۔ تفصیلات کے مطابق 9ویں محرم الحرام کا مرکزی جلوس مکمل عقیدت و احترام اور پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوگیا۔ جس کا آغاز الحسینی امام بارگاہ تریبئر تحصیل لہڑی کے مقام سے ہوا اور مختلف روایتی راستوں سے گزرتے ہوئے اپنی منزل پر بخیر و عافیت پہنچا۔ جلوس میں سینکڑوں عزاداروں نے شرکت کی، عزاداروں نے پرامن انداز میں جلوس کو مکمل کیا اور ضلعی انتظامیہ سبی کی جانب سے کیے گئے فول پروف سیکیورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جلوس کے روٹس پر لیویز کی بھاری نفری تعینات کی گئی تھی۔ جلوس کے آغاز سے اختتام تک واک تھرو گیٹس لگائے گئے تھے اور تمام راستوں کی بی ڈی ایس ٹیمیں اور ریسکیو ٹیمیں بھی الرٹ رہیں۔ جلوس کے دوران کہیں سے بھی کوئی ناخوشگوار واقعہ رپورٹ نہیں ہوا۔ ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ نے جلوس کے اختتام پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سیکیورٹی، صفائی، اور دیگر سہولیات پر موجود اداروں کی کارکردگی کو سراہا۔

سبی: یوم عاشور کے موقع پر عزاداروں کیلئے خصوصی انتظامات

محرم الحرام کے جلوسوں کے راستے صاف ستھرے رکھنا ہماری ذمے داری ہے، میر دینار ڈومکی

واقعہ کربلا حق و باطل کا معرکہ، امام حسین کی قربانی مشعل راہ ہے، وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سبی

سبی (آئی این پی) وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سبی سردارزادہ میر دینار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں اخوت رواداری یکجہتی اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حق و باطل کی جنگ میں ان کے کردار کو مشعل راہ بنا کر سبی میں آج یوم عاشور کے موقع پر میونسپل کمیٹی سبی کی جانب سے عزاداروں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے گفتگو کرتے ہوئے کیا وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سبی وسبی لبرٹی اتحاد کے مرکزی رہنما سردارزادہ میر دینار خان ڈومکی نے کہا کہ دین اسلام عدل و انصاف کا پیامبر ہے چودہ سو سال قبل ہونے والا واقعہ کربلا دنیا کے مذہب کیلئے ایک مثال ہے اور ہمیں اسی جذبہ ایمانی کے ساتھ اپنی زندگی گزارنی چاہیے محرم الحرام کا مقدس مہینہ اخوت بھائی چارے رواداری اور یکجہتی ویگانگت کا درس دیتا ہے سبی میں عزاداروں کو سہولیات کی فراہمی ہماری ذمے داریوں میں شامل ہے محرم الحرام کے دوران جلوسوں کے راستے صاف ستھرے رکھنا ہماری ذمے داری ہے اس حوالے سے کسی بھی قسم کی غفلت والا پرائی قابل قبول نہیں کی جائے گی۔

امیر حمزہ خان زہری کی خلق جھالاوان میں سیاسی سرگرمیاں، ملاقاتیں

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں کی تعداد نے ملاقات کی

خضدار (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے خلق جھالاوان خضدار میں بھرپور سیاسی سرگرمیاں اور عوامی ملاقاتیں کیں۔ نوابزادہ محمد امیر حمزہ خان زہری مشیر بلدیات کا قلمدان سنبھالنے کے بعد پہلی مرتبہ اپنے ہوم ڈسٹرکٹ خضدار پہنچنے کے بعد آج اپنے رہائشگاہ خلق جھالاوان خضدار میں ایک مصروف ترین دن گزارا نوابزادہ محمد امیر حمزہ خان زہری سے صبح سے شام تک سیاسی و قبائلی شخصیات سرکاری افسران پارٹی کے سینئر رہنماء ورکرز مختلف یونینز کے چیئرمینز وائس چیئرمینز کونسلرز اور دیگر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں کی تعداد میں افراد نے ملاقات کی علاقائی مسائل اور مشکلات سے نوابزادہ محمد امیر حمزہ خان زہری کو آگاہ کیا نواب ثناء اللہ خان زہری کے جانثاران پیپلز پارٹی کے جیالے اپنے نوجوان لیڈر سے ملنے کے لئے خلق جھالاوان کا رخ کیا اور اپنے قائد کے فرزند کے ساتھ بھرپور تصویریں اور سیلفیاں بنوائی اور اپنے مسائل کے متعلق فرزند جھالاوان نوابزادہ محمد امیر حمزہ خان زہری سے تفصیلی گفتگو کی صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ محمد امیر حمزہ خان زہری نے ...

واقعہ کربلا کی روح زمین پر کوئی مثال نہیں ملتی، تاج رئیسانی

حضرت امام حسینؓ اور یزید کے درمیان حق و باطل کے معرکہ نے ثابت کر دیا کہ حق ہمیشہ زندہ رہے گا

پوری قوم کو متحد اور منظم ہو کر باطل قوتوں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑے ہونا چاہیے

بولان (اے این این) بلوچستان کی ممتاز سیاسی و قبائلی شخصیت چیئرمین مٹھڑی ضلع کونسل کچھی میر حاجی تاج محمد رئیسانی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ واقعہ کربلا حق و باطل کے درمیان المناک معرکہ ہے جس کی روح زمین پر کوئی مثال نہیں ملتی واقعہ کربلا میں باطل کو شکست اور حق کو برتری ہوئی ہے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے رفقاء کار کی عظیم قربانیوں کے باعث دین اسلام میں نئی روح پھونکی گئی ہے امام عالی مقام حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے خاندان اور رفقاء کے ہمراہ شہادتیں قبول کر لیں لیکن باطل کے آگے سر نہیں جھکایا امام عالی مقام کی تعلیمات اور جذبہ شہادت کے تحت مقبوضہ ریاست جموں کشمیر میں ہونے والی بھارتی انسانیت سوز مظالم سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے آج بھی قوم اور وطن کو امام عالی مقام جیسے جذبہ ایثار قربانیوں کی ضرورت ہے باطل قوتیں پاکستان اور اسلام کو کمزور کرنے کی سازشوں میں مصروف عمل ہے جن کے سدباب کے لیے پوری قوم کو متحد اور منظم ہو کر باطل قوتوں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑے ہونا چاہیے میر حاجی تاج محمد رئیسانی نے کہا ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ علیہ السلام اور یزید کے درمیان حق و باطل کے معرکہ ثابت کر دیا کہ حق ہمیشہ زندہ رہے گا اور باطل کا دنیا اور آخرت میں عبرتناک انجام ہوگا انہوں نے کہا کہ محرم الحرام نہایت عزت و احترام اور فضیلت والا مہینہ ہے اس ماہ مقدس میں تمام سیاسی سماجی اور مذہبی جماعتوں اور مسالک کے درمیان مکمل ہم آہنگی بھائی چارے اور اتحاد و بین المسلمین کو فروغ دینا چاہیے میر حاجی تاج محمد رئیسانی نے کہا کہ ایک ہزار تین سو سال سے زائد وقت گزر چکا ہے لیکن شہدائے کربلا کی یاد آج بھی دلوں میں تازہ اور زبانوں میں جاری ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ امام عالی مقام نے اپنی قربانی خدا کی اور اس کے دین کے احیاء کے لیے پیش کی اور اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کا ذکر کو زندہ رکھا ہوا ہے انہوں نے کہا کہ واقعہ کربلا میں ایک عظیم پہلو یہ بھی موجود ہے کہ جب بھی اس واقعے کا تذکرہ کیا جاتا ہے

تربت، چیئرمین بلخ شیر قاضی سے ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر وحید بلیدی ملاقات کر رہے ہیں

نوکنڈی کی تقدیر بدلنے جا رہی ہے، میر اعجاز سنجرانی

شہر کی ترقی کیلئے چھ ارب روپے کا ماسٹر پلان منظور ہو چکا ہے

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے سابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی نے کہا ہے کہ نوکنڈی کی تقدیر بدلنے جا رہی ہے۔ شہر کی ترقی کے لیے چھ ارب روپے کے خطیر فنڈ سے ماسٹر پلان کی منظوری دی جا چکی ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنی رہائشگاہ میں ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں انجمن تاجران کے رہنما، قبائلی عمائدین اور متعدد دکان مالکان نے شرکت کی انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ نوکنڈی کو جدید طرز پر ایک ترقی یافتہ شہر بنانے کی طرف عملی قدم ہے۔ ماسٹر پلان کے تحت شہر کے داخلی راستے پر ایک خوبصورت گیٹ اور تاریخی نوعیت کا مونومنٹ تعمیر کیا جائے گا۔ میر اعجاز سنجرانی نے بتایا کہ عالمی معیار کا سپورٹس کمپلیکس قائم کیا جائے گا جس میں تمام کھیلوں کے لیے سہولیات دستیاب ہوں گی تاکہ نوجوان نسل مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب ہو۔ ساتھ ہی ایک جدید فیملی پارک بھی بنایا جائے گا جو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ہوگا، جبکہ 25 کمروں پر مشتمل ایک ریسٹ ہاؤس بھی تعمیر کیا جائے گا تاکہ شہر میں آنے والے مہمانوں کے لیے معیاری رہائش کی سہولت ہو۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ بازار کو مکمل طور پر مسمار کر کے اس کی جگہ ایک جدید دو منزلہ مارکیٹ تعمیر کی جائے گی۔

اوتھل، چوری شدہ کار برآمد، دو کار لفٹر گرفتار

کراچی سے چوری گاڑی لسبیلہ پولیس نے بازیاب کر لی

اوتھل (یو این اے) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی خصوصی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او اوتھل عبدالجلیل سومرو کی قیادت میں پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے دو کار لفٹرز کو گرفتار کر کے کراچی سے چوری شدہ کرولا کار برآمد کر لی۔ لسبیلہ پولیس کے ترجمان کے مطابق اوتھل پولیس نے مین آر سی ڈی روڈ زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ پر سنیپ چیکنگ کے دوران کراچی کی جانب سے آنے والی ایک مشکوک کرولا کار رجسٹریشن نمبر (AED-912) کو روک کر تلاشی لی۔ دوران تفتیش کار کے ڈرائیور نے اپنا نام منیج علی ولد نعیم علی قوم یوسفزئی سکنہ پنجاب چورنگی کراچی اور اس کے ہمراہ موجود شخص نے محمد سمیع ولد محمد اجمل قوم کورائی بلوچ سکنہ ضیا الدین ہسپتال کراچی بتایا۔ گاڑی کے کاغذات اور معلومات کی جانچ کے بعد انکشاف ہوا کہ مذکورہ کار کراچی کے تھانہ گزری کی حدود سے چوری کی گئی ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق دونوں ملزمان نے چوری شدہ گاڑی اپنے قبضے میں رکھ کر جرم کا ارتکاب کیا ہے۔ ملزمان کے خلاف تھانہ اوتھل میں مقدمہ نمبر 73/2025 بجرم 411/34 تعزیرات پاکستان درج کر لیا گیا ہے

دالبندین جیسے پسماندہ علاقے سے باصلاحیت کھلاڑیوں کا سامنے آنا باعث فخر ہے، میجر جنرل بلال سرفراز

ان کی صلاحیتوں کو ضائع نہیں ہونے دیں گے، کھلاڑیوں کو ہر ممکن مالی و تکنیکی تعاون فراہم کیا جائے گا

سامان، پاسپورٹ و ویزا کے اخراجات، بین الاقوامی مقابلوں میں شرکت کے لیے تعاون شامل ہے

دالبندین (این این آئی) شہید دلاور جان انٹرنیشنل تائیکوانڈو کلب دالبندین کے چیف کوچ اور انٹرنیشنل کھلاڑی فیروز شاہ نوتیزئی دیگر کھلاڑیوں کے ہمراہ دالبندین رائفلز ہیڈکوارٹر گئے، جہاں ان کی ملاقات آئی جی ایف سی ساؤتھ بلوچستان میجر جنرل بلال سرفراز اور بریگیڈیئر سجاد علی (کمانڈنٹ دالبندین رائفلز) سے ہوئی۔ اس موقع پر فیروز شاہ نوتیزئی نے دالبندین کے ان نوجوان کھلاڑیوں کا تعارف کرایا، جو قومی اور بین الاقوامی سطح پر مختلف اداروں جیسے کہ واپڈا، پولیس، آرمی، اور ایئر فورس کے لیے کھیل چکے ہیں۔ میجر جنرل بلال سرفراز اور بریگیڈیئر سجاد علی نے کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دالبندین جیسے پسماندہ علاقے سے ایسے باصلاحیت کھلاڑیوں کا سامنے آنا باعث فخر ہے۔ ہم ان کی صلاحیتوں کو ضائع نہیں ہونے دیں گے انہوں نے یقین دلایا کہ ایف سی ساؤتھ بلوچستان اور دالبندین رائفلز کی جانب سے کھلاڑیوں کو ہر ممکن مالی و تکنیکی تعاون فراہم کیا جائے گا، جن میں سامان کی فراہمی، پاسپورٹ و ویزا کے اخراجات اور بین الاقوامی مقابلوں میں شرکت کے لیے تعاون شامل ہے۔ اس موقع پر فیروز شاہ نوتیزئی نے ایف سی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ "یہ اعتماد اور تعاون دالبندین کے نوجوان کھلاڑیوں کے حوصلے بلند کرے گا اور ہم مزید جذبے کے ساتھ ملک و قوم کا نام روشن کریں گے۔" مزید بتایا گیا کہ آل پاکستان ٹور کے لیے ٹیم 30 جولائی کو روانہ ہوگی، جس کے انتظامات اور سامان کی فراہمی میں ایف سی کا مکمل تعاون شامل ہوگا۔ خبر کے اختتام پر انٹرنیشنل کوچ نے آئی جی ایف سی میجر جنرل بلال سرفراز کو تائیکوانڈو کلب کی جانب سے یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔

شہید میر عطاء الرحمان مینگل کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی

دعا اور خیرات میں ہزاروں لوگوں نے مختلف علاقوں سے شرکت کی

خضدار (بیورو رپورٹ) وڈھ مینگل کوٹ باڑی میں تحریک حریت کے سرخیل قائد شہید میر عطاء الرحمان مینگل کے ایصال ثواب کیلئے خیرات اور قرآن خوانی اور دعاؤں کا اہتمام کیا گیا خیرات میں ہزاروں لوگوں نے مختلف علاقوں سے آکر شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق سابق وفاقی وزیر و سابق نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر محمد نصیر جان مینگل کے فرزند جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمان مینگل، میر محمود الرحمان مینگل کے بڑے بھائی اور میر مطیع الرحمان مینگل کے والد قائد تحریک حریت سرخیل شہید میر عطاء الرحمان مینگل کی شہادت کو مینگل کوٹ باڑی میں پوری عقیدت اور احترام سے منایا گیا۔ شہید کی ایصال ثواب کیلئے خیرات کا اہتمام کیا گیا اور مساجد میں قرآن خوانی اور دعاؤں کے ساتھ ہوا، اس موقع پر سیاسی اکابرین و علمائے کرام نے شہید کے درجات کی سربلندی کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا۔ سیاسی اکابرین و علمائے کرام نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ قوم اور وطن کی خاطر شہید میر عطاء الرحمان مینگل نے جان کا نذرانہ پیش کرنے والے حریت رہنما عزت و احترام کے مستحق ہیں، شہداء کا لہو ہم پر قرض ہے، شہید کی عظیم قربانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا ہے زندہ قومیں اپنے محسنوں کے احسانات کو فراموش نہیں کرتیں۔ اکابرین کا کہنا تھا کہ جو قومیں اپنے شہداء کی تکریم نہیں کرتیں وہ ذلیل و رسوا ہو جاتی ہیں، شہید ہمیشہ زندہ ہوتے ہیں حریت سرخیل رہنما شہید میر عطاء الرحمان مینگل قوم کا بہادر بیٹا تھا جو ہمیشہ ہر دل میں زندہ رہے گا۔ شہید میر عطاء الرحمان مینگل نے قوم سے وفاداری فرض شناسی اور وطن کیلئے جان کی پرواہ کیے بغیر لڑنے کی ایسی مثال قائم کی جو رہتی دنیا تک یاد رہے گی۔ اکابرین نے کہا شہید میر عطاء الرحمان مینگل اور ان کے اہلخانہ پوری قوم کیلئے قابل فخر ہیں پوری قوم شہید میر عطاء الرحمان مینگل کے غیر متزلزل عزم کو سلام پیش کرتی ہے انکے لازوال قربانی پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ شہید میر عطاء الرحمان مینگل نے دلیری جوانمردی اور شجاعت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے وطن پر جان قربان کی انکا کردار اعلیٰ روایات کا کھلا مظہر ہے۔ شہید میر عطاء الرحمان مینگل نے جان کا نذرانہ دیا انکا جذبہ ایثار و وفاداری جرات اور فرض شناسی آنے والی نسلوں کیلئے ایک درخشاں مثال اور مشعل راہ ہے۔ آخر میں سیاسی اکابرین و علمائے کرام نے کہا حریت رہنما جیسے قومی ہیروز کی قربانیاں ہمارے حوصلوں کو بلند رکھتی ہیں اور پوری قوم کو ان پر فخر ہیں۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF INTERIOR & NARCOTICS CONTROL
NATIONAL DATABASE & REGISTRATION AUTHORITY
(Headquarters, G-5/2 Islamabad)

WE ARE HIRING

Under the provisions of Regulation 9, 10 and 11 of NADRA Employees (Service) Regulations, 2002, NADRA is seeking highly skilled and experienced professionals for the following position:-

Position & Age	Educational Background	Professional Experience, Skills & Competencies
Deputy Assistant Director (Networks) Age (Max): 30 Years	• Bachelor's (4 Years) in Computer Sciences/Information Technology/Software Engineering or equivalent (16 Years of HEC verified education) • Degrees must be attested by HEC	**Professional Experience** • Preferably 2 years of post-qualification experience in communication and networks. **Skills & Competencies** • Administer server/client machines. • Install & maintain computer equipment, network (client & server) software, and hardware on a variety of platforms. • Network optimization and operations of assigned network elements. • Familiarity with Linux and Window environment Technical understanding of network elements including but not limited to Firewalls, IDS/IPS, Switches and Communication media • Knowledge of IP Subnetting, CIDR, NMS Monitoring and Reporting etc. • Provide 24/7 technical support for timely resolution of IT related issues. • Network related Certifications is preferred.

Job Location: Gwadar, Azad Jammu & Kashmir, Gilgit Baltistan
Terms & Conditions
1. Selected candidate will be hired initially for contract period of 5 years (extendable if required).
2. Management reserves the right to accept/reject any application without assigning any reason.
3. Only shortlisted candidates will be called for test/interview.
4. Candidate shall be disqualified if false information is provided.
5. Employees serving in Government/Semi-Government departments must provide/attach No Objection Certificate (NOC) at the time of submission of application.
6. 5 years' relaxation in age is already included in above age limit.
7. Selected candidate shall provide Medical Fitness and Character Certificates.
8. No TA/DA will be admissible.
9. Attested degrees from Higher Education Commission (HEC)/relevant regulatory bodies must be provided at the time of interview.
10. Females, Minority, Transgenders and Differently-abled candidates are encouraged to apply.
11. Electronic gadgets, mobile phones, smart watches etc. will not be allowed during test and interview. The deadline for submission of application is 20th July, 2025 and only online applications will be accepted.
12. For further details and to apply, please visit https://careers.nadra.gov.pk or scan the QR code below.

URAAN PAKISTAN
HR Directorate
National Database & Registration Authority
State Bank of Pakistan, Shahrah-e-Jamhuriat, Sector G-5/2, Islamabad
PID(I)143/25

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF INTERIOR AND NARCOTICS CONTROL
NATIONAL DATABASE & REGISTRATION AUTHORITY
(Headquarters, G-5/2 Islamabad)
We Are Hiring

Under the provisions of Regulation 9, 10 and 11 of NADRA Employees (Service) Regulations, 2002, NADRA is seeking highly skilled and experienced professionals for the following position:-

Position & Age	Educational Background	Professional Experience, Skills & Competencies
Deputy Assistant Director (Accounts) (01 position) Age (Max): 30 Years	• Bachelors (4 Years) in Accounting & Finance/Commerce or equivalent (16 Years of HEC verified education) • Degrees must be attested by HEC	Professional Experience • At least 4 years post qualification relevant experience. • Preference will be given to CA Article-ship completed applicant. Skills & Competencies • Financial transaction recording in accounting system (ERP). • Preparation of financial reports and reconciliations. • Proficiency in MS excel • Verbal and written communication skills

Job Location: Gwadar
Terms & Conditions
1. Selected candidate will be hired initially for contract period of 5 years (extendable if required).
2. Management reserves the right to accept/reject any application without assigning any reason.
3. Only shortlisted candidates will be called for test/interview.
4. Candidate shall be disqualified if false information is provided.
5. Employees serving in Government/Semi-Government departments must provide/attach No Objection Certificate (NOC) at the time of submission of application.
6. 5 years' relaxation in age is already included in above age limit.
7. Selected candidate shall provide Medical Fitness and Character Certificates.
8. No TA/DA will be admissible.
9. Attested degrees from Higher Education Commission (HEC)/relevant regulatory bodies must be provided at the time of interview.
10. Females, Minority, Transgenders and Differently-abled candidates are encouraged to apply.
11. Electronic gadgets, mobile phones, smart watches etc. will not be allowed during test and interview. The deadline for submission of application is 20th July, 2025 and only online applications will be accepted.
12. For further details and to apply, please visit https://careers.nadra.gov.pk or scan the QR code below.

HR Directorate
National Database & Registration Authority
State Bank of Pakistan Building, Shahrah-e-Jamhuriat, Sector G-5/2 Islamabad
PID(I)141/25
URAAN PAKISTAN

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF INTERIOR AND NARCOTICS CONTROL
NATIONAL DATABASE & REGISTRATION AUTHORITY
(Headquarters, G-5/2 Islamabad)
We Are Hiring

Under the provisions of Regulation 9, 10 and 11 of NADRA Employees (Service) Regulations, 2002, NADRA is seeking highly skilled and experienced professionals for the following position

Position & Age	Educational Background	Professional Experience, Skills & Competencies
Assistant Director (Accounts Payable) (03 Positions) Age (Max): 37 Years	CAF/CA-Inter Qualified Plus Graduation in Commerce/Accounting/Finance or equivalent (16 Years HEC recognized education) OR • Member of ACCA/ICMA	Professional Experience • For CAF qualified, 4 x years post (HEC recognized) education relevant experience • For ACCA/ACMA qualified, 4 x years post membership relevant experience. Skills & Competencies • Ability to supervise and lead Accounts Payable (AP) team • In depth knowledge of AP processes • Familiarity with ERP system e.g. Oracle • Strong MS Excel skills • Excellent verbal and written communication skills

Job Location: Gwadar, Azad Jammu & Kashmir, Gilgit Baltistan
Terms & Conditions
1. Selected candidate will be hired initially for contract period of 5 years (extendable if required).
2. Management reserves the right to accept/reject any application without assigning any reason.
3. Only shortlisted candidates will be called for test/interview.
4. Candidate shall be disqualified if false information is provided.
5. Employees serving in Government/Semi-Government departments must provide/attach No Objection Certificate (NOC) at the time of submission of application.
6. 5 years' relaxation in age is already included in above age limit.
7. Selected candidate shall provide Medical Fitness and Character Certificates.
8. No TA/DA will be admissible.
9. Attested degrees from Higher Education Commission (HEC)/relevant regulatory bodies must be provided at the time of interview.
10. Females, Minority, Transgenders and Differently-abled candidates are encouraged to apply.
11. Electronic gadgets, mobile phones, smart watches etc. will not be allowed during test and interview.
12. The deadline for submission of application is 20th July, 2025 and only online applications will be accepted.
13. For further details and to apply, please visit https://careers.nadra.gov.pk or scan the QR code below.

HR Directorate
National Database & Registration Authority
State Bank of Pakistan Building, Shahrah-e-Jamhuriat, Sector G-5/2 Islamabad
PID(I)140/25
URAAN PAKISTAN

روزنامہ مشرق کوئٹہ

علامہ منیر احمد یوسفی
لے آؤٹ: وسیم شہزاد پال

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور واقعہ کربلا

سید الشہداء حضرت سیدنا امام حسینؓ کی ولادت مبارک 5 شعبان المعظم 4 ہجری کو مدینہ طیبہ میں ہوئی۔ نبی کریم نے آپ کے کان میں اذان دی' منہ میں لعاب دہن ڈالا اور آپ کے لئے دعا فرمائی۔ پھر ساتویں دن آپ کا نام ''حسین'' رکھا اور عقیقہ کیا۔ حضرت سیدنا امام حسینؓ کی کنیت 'ابو عبداللہ' اور لقب ''سبط رسول'' و ''ریحان رسول'' ہے۔ حدیث میں ہے' رسول کائنات نے فرمایا کہ حضرت ہارون نے اپنے بیٹوں کا نام شبر و شبیر رکھا اور میں نے اپنے بیٹوں کا نام انہیں کے نام پر حسن اور حسین رکھا۔

حضرت علیؓ سے روایت ہے' فرماتے ہیں' جب (سیدنا) حسنؓ پیدا ہوئے تو آپ تشریف لائے اور فرمایا، میرا بیٹا مجھے دکھاؤ، آپ نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ حضرت علیؓ فرماتے ہیں، میں نے عرض کیا ''حرب'' نام رکھا ہے۔ آپ نے فرمایا: ''حرب'' نہیں بلکہ اس کا نام ''حسن'' ہے۔ پھر جب سیدنا امام حسینؓ پیدا ہوئے تو آپ نے فرمایا، مجھے میرا بیٹا دکھاؤ آپ نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا ''حرب'' نام رکھا ہے۔ آپ نے فرمایا: نہیں اس کا نام ''حسین'' رکھو۔ جب تیسرے شہزادے پیدا ہوئے تو آپ نے فرمایا: مجھے میرا بیٹا دکھاؤ، آپ نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا ''حرب'' نام رکھا ہے۔ نبی کریم نے فرمایا: ''حرب'' نہیں بلکہ اس کا نام ''محسن'' ہے۔ پھر آپ نے فرمایا ''میں نے ان کے نام (حضرت) ہارون کے بیٹوں کے نام پر رکھے ہیں۔ اُن کے نام شبر، شبیر اور مبشر تھے۔'' (الادب المفرد، کنزالعمال، تہذیب تاریخ دمشق لابن عساکر)

اسی لئے حسنین کریمینؓ کو شبر و شبیر کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ سُریانی زبان میں شبر و شبیر اور عربی زبان میں حسن و حسین دونوں کے معنی ایک ہی ہیں۔ حدیث میں ہے کہ ''حسنؓ اور حسینؓ جنتی ناموں میں سے دو نام ہیں۔'' عرب کے زمانہ جاہلیت میں یہ دونوں نام نہیں تھے۔ (صواعق محرقہ: ص 118)

حسنین کریمینؓ سے محبت:

حضور نبی کریم نے واشگاف الفاظ میں خبر غیب سے اُمت کو حضرات حسنین کریمینؓ کی جنت کے جوانوں کی سرداری کی نوید سے نوازا۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے' فرماتے ہیں' رسول کریم نے فرمایا ''بے شک (حضرت) حسن اور (حضرت) حسین دونوں دنیا میں میرے دو پھول ہیں۔'' (بخاری، فتح الباری، عمدۃ القاری، مشکوٰۃ، مسند احمد) حضرت انسؓ سے روایت ہے' فرماتے ہیں' رسول کریم سے عرض کیا گیا کہ اہل بیت میں سے آپ کو سب سے زیادہ پیارا کون ہے؟ تو حضور نے فرمایا: حسنؓ اور حسینؓ۔ رسولِ کریم خاتونِ جنت بی بی فاطمۃ الزہرہؓ سے فرماتے تھے: ''میرے پاس بچوں کو لاؤ پھر انہیں سونگھتے تھے اور اپنے ساتھ لپٹاتے تھے۔'' (مشکوٰۃ، ترمذی، درمنثور، فتح الباری)

سیدنا امام حسینؓ کی شہادت خواب کی تعبیر

سید الشہداء حضرت امام حسینؓ کی پیدائش کے ساتھ ہی آپ کی شہادت کی بھی شہرت عام ہوگئی۔ حضرت علیؓ، سیدہ فاطمۃ الزہراءؓ اور دیگر صحابہؓ و اہلبیتؓ کے جاں نثار بھی لوگ آپ کے زمانہ شیر خوارگی ہی میں جان گئے تھے کہ یہ فرزند ارجمند ظلم و ستم کرنے والوں کے ہاتھوں شہید کیا جائے گا۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک دن میں نے دوپہر کے وقت خواب میں رسول کریم کو دیکھا کہ بال مبارک بکھرے ہوئے ہیں اور گرد و غبار بھی پڑا ہوا ہے اور آپ کے ہاتھ میں ایک شیشی ہے' میں نے عرض کی کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں' یہ کیا ہے؟ فرمایا: یہ (امام) حسینؓ اور اُن کے ساتھیوں کا خون ہے آج میں اس خون کو اُٹھاتا رہا (حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں) میں وہ وقت خیال میں رکھنے لگا میں نے یہ وقت قتل کا پایا۔'' (مشکوٰۃ، مسند احمد، دلائل النبوۃ، والبدایۃ والنہایۃ)

حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا ذکر بذریعہ وحی حضرت جبرائیل علیہ السلام اور دیگر فرشتوں کے ذریعے نازل ہوا۔ اس کا وقت اور زمانہ بھی بتا دیا گیا۔ 60ھ کے آخر اور 61ھ کے شروع میں واقعہ کربلا پیش آیا جب امام حسینؓ کو اس مقام پر شہید کیا گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْن٥ حضرت سیدنا امام حسینؓ کے ساتھ 16 اہل بیت شہید ہوئے جبکہ کل 72 افراد شہید ہوئے۔ آپ کی شہادت کے واقعہ کے بعد سات دن تک اندھیرا چھایا رہا۔ دیواروں پر دھوپ کا رنگ زرد پڑ گیا تھا اور بہت سے ستارے بھی ٹوٹے، آپ کی شہادت 10 محرم 61 ہجری کو واقع ہوئی۔ آپ کی شہادت کے دن سورج گہن میں آ گیا تھا، مسلسل چھ ماہ تک آسمان کے کنارے سرخ رہے، بعد میں رفتہ رفتہ وہ سرخی جاتی رہی۔ البتہ اُفق کی سرخی جس کو شفق کہا جاتا ہے آج تک موجود ہے یہ سرخی شہادت حسینؓ سے پہلے موجود نہیں تھی۔

قصر امارت کوفہ: شعالبی، عبدالملک بن عمر اللیثی سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے کوفہ کے دارالامارت میں دیکھا کہ امام حسینؓ کا سر عبیداللہ ابن زیاد کے سامنے ایک ڈھال پر رکھا ہوا تھا۔ پھر اسی قصر امارت میں کچھ دنوں کے بعد عبیداللہ بن زیاد کا سر مختار بن عبید کے سامنے رکھا ہوا دیکھا پھر کچھ عرصہ بعد مختار بن عبید کا سر مصعب بن زبیر کے سامنے اسی قصر میں رکھا ہوا دیکھا اور کچھ مدت کے بعد مصعب بن زبیر کا کٹا ہوا سر عبدالملک کے سامنے رکھا ہوا پایا۔ جب میں نے یہ قصہ عبدالملک کو سنایا تو انہوں نے اس دارالامارت کو نحس سمجھ کر چھوڑ دیا۔ (تاریخ الخلفاء)

پیر سید غلام معین الحق گیلانی

لازوال داستان: جس کی مثال رہتی دنیا تک سامنے نہیں آ سکتی

واقعہ کربلا تاریخ عالم کا ایک محیر العقول واقعہ ہے۔ سید الشہداء، راکب دوش مصطفیٰ، حضرت سیدنا امام حسینؓ نے منزل تسلیم و رضا پر صبر و استقامت سے فائز ہو کر جس جاں سپاری اور سرفروشی کی لازوال داستان زمین کربلا پر رقم کی اس کی مثال رہتی دنیا تک چشم فلک دیکھنے سے قاصر رہے گی۔ ازل سے جاری حق و باطل کی آویزش کا نکتہ عروج میدان کربلا میں نظر آتا ہے۔ جہاں پر باطل اپنی تمام تر کوششوں اور ظاہری وسائل کے اعتبار سے برتری کے باوجود اہل حق کی ثابت قدمی میں رخنہ نہ ڈال سکا اور سینہ کائنات پر یہ حقیقت ابد تک ثبت ہوگئی کہ

قتل حسینؓ اصل میں مرگ یزید ہے۔۔۔
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

دین اسلام اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ دین ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس دین کی سربلندی اور غلبہ کا اپنے محبوب مکرم سے وعدہ فرمایا ہے۔ آیت استخلاف میں (اللہ ان کے لئے ان کے پسندیدہ دین کو محکم فرمائے گا) فرما کر دین اسلام کے غالب آنے کی بشارت عطا فرمائی۔ چنانچہ حضور نبی کریمؐ کے وصال کے بعد خلفائے راشدین کے دور میں اقامت دین اسلام اور تمکین فی الارض ظہور میں آئی۔ حضرت سیدنا پیر مہر علی شاہ قدس سرہ العزیز ارشاد فرماتے ہیں: ''سید الاولین والآخرین سے جو وعدہ دین اسلام کو سارے ادیان پر غالب کرنے کا قرآن کریم میں کیا گیا تھا وہ بمقتضائے الٰہی خلفائے اربعہ کے عہد میں متحقق ہوا۔ فتح عرب و شام اس عظیم الشان انداز میں اور تالیف و اطمینان قلوب مسلمین اور تمکین دین اس طریق پر ظہور میں آئی کہ فوق ازاں متصور نیست۔ آنحضرتؐ نے پیش گوئی فرمائی تھی کہ دنیا میں کچھ عرصہ نبوت و رحمت، پھر میرے بعد تیس سال خلافت و رحمت، اس کے بعد آمرانہ سلطنت اور پھر اس کے بعد کبر اور حدود الٰہیہ سے تجاوز ہوگا۔ خلفائے اربعہ اور سیدنا حسن علیہم الرضوان کا زمانہ تیس سال کا ہے، جس پر خلافت و رحمت کا خاتمہ ہوگیا۔ امام حسنؓ کا خلافت کو ترک کرنا اس وجہ سے بھی تھا کہ آپ آمرانہ بادشاہت سے بحکم ''میرے بعد تیس سال خلافت ہوگی اس کے بعد یہ دانتوں سے کاٹنے والی ملوکیت ہو جائے گی) بچنا چاہتے تھے۔''

ع آلِ نبیؐ کا کام تھا آلِ نبیؐ ہی کر گئے

علامہ اقبال نے اس حقیقت کو یوں بیان کیا یعنی جب خلافت اسلامیہ نے قرآن سے رشتہ توڑا اور حریت کے جام میں زہر ملا دیا تو اس وقت امام عالی مقام ابر رحمت بن کر قبلہ کی طرف سے آئے، زمین کربلا کو اپنے خون سے سیراب کر کے اسے گل و گلزار بنا کر تشریف لے گئے۔

امام عالی مقام کی اس عالی ہمتی، ثابت قدمی، جواں مردی اور استقامت کی بدولت اسلام کو استحکام نصیب ہوا۔ ورنہ خدا جانے آج اس دین مرتضٰی کی کیا صورت ہوتی۔ غریب نواز سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری، کہ برصغیر پاک و ہند میں اشاعت اسلام کا سہرا جن کے سر سجا، نوے لاکھ ہندوؤں کو جن کے دست اقدس پر قبول اسلام کی سعادت نصیب ہوئی، نے کیا خوب ارشاد فرمایا:

شاہ است حسینؓ بادشاہ است حسینؓ۔۔۔ دین است حسینؓ دین پناہ است حسینؓ
سر داد نہ داد دست در دست یزید۔۔۔ حقا کہ بنائے لا الٰہ است حسینؓ

(شاہ بھی حسینؓ ہیں، بادشاہ بھی حسینؓ ہیں، دین بھی حسینؓ ہیں دین کی پناہ بھی حسینؓ ہیں۔ سر دے دیا لیکن یزید کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دیا سچ یہ ہے کہ کلمہ طیبہ کی بنیاد بھی حسینؓ ہیں)۔

آپ کی اس مختصر رباعی میں عظمت حسینؓ کی صراحت کے ساتھ ساتھ یزید کے کردار اور لادینی افکار کی طرف اشارہ موجود ہے۔ حسینؓ حق ہے اور یزید باطل ہے اور دین کی بقا کے لئے ہر دور میں شبیری کردار درکار ہے کہ مرور وقت کے باوجود خون حسینؓ کی سرخی اور زیادہ بڑھتی جا رہی ہے۔ آپ کی اس عظیم الشان قربانی سے اس داستان حرم کی تکمیل ہوئی جو سیدنا اسماعیل علیہ السلام سے شروع ہوئی تھی اور حق و باطل، کفر و اسلام، نیکی و بدی اور خیر و شر کے درمیان تمیز ہوگئی اور حد فاصل قائم ہوگئی۔ یزیدیت مذموم ٹھہری اور یزید کا نام قیامت تک کے لئے گالی بن کر رہ گیا۔

راہروان حق کے لئے منزل مراد تک پہنچنے کا راستہ کربلا سے ہو کر گزرتا ہے۔ لہٰذا آج کے اس پرفتن دور میں فکر یزید سے پہلو تہی کرنا اور اسوہ شبیری کو اپنانا وقت کا تقاضہ ہے۔ امام پاک کی ذات لا الٰہ کی بنیاد ہے اور لا الٰہ الا اللہ معبودان باطلہ سے منہ موڑ کر خالق لم یزل کی طرف توجہ کامل سے استعارہ ہے۔ اور یہی توجہ کامل انسان کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ مصائب و مشکلات میں عوارض بشریہ سے مبرا و منزہ ہو کر اپنے خالق و مالک کی بارگاہ میں سر بسجود ہو کر مرتبہ کمال کو پہنچ جاتا ہے یہاں تک کہ موت بھی اس کے عزم و استقلال کو دیکھ کر ششدر رہ جاتی ہے۔ جیسا کہ سیدنا امام حسینؓ نے معرکہ کربلا میں کر کے دکھایا کہ بدن مبارک تیروں سے چھلنی ہو چکا تھا اور گلزار نبوت کے نونہالوں اور دیگر احباب و مخلصین کے مقتول و مجروح اور بھوکا پیاسا ہونے کی وجہ سے دل مغموم و محزون تھا، ایسے نازک وقت میں بھی نہ کسی سے شکایت تھی نہ حکایت بلکہ استقلال تمام اس حال میں بھی نماز ادا فرمائی۔ یہی شان حسینؓ ہے اور یہی پیغام حسینؓ ہے۔

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

اللہ تعالیٰ ہمیں محبت اہلبیتؓ اور ان کی اطاعت و پیروی کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آپ کی ذات پاک کا صدقہ اہل اسلام کو اس کربناک صورت حال سے نجات عطا فرمائے۔ آمین بجاہ طٰہٰ ویٰس برحمتک یا ارحم الراحمین۔

☆☆☆☆☆☆

سرداد نہ داد دست در دستِ یزید

حافظ محمد ادریس

واقعہ کربلا ہماری تاریخ کا المناک ترین باب ہے۔ نبی مہربانؐ کی رحلت کے نصف صدی بعد آپ کے محبوب نواسے کو ان کے پورے اہل و عیال کو اس بے دردی کے ساتھ تہ تیغ کر دینا اموی حکومت کے دامن پر سیاہ ترین دھبہ ہے اس کا سبب محض یہ تھا کہ اموی حکمران یزید کی حکومت باقی نہ رہ سکتی اگر امام حسین زندہ رہتے۔ یزید اور اس کے لاؤ لشکر نے جس سنگدلی اور شقاوت کا مظاہرہ کیا وہ ہر لحاظ سے قابل مذمت ہے۔ ان واقعات کا علمی تجزیہ تو ہونا چاہیے مگر افراط و تفریط کا شکار ہو کر تاریخ کو اپنی من مانی تعبیر کے سانچے میں نہیں ڈھالنا چاہیے۔ مستند واقعات کی کسوٹی پر تمام کرداروں کو پرکھا جائے تو ہر ایک کا درست تعارف سامنے آ جاتا ہے۔

یزید تاریخ کا ایک ایسا کردار ہے کہ جس پر سب و شتم کی بوچھاڑ ہوتی ہے مگر سب و شتم نہ تو درست طرز عمل ہے، نہ اس سے کوئی مسئلہ حل ہوتا ہے۔ دوسری جانب ردعمل کے طور پر کچھ لوگ یزید کی پارسائی اور مناقب بیان کرنے کا محاذ سنبھال لیتے ہیں۔ یوں دونوں جانب کی کھینچا تانی نے حقائق کو کافی حد تک مسخ کیا ہے۔ شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ نے نہایت معتدل اور مبنی برحق موقف بیان فرماتے ہوئے کہا کہ یزید کے بارے میں تین گروہ پائے جاتے ہیں۔ ایک گروہ اس کی تحسین و تعظیم کرتا اور اس سے محبت کا اظہار کرتا ہے۔ دوسرا گروہ اس پر سب و شتم اور لعنت بھیجتا اور اس کی تکفیر ضروری سمجھتا ہے۔ تیسرا موقف ہمارا ہے کہ ہم نہ اس سے محبت کرتے ہیں، نہ اس کی تعظیم و تحسین اور نہ ہی اس کو گالیاں دیتے ہیں۔ (مفہوم از فتاویٰ شیخ الاسلام ابن تیمیہ) یزید میں بلاشبہ کئی کبائر اور بڑی بڑی برائیاں تھیں اور خلافت کے اعلیٰ منصب کا تو وہ کسی لحاظ سے بھی اہل نہیں تھا۔ اس کے خلاف صحابہ کرام کا موقف مبنی برحق تھا۔ یہ بالکل الگ موضوع ہے کہ اس کا تختہ کیوں نہ الٹا جا سکا۔ اس کے تخت پر براجمان ہونے کو قطعاً دلیل قرار نہیں دیا جا سکتا کہ وہ حق پر تھا۔ اگر اس دلیل کو تسلیم کر لیا جائے تو پھر فرعون اور نمرود جیسے تمام حکمرانوں کو بھی برحق ماننا پڑے گا جو کہ سراسر خلاف حقیقت ہے۔

اسلام کے نظام خلافت کو جاننے والے صحابہ کرام بخوبی سمجھتے تھے کہ یزید اپنے کردار کے لحاظ سے خلافت کی عظیم ذمہ داری کے لیے بالکل نااہل ہے۔ ان حالات میں اہل حجاز کے مشورے سے حضرت عبداللہ بن زبیر نے حجاز میں اپنی خلافت قائم کی اور یہاں کے تمام لوگوں نے ان کے ہاتھ پر برضا و رغبت بیعت کی۔ دوسری طرف اہل کوفہ نے ہزاروں کی تعداد میں خطوط لکھ کر حضرت حسین بن علیؓ کو کوفہ آنے کی دعوت دی، یہ سب واقعات تاریخ میں محفوظ ہیں۔ ابن اثیر ج ۳، ص ۲۵۰، تاریخ طبری ج ۳، ص ۲۷۵، الکامل لابن الاثیر، ج ۳، ص ۹۳-۹۵ پر وہ تمام تفصیلات موجود ہیں جو اس حقیقت کو واضح کرتی ہیں کہ یزید حضرت معاویہ کا بیٹا ہونے کے علاوہ کسی لحاظ سے بھی اس قابل نہیں تھا کہ کوئی فرد یہ سوچتا کہ زمام اقتدار اس کے ہاتھ میں ہونی چاہیے۔ یزید کی خلافت پورے عالم اسلام میں قبول نہیں کی گئی تھی۔ اہل عراق، حجاز، مصر اور دیگر بہت سے علاقوں میں یزید کی مخالفت کی جاری تھی۔ اہل کوفہ نے حضرت امام حسینؓ کو نہ صرف خطوط لکھے بلکہ کئی وفود بھی ان کی خدمت میں بھیجے۔ ان لوگوں کے مسلسل اصرار اور پرزور مطالبے پر آپ نے عراق کی طرف رخت سفر باندھا۔ اس دوران مکہ، مدینہ اور پورے حجاز میں موجود صحابہ کرام یزید کی ناجائز حکومت اور سیدنا حسینؓ کے سفر کوفہ پر اپنے اپنے خیالات کا اظہار کر رہے تھے۔ اکثر صحابہ کی رائے یہ تھی کہ امام حسینؓ کو حجاز ہی میں مقیم رہنا چاہیے۔ اہل کوفہ کے بارے میں حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت حسینؓ کے تایازاد بھائی اور بہنوئی حضرت عبداللہ بن جعفر کی بھی یہی رائے تھی کہ وہ قابل اعتماد لوگ نہیں ہیں۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت حسینؓ نے اس کے باوجود کوفہ جانے کا فیصلہ کیوں کیا؟ جہاں تک انسانی تدبیر، حکمت اور دور اندیشی کا تعلق ہو سکتا ہے، حضرت حسینؓ نے بلاشبہ اس کا اہتمام کیا تھا۔ انہوں نے خود کوفہ جانے سے قبل اپنے معتمد ساتھی اور تایازاد بھائی حضرت مسلم بن عقیلؓ کو کوفہ بھیجا۔ انہوں نے کوفہ جا کر حالات کا جائزہ لیا اور مفصل خط میں موافق اور سازگار حالات کی رپورٹ دی۔ بعد میں اچانک جو حالات نے پلٹا کھایا تھا، اس کی اطلاع سیدنا حسین تک بروقت نہیں پہنچ پائی تھی۔ راستے میں ایک مقام پر آپ کو اس دور کا مشہور شاعر فرزدق ملا جو کوفہ سے آ رہا تھا۔ وہ آپ کا بڑا مداح تھا۔ اس سے آپ نے وہاں کے احوال پوچھے تو اس نے واضح الفاظ میں کہا ''قلوب الناس معک وسیوفھم مع بنی امیہ'' (الکامل ج ۳ ص ۲۷۶) یعنی ان کے دل تو آپ کے ساتھ ہیں مگر ان کی تلواریں بنو امیہ کے ساتھ ہوں گی۔ یہ ایسا مرحلہ تھا کہ اس رپورٹ پر یہاں سے راہ فرار اختیار کرنا کمزوری کی دلیل بن جاتا۔ ہانی بن عروہ حضرت حسینؓ کے زبردست حامی تھے مگر اس جاسوس کی مخبری اور پھر گواہی کے بعد سخت خلجان کا شکار ہو گئے۔ اب وہ زخمی حالت میں یہ سب منظر دیکھ رہے تھے۔ انہیں قید کرنے اور حضرت مسلم بن عقیلؓ کو پکڑنے، قتل کرنے اور ان کا سر ابن زیاد کے سامنے پیش کرنے کا حکم جاری کر دیا گیا۔ جس شخص نے یہ جاسوسی کی تھی، اس کا نام مورخین نے سرجون بیان کیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اسے یزید نے دمشق سے ابن زیاد کے پاس بھیجا تھا۔ حضرت مسلم کو ہانی بن عروہ کی گرفتاری کی اطلاع ملی تو انہوں نے اپنے حمایتیوں کو ساتھ لے کر مقابلہ کرنے کی ٹھانی۔ ان کے ساتھ ساڑھے تین چار ہزار کے لگ بھگ کوفی میدان میں نکل کھڑے ہوئے مگر جوں ہی ان بد بختوں نے بڑے بڑے سرداروں کو عبیداللہ بن زیاد کے محل میں دیکھا اور انہوں نے بالکونی سے اپنے اپنے قبیلے کے تمام لوگوں کو سرزنش کی تو آہستہ آہستہ یہ بے عہد حضرت مسلم بن عقیلؓ کا ساتھ چھوڑ کر منتشر ہو گئے۔ آخر میں ان کے ساتھ صرف چند سو افراد رہ گئے۔

حضرت مسلم نے یہ صورت حال دیکھی تو انہوں نے بھی شام کے وقت کسی محفوظ جگہ کی طرف نکلنا چاہا۔ اس دوران پورے شہر میں جاسوسی کا جال پھیلایا جا چکا تھا۔ اسی رات کو حضرت مسلم بن عقیل کو سرکاری جتھوں نے گرفتار کیا اور گورنر ہاؤس لے آئے۔ حضرت مسلم کے دو کمسن بچے بھی شہید کر دیے گئے تھے۔ ابن زیاد نے حضرت مسلم کو دیکھتے ہی حکم دیا کہ اسے فی الفور قتل کر دیا جائے۔ اس کا بے سر لاشہ محل کے سامنے پھینک دیا جائے۔ حضرت ہانی کو سولی پر چڑھانے کا حکم صادر ہوا۔ یوں ایک جانب یہ نقشہ یکسر بدل گیا مگر دوسری جانب حضرت حسین بن علیؓ تک درست اطلاعات نہ پہنچ سکیں۔ وہ اس وقت تک حجاز سے حدود عراق میں داخل ہو چکے تھے۔ ان کے ساتھ کوئی بہت بڑا لشکر نہیں تھا۔ ان کے قافلے میں کچھ خواتین تھیں اور ڈیڑھ سو کے قریب ان کے اعیان و انصار تھے۔

یہ بات بھی تاریخ میں منقول ہے کہ قادسیہ کے قریب حر بن یزید آپ سے ملا اور اس نے کوفے کے حالات آپ کو بتائے۔ مسلم بن عقیل اور ان کے بچوں کی شہادت کی خبر بھی ملی۔ حر کی رائے یہ تھی کہ قافلے کو وہیں سے واپس پلٹ جانا چاہیے۔ حضرت حسین کا بھی اسی جانب میلان تھا مگر حضرت مسلم بن عقیلؓ کے بھائیوں نے کہا کہ جب ہمارا بھائی قتل ہو گیا ہے تو ہم یہاں سے کیسے واپس جا سکتے ہیں۔ اصل بات تو یہی ہے کہ تقدیر ہر چیز پر غالب ہوتی ہے۔ حضرت حسینؓ نے اپنا رخ کوفہ سے کربلا کی طرف موڑ لیا۔ راستے میں جگہ جگہ یزیدی دستوں نے قافلہ اہل بیت کو روکنا چاہا مگر وہ کسی نہ کسی طرح کربلا تک آ پہنچے۔ یہ 60ھ کے آخری دن تھے۔ اسی اثنا میں نئے سال کا ہلال طلوع ہوا۔ عمرو بن سعد بن ابی وقاصؓ بنو امیہ کی حکومت میں ایک علاقے کا حاکم تھا۔ جب اسے ابن زیاد نے اس قافلے کو قتل کرنے کا حکم دیا تو شروع میں اس نے کافی پس و پیش کیا۔ آخر کار ابن زیاد کے دباؤ کے تحت عمرو بن سعد نے اس جرم کا ارتکاب کر ہی ڈالا۔ جب عمرو بن سعد نے حضرت حسینؓ کا راستہ روکنا چاہا تو آپ نے اسے بتایا کہ مجھے اہل عراق نے آنے کی دعوت دی، جس کے نتیجے میں میں حجاز سے چل کر یہاں آیا۔ آپ نے خطوط کا انبار بھی اس کے سامنے پیش کیا۔ عمرو بن سعد نے حضرت حسینؓ کے دعوے کی تکذیب نہیں کی بلکہ کہا کہ اہل کوفہ نے آپ کو خطوط لکھے مگر اب وہ آپ کا ساتھ چھوڑ چکے ہیں۔ آپ کے لیے اس کے سوا کوئی راستہ نہیں کہ یزید کی بیعت کر لیں۔ عمرو بن سعد نے امام کا موقف سننے کے بعد کسی حد تک نرمی کا اظہار کیا مگر کہا کہ وہ خود کوئی فیصلہ کرنے کا مجاز نہیں ہے۔ اسے ابن زیاد سے منظوری لینا پڑے گی۔ جب ابن زیاد تک یہ پیغام پہنچا تو وہ آگ بگولہ ہو گیا اور اس نے سخت الفاظ میں عمرو بن سعد کو سرزنش کرتے ہوئے حکم دیا کہ یا تو حسین سے بیعت لو یا اس کا سر قلم کر کے میرے دربار میں بھیجو۔ سیدنا حسینؓ کو جب اس صورت حال کا علم ہوا تو انہوں نے پوری جرأت ایمانی کے ساتھ فرمایا کہ اللہ کی قسم! میں سر تو کٹا سکتا ہوں مگر بزدلی سے بیعت نہیں لی جا سکتی۔ اب وہ مرحلہ آ گیا کہ جو تاریخ میں معروف ہے اور بے شک اس پر افراط و تفریط کے شکار لوگوں نے جتنے بھی رنگ چڑھائے ہیں، بہر حال اس میں کوئی شک نہیں کہ حضرت حسین ابن علیؓ اور ان کے ساتھیوں نے ایک بڑی قربانی پیش کی، جس کا مقصد آمریت و ملوکیت کا انکار اور اسلامی دستور کی اہم ترین شق خلافت و شورائیت کا تحفظ تھا۔ حضرت حسینؓ کے ساتھی ایک ایک کر کے شہید ہوتے چلے گئے۔ آخر میں آپ تنہا رہ گئے۔ پانی تک رسائی بھی ممکن نہ تھی۔ گرمی کی حدت اور جنگ کی شدت، اس لمحے کی سختی اور دل دہلا دینے والا منظر، اس سب کچھ کے باوجود سیدنا حسین بن علیؓ کے پائے استقلال میں کوئی لغزش نہیں آئی۔ وہ بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے مگر یزید کی ناجائز حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ کیا خوب کہا گیا ہے

سر داد نہ داد دست در دست یزید
حقا کہ بنائے لا الٰہ است حسین

اسلامی تاریخ کا اہم باب شہادت امام حسینؓ سے پورا ہوا

حاجی عرفان الحسن

تاریخ اسلام میں بارہا ایسے مواقع آئے جبکہ اسلامی تشخص کیلئے جان و مال کی قربانی پیش کرنے کی ضرورت ہوئی۔ یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ کبھی دین حق کے مقابل خارجی حملے رہے اور کبھی داخلی۔ کبھی ایسا بھی ہوا کہ کلمہ گو بھی اسلامی اصولوں کی دھجیاں بکھیرنے پر آمادہ رہے۔ ختم نبوت کے انکار میں مسیلمہ کذاب، اسود عنسی وغیرہ اور منکرین زکوٰۃ جن کا فتنہ عہد صدیقی میں ابھرا۔ حوادث سے گزر کر اسلام کا نورانی کارواں آگے بڑھتا رہا۔ ذہن و فکر کو متاثر کرتا رہا اور اسلامی خلافت کے بعد جب بادشاہت کا دور آیا تو حضرت سیدنا امیر معاویہ کا فرزند اپنے عظیم والد گرامی کے مشن سے باغی ہو کر اسلامی حکومت کو قیصر و کسریٰ کی طرز پر ملوکیت سے بدلنا چاہا اور اس پر مستزاد یہ کہ امام حسینؓ سے بیعت چاہی۔ یہی وہ موڑ ہے جو تاریخ اسلامی میں واقعہ کربلا کا سبب بنا۔ اسلامی اصول و ضوابط سے بے عملی کا مظاہرہ گناہ ضرور ہے لیکن جب یہی پہلو انکار بن جائے تو وہ فتنوں کو جنم دیتا ہے اور عقیدے سے بغاوت کا ذہن ہموار کرنے کا سبب ہوتا ہے۔ اسی لئے ان کا ''جرم'' ہے۔ اسلامی نظام شریعت کے روشن چہرے کو یزید شہنشاہی کے زعم میں مسخ کرنا چاہتا تھا۔ جس دین کی اکملیت فخر موجودات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آمد کے ساتھ ہو گئی تھی۔ اسی دین کے اصول حرام و حلال میں یزید اپنے نفس کے فیصلے نافذ کرنا چاہتا تھا۔ اس کے سامنے دو نمونے تھے۔ اسلامی نظام حکومت کا نمونہ اور کسریٰ کے استبداد کا نمونہ۔ اس کور چشم کو اسلامی نظام حکومت کا نمونہ نہیں بنایا بلکہ اس نے کسریٰ کی آمریت کو نمونہ عمل بنایا۔ اسی کی تصدیق کیلئے اس نے نواسہ رسول حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو مجبور کرنا چاہا۔ وہ چاہتا تھا کہ شراب و شباب کی اجازت دے دی جائے۔ زنا و سود کی اجازت دے دی جائے۔ اسلامی تعزیرات میں رد و ترمیم کر دی جائے۔ شریعت کو طبیعت کے مطابق ڈھال لیا جائے اور ان سب کے باوجود امام حسینؓ بیعت یزید کر کے یزیدی قوانین کو تسلیم کریں۔ معاملہ اسلامی قوانین کی حفاظت کا تھا۔ شریعت اسلامی میں یزید تحریف چاہتا تھا۔ امام حسینؓ کا بیعت کر لینا مثال بن جاتا۔ یزیدی فتنے پر مہر تصدیق ثبت کرنے کا ذریعہ بن جاتا۔ امام حسینؓ نے مستقبل کیلئے ایک مثال قائم کر دی کہ یزید کی بیعت دراصل باطل کی توثیق ہے۔ اسی لئے انہوں نے بیعت یزید سے انکار کر کے دنیا کو صدق و وفا کا وہ درس عظیم دیدیا کہ ہر باطل کے مقابل امام حسینؓ حق کی علامت بن چکے ہیں۔ چاہے پھر باطل اسلامی کلمے کے ساتھ آئے یا صیہونیت کی شکل میں آئے۔ ایک سچے مسلمان کیلئے اسلامی احکام ہی کافی ہیں۔ انہیں کی پیروی میں اس کیلئے نجات ہے۔ کربلا تخت و تاج زیر قدم ہوئے' مال و دولت ڈھیر ہوئے' لیکن سلام کا وہ روشن چہرہ باقی نہیں رہتا جس کیلئے خاتم الانبیاء تشریف لائے تھے۔ اپنی اور اپنے عزیزوں کی جان راہ خدا میں نچھاور کر کے امام حسینؓ نے بتا دیا کہ جب بھی وقت آئے' اسلام کے مقابل یزیدیت سر ابھارے۔ میری شہادت سے درس لے کر استقلال کی تاریخ رقم کر لینا۔ باطل کے آگے سرنگوں نہ ہونا۔ جان دیدینا لیکن یزیدیت کی اطاعت قبول مت کرنا۔ یہ وہ عزم محکم ہے جس کی مثال بن گیا ہے واقعہ کربلا۔

تاریخ انسانی میں ایسے خونیں سانحہ کی مثال نہیں ملتی۔ جان دینا آسان نہیں' عزیزوں کو قربان کرنا بڑا مشکل کام ہے۔ یہ سب صرف اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور دین نبوی علیہ التحیۃ والثناء کی سربلندی کیلئے امام حسینؓ نے قبول کیا۔ بتا دیا کہ خودداری یہ نہیں کہ اسلام سے جدا راہ قبول کر لی جائے' خودداری تو یہ ہے کہ راہ حق پر چلا جائے چاہے اس کیلئے اپنے لہو سے چمن کی آبیاری کرنی پڑے۔ ایک درخشاں تاریخ لکھ دی ہے امام حسینؓ نے لہو سے لکھی گئی اس تاریخ کی سرخی اب بھی ہویدا ہے۔ اب بھی ہر باطل کے مقابل حسینی فکر اسلام کی رگوں کو تازہ خون فراہم کر رہی ہے۔ اسلامی عزم و حمیت کا تقاضا یہی ہے کہ حسینیت کو رائج کیا جائے۔ یہی انسانیت کیلئے امن و آشتی کا مشن ہے۔ یہی خودداری و وفا شعاری کی تمہید ہے۔ یہی حق کا وہ باب ہے جس میں عزم ہے' جواں مردی ہے' حوصلہ ہے کہ کٹ سکتا ہے سر خوددار کا پر جھک نہیں سکتا۔ صدق و وفا کا جو درس کربلا کی زمین سے ملا' اس کے مظاہرے پوری تاریخ اسلامی میں دیکھنے کو ملتے ہیں۔ اسلاف کی زندگیاں دیکھیے مجاہدین کی داستان شجاعت پڑھیے اولیاء کے دعوتی باب کھولیے' زبان صداقت کو جنبش دیجئے' یہی نتیجہ ملے گا کہ ہر دور میں ان اسلاف کرام نے صبر و عزیمت کی مثال قائم کر کے چمن اسلام کی آبیاری کی ہے۔ ان کی کدو کاوش میں عزم حسینی نے حرارت پیدا کی ہے۔ کیا تاریخ کے وہ روشن لمحات بھول سکتے ہیں جن میں حسینی تعلیمات سے بھرپور استفادہ ملتا ہے۔ غور کریں طارق نے ساحل اندلس پر اپنی کشتیاں جلا ڈالیں۔ موسیٰ بن نصیر نے ریگزار افریقہ میں بھی نہ پلٹنے کا عزم کر کے قدم رکھا جو آج پورا برا عظم افریقہ اسلامی تعلیمات سے فیض یاب ہے۔ قتیبہ بن مسلم نے روس کو وسط میں اسلام کی سچائی پہنچائی۔ پھر اسی علاقہ بخارا سے امام المحدثین امام بخاری جنم لیتے ہیں۔ امام اعظم نے اپنے عہد کے ان آمر حکمرانوں کے مقابل حسینی صبر کا مظاہرہ کیا۔ امام شافعی نے ظلم سہہ لیا لیکن ظالم کی اطاعت نہیں کی۔ غوث الاعظم دستگیر نے شریعت کے مقابل فلسفہ کو قبلہ بنانے والی فکروں کا خاتمہ عزم حسینی سے کیا۔ امام غزالی نے فلاسفہ کی دہریت کو دندان شکن جواب دیا۔ امام اشعری و امام ماتریدی کی دعوت و عزیمت میں بھی عزم حسینی کی ہی جلوہ گری تھی۔ ہند کی دھرتی پر حضرت داتا علی ہجویری کی دعوتی خدمات بھی حسینی مشن کا ہی اظہار ہے۔ عہد اکبری کے دین الٰہی کے مقابلے مجدد الف ثانی کی کاوشات اور اسی ہند میں نئے فتنوں کی بیخ کنی میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی کاوشات اور عشق رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فروغ کیلئے امام احمد رضا محدث بریلوی' مفتی اعظم ہندی کی کاوشات بھی کربلا کے درس نور سے تابندہ ہیں۔

بقیہ 1 جانے کی اجازت

جبکہ دسویں محرم الحرام کا ذوالجناح؟ تعزیوں اور علموں کا مرکزی ماتمی جلوس آج بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر داؤد علی عاشق حسین کی قیادت میں صبح نو بجے موسیٰ آباد امام بارگاہ علمدار روڈ سے برآمد ہوگا جو اپنے روایتی راستوں علمدار روڈ قائد آباد اسٹریٹ طوقی روڈ مشن روڈ باچا خان چوک لیاقت بازار پرنس روڈ میکانگی روڈ ابراہیم اسٹریٹ سے ہوتا ہوا علمدار روڈ موسیٰ آباد امام بارگاہ پر شام کو اختتام پذیر ہوگا باچا خان چوک پر جلوس کے شرکا نماز ظہرین ادا کریں گے اور بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر داؤد علی عاشق حسین سمیت دیگر مقررین عزاداروں سے خطاب کریں گے جبکہ جلوس کے اختتام کے بعد امام بارگاہوں میں شام غریباں کی محافل منعقد ہوں گی یوم عاشور کے موقع پر کوئٹہ سمیت صوبے کے سات اضلاع میں موبائل فون سروس صبح چھ بجے سے رات تک معطل رہے گی جلوس کے 60 سے زائد راستوں میں آنے والی دکانوں اور مارکیٹوں؟ عمارتوں کو مکمل سرچنگ کے بعد انجمن تاجران کے ان نمائندوں کی موجودگی میں؟ نو محرم الحرام کو ہی سیل کروا دیا گیا تھا جبکہ عاشور کے جلوس ...

بقیہ 2 عاشورہ پرامن

بقیہ 3 احترام

بقیہ 4 گرفتار کرتے ہوئے

بقیہ 5 شرائط کی خلاف

بقیہ 6 دروازے

بقیہ 7 سفیر کا مران اختر

بقیہ 8 فوری طور پر تنبیہ

بقیہ 9 کوئٹہ کا جگہ

بقیہ 10 کم کرتے

بقیہ 11 لیکن کی اقرار کو چھوٹ

بقیہ 12 الائنس ہے

بقیہ 13 رہائش پذیر

بقیہ 14 خطرناک انتظار

بقیہ 15 تنازع ہے

بقیہ 16 کاملی صدر امریکہ

بقیہ 17 اضافہ ریکارڈ کیا

بقیہ 18 خدمات فراہم

بقیہ 19 انگلا دیکھا

بقیہ 20 قیمت 196 روپے

بقیہ 21 ہسپتال منتقل

بقیہ 22 بہتری کے دعوے

بقیہ 23 شفافیت یقینی

بقیہ 24 پیپلز پارٹی

بقیہ 25 پابند

بقیہ 26 بارشیں

بقیہ 27 خطرے میں ڈال

بقیہ 28 دھاندلی کے الزامات

بقیہ 29 نفرت انتشار

بقیہ 30 میرٹ اقتدار

بقیہ 31 محرم الحرام

بقیہ 32 کروڑ روپے

بقیہ 33 لانگ مارچ کا عظیم

بقیہ 34 اپیل دی

بقیہ 35 افواج پاکستان

بقیہ 36 میٹرک امتحان

بقیہ 37 بلوچستان اسمبلی

بقیہ 38 عائد کرنے

بقیہ 39 کوئٹہ پانی

بقیہ 40 شگاف فوری

بقیہ 41 یوسف رضا گیلانی

بقیہ 42 پی کے پیپ کے

بقیہ 43 ناصمت علی سلام

بقیہ 44 بیان میں مزید

بقیہ 45 لشکری رئیسانی

بقیہ 46 میر عبد الکوسہ

بقیہ 47 عاشورہ کو

بقیہ 48 عطا فرمائے

بقیہ 49 نئی ٹیکس لگا

بقیہ 50 بے نقاب کر دیا

بقیہ 51 سوال خان ناصر

بقیہ 52 سے ملاقات

بقیہ 53 تعینات کیے

بقیہ 54 دور گرفتار

بقیہ 55 پی کے پیپ

بقیہ 56 آرمی چیف نے چلا کے

بقیہ 57 عبدالرحمٰن کھیتران

بقیہ 58 مولانا ہدایت الرحمٰن

بقیہ 59 پی کے پیپ پیشین

بقیہ 60 آئی ایم ایف

بقیہ 61 ناانصافیوں کا خاتمہ

بقیہ 62 مثال قائم

بقیہ 63 عوامی قوت

بقیہ 64 فلسطین ایکشن گروپ

بقیہ 65 باعث دین اسلام

بقیہ 66 بالی صدمہ بنتا

بقیہ 67 کنٹرول روم قائم

بقیہ 68 ابوالکلام محمد زبیر

بقیہ 69 سب کچھ اس

بقیہ 70 حادثات میں 6 افراد جاں

بقیہ 71 شہری کی تکلیف

بقیہ 72 علی مدد جتک

بقیہ 73 ٹرین شیڈول

بقیہ 74 حاجی محمد خان لہڑی

بقیہ 75 اچھی ریکارڈ

حضرت امام حسینؓ نے شہادت قبول لیکن باطل کے سامنے سر نہیں جھکایا، وزراء، اراکین اسمبلی

محرم الحرام ہمیں بھائی چارے کا درس دیتا ہمیں اختلافات بھلا کر دین اسلام کی سربلندی کیلئے اپنے آپ کو وقف کر دینا چاہئے' بخت کاکڑ 'سلیم کھوسہ

ہمیں حق و باطل کی جنگ میں حضرت امام حسینؓ کے کردار کو مشعل راہ بنانا چاہئے' سردار عبدالرحمان کھیتران' صادق عمرانی' عاصم کرد گیلو

محرم الحرام کے موقع پر کسی کو شرپسندی کی اجازت نہیں شرپسند عناصر کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا' نور محمد دمڑ' شیخ زرک مندوخیل' مسعود لونی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی نے کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں اخوت رواداری یکا نگت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے ہمیں اس مقدس ماہ میں اپنے تمام اختلافات بھلا کر دین اسلام کی سربلندی کیلئے اپنے آپ کو وقف کر دینا چاہئے اور حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حق و باطل کی جنگ میں ان کے کردار کو مشعل راہ بنائیں محرم الحرام کے موقع پر کسی کو شرپسند .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

محرم کے جلوس کے سلسلے میں مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے رہنما اپنی نگرانی میں دوکانیں سیل کی جا رہی ہیں

حضرت امام حسینؓ کا کردار مشعل راہ ہے، سینیٹر شیخ بلال مندوخیل

امن ہماری ضرورت ہے مسلکی ہم آہنگی کو ہر حال میں برقرار رکھا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل، پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی اور پیپلز یوتھ آرگنائزیشن کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات خانزادہ یونس خلجی نے کہا کہ امت مسلمہ کو دین کیلئے کسی بھی قر........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

حضرت امام حسینؓ نے دین اسلام کی سربلندی کیلئے قربانی دی، ابوالخیر محمد زبیر

امت مسلمہ اپنے اتحاد کے ذریعے دشمنان اسلام کے مکروہ عزائم کو ناکام بنائے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء پاکستان اور ملی یکجہتی کونسل کے صدر ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے یوم عاشورہ کے موقع پر قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے میدان کربلا میں دین اسلام کی سربلندی کے لیے سب کچھ قربان کر دیا حتیٰ کہ اپنے اہل بیت اور اپنی جان بھی دین کی حفاظت کے لیے قربان کر دی۔ انہو........ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

5 جولائی پاکستان کی جمہوریت کیلئے سیاہ ترین دن ہے'' پیپلز پارٹی

5 جولائی کو ایک ڈکٹیٹر نے منتخب جمہوری حکومت پر شب خون مارا' نورالدین کاکڑ

ملک میں مارشل لاء لگانے والے آمر کو آج کوئی یاد نہیں کرتا' یوم سیاہ کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماؤں نے کہا ہے کہ 5 جولائی پاکستان کی جمہوریت کیلئے سیاہ ترین دن ہے اس دن ایک ڈکٹیٹر نے منتخب جمہوری حکومت پر شب خون مارا تھا جس کے نتائج قوم آج بھی بھگت رہی ہے یہ بات انہوں پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ، صوبائی رہنما اختر بلوچ، ارباب اسد علی........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی سے حلقہ انتخاب کے قبائلی عمائدین ملاقات کے دوران حلقے میں درپیش مسائل کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان میں نیا اسپیل شروع، آسمانی بجلی و سیلابی ریلوں سے 6 جاں بحق، درجنوں مکانات تباہ

8 جولائی تک صوبے کے 20 اضلاع میں مزید بارشیں متوقع' ندی نالوں میں طغیانی اور شہری علاقوں میں اربن فلڈنگ کا خطرہ لاحق ہو سکتا ہے

گزشتہ رات سے بارکھان میں 17 اور خضدار میں 6 ملی میٹر بارش ریکارڈ' مون سون بارشوں کے باعث کوہلو میں جل تھل' زیارت میں مکانات تباہ

شہری ندی نالوں، ڈیموں، پکنک پوائنٹس اور دیگر خطرناک مقامات سے دور رہیں سیاح غیر ضروری سفر سے گریز کریں پی ڈی ایم اے الرٹ جاری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں مون سون بارشوں کا سلسلہ زور پکڑ گیا ہے اور صوبے میں مون سون کا دوسرا اسپیل آج سے باضابطہ طور پر شروع ہو چکا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 4 جولائی سے 8 جولائی تک بلوچستان کے 20 اضلاع میں مزید بارشیں متوقع ہیں، جن کے نتیجے میں ندی نالوں میں طغیانی اور شہری علاقوں میں اربن فلڈنگ کا خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نورالدین کاکڑ، اختر بلوچ، ملک حمید کاکڑ و دیگر یوم سیاہ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حسین ابن علیؓ راہ حق کے سرفروشوں کے پیشوا ہیں، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ

علماء نے عرق ریزی کر کے حسینی افکار کے موتی جمع اور ماتمی عزاداروں ذاکرین نے گلی گلی حسینیت کو عام کیا' طارق احمد جعفری

دور حاضرہ میں تمام مظلومین اگر راہ حسینؓ اختیار کر لیں تو فتح ان کے قدم چومے گی' انتظامات کے حوالے سے مشترکہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے ترجمان طارق احمد جعفری نے کہا ہے کہ عزاداری تحفظ اسلام کا عملی درس ہے مراجع عظام اور علماء کرام نے پیغام حسینیت کو عام کرنے میں عظیم کردار ادا کیا، علماء نے عرق ریزی کر کے حسینی افکار کے موتی جمع کئے اور ماتمی عزاداروں ذاکرین نے گلی گلی اس حسینیت کو عام کیا، وفاقی اور صوبائی حکومتیں یوم عاشور (10 محرم الحرام) کے جلوسوں اور مجالس عزاء کو فول پروف سیکورٹی کے انتظامات کو یقینی بنائیں عزادار بھی اپنے اردگرد مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں اور کسی بھی مشکوک چیز اور شخص کے بارے .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

حلقے میں تاریخی ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، علی مدد جتک

عوامی مسائل کو اولین ترجیحات میں شامل کر کے حل کیا جائے گا، رکن اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک کی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد ہوا جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی انہوں نے لوگوں کے مسائل سنے اور زیادہ تر مسائل موقع پر حل کرائے کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ تمام عوامی مسائل کو اولین تر........ بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

یوم عاشور روحانی و تاریخی اہمیت کا حامل دن ہے، حاجی محمد خان لہڑی

حضرت امام حسینؓ کی قربانی ظلم و جبر کے خلاف ڈٹ جانے کا عملی پیغام ہے

نصیر آباد (آئی این پی) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری و رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان لہڑی اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے یوم عاشورہ کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ یوم عاشورہ دنیا بھر کے مسلمانوں کیلئے گہری تاریخی اور روحانی اہمیت رکھتا ہے، حضرت امام حسینؓ نے اصحاب اور اہل بیت کے ساتھ کربلا کی جنگ میں ظلم، جبر اور ناانصافی .... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

سیکورٹی خدشات، جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد میں روک لیا گیا

جعفر ایکسپریس مقررہ وقت پر روانہ اس پر کسی قسم کی تاخیر یا سیکورٹی خدشہ درپیش نہیں' ریلوے حکام

کوئٹہ (یو این اے) پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو سیکورٹی خدشات کے پیش نظر جیکب آباد میں روک لیا گیا ہے ریلوے حکام کے مطابق جمعہ کی صبح میر پور ماتھیلو کے قریب ایک مال گاڑی کے ڈبے کے پٹری سے اتر جانے کے باعث ٹرینوں کی آمد و رفت متاثر ہوئی، جس کے باعث جعفر ایکسپریس 14 گھنٹے کی تاخیر سے جیکب آباد پہنچی۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ متعلقہ سیکورٹی اداروں نے احتیاطی تدابیر کے تحت جعفر ایکسپریس کو جیکب .... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، نویں محرم الحرام کے سلسلے میں برآمد ہونے والے جلوس میں عزادار ماتم کر رہے ہیں

مادری زبانوں سے انکار قوانین فطرت کو نہ ماننے کے مترادف ہے، پشتونخوا میپ

جامعہ بلوچستان میں پشتو، بلوچی اور براہوئی ڈیپارٹمنٹس کو بند کرنا قومی زبانوں و شناخت ختم کرنے کی گہری سازش ہے، عبدالرحیم زیارتوال

جمہوریت دوست قوتوں کی ذمہ داری کہ وہ حکومت کی منفی کاوشوں کے خاتمے میں مثبت و تاریخی کردار ادا کریں' بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ کوئٹہ یونیورسٹی کے پشتو، بلوچی اور براہوئی ڈیپارٹمنٹس کو بند کرنے اور انسٹیٹیوٹ آف لینگویجز اینڈ لٹریچر کے قیام کے احکامات یونیورسٹی ایکٹ اور ملک کے قوموں ان کے قومی زبانوں اور ان کی قومی شناخت ختم کرنے کی سازش کے سوا کچھ نہیں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی حکومت کے اس فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور اسے فوراً واپس لینے کا مطالبہ کرتی ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کی معاشی حالت کو مزید بگاڑنے، کرپشن کے .... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

محمود خان اچکزئی کا بیانیہ ملکی صورتحال پر مہر تصدیق ثابت ہوئی ہے، پی کے میپ کوئٹہ

پارٹی کی درست قومی، سیاسی، جمہوری سیاست کی بدولت آج کارکنوں کا سر فخر سے بلند ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط تحصیل سٹی کے ایگزیکٹوز اور کمیٹی کے علیحدہ علیحدہ اجلاس پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوئے۔ منعقدہ اجلاسوں میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

اے سی تمپ محمد حنیف نورزئی کی بازیابی کی اپیل کرتے ہیں، مولانا عصمت اللہ سالم

انسانی ہمدردی اور جذبہ خیر سگالی کے تحت محمد حنیف کی باحفاظت رہائی کی امید رکھتے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی جمعیت اہلحدیث بلوچستان کے نائب امیر مولانا عصمت اللہ سالم نے کہا ہے کہ مسلح تنظیم کی طرف سے اپنے حراست میں لیے جانے والے اسسٹنٹ کمشنر تمپ محمد حنیف نورزئی کی بازیابی کی اپیل کرتے ہیں، جن کو اغوا ہوئے اب کئی ہفتے گزر گئے ہیں، تنظیم سے بلوچی روایات، انسانی ہمدردی اور جذبہ خیر سگالی کے تحت .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ناانصافی، اور غیر جمہوری ہتھکنڈے قبول نہیں کریں گے' مولانا عبدالواسع

ہم عوام کے حق کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھاتے رہیں گے' صوبائی امیر جمعیت

حکمران آج بھی بے حسی، غفلت اور وہی عوام دشمن رویہ اپنائے ہوئے ہیں' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے جاری کردہ بیان میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کسی بھی ناانصافی، عوام دشمنی اور غیر جمہوری ہتھکنڈوں کو قبول نہیں کرے گی ہم عوام کے حق کے لئے ہر فورم پر آواز اٹھاتے رہیں گے اور ان کے حقوق کا ہر ممکن تحفظ کریں گے بیان میں واضح کیا گیا کہ جمعیت علماء اسلام .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

یوم عاشور، جدید تکنیک کا حامل موبائل کنٹرول روم قائم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) جلوسوں کی سکیورٹی کے لئے جدید تکنیک کا حامل موبائل کنٹرول روم قائم۔ موبائل کنٹرول جلوس کے ساتھ موجود رہا جس کے ذریعے جلوس کی سکیورٹی کو ریئل ٹائم مانیٹر کیا گیا، کنٹرول روم میں اینکر ہیڈ کیمونیکیشن سسٹم نصب کیا گیا ہے، جس کا مقصد تمام یونٹس میں مکمل ہم آہنگی کو برقرار رکھنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

محرم الحرام ہمیں ظلم کیخلاف جدوجہد کا پیغام دیتا ہے' حافظ حسین احمد شرودی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی، حاجی عبدالصادق نورزئی، مولانا شاہ محمد، سید حاجی عبدالواحد آغا، مولانا محمد ساسولی، مولانا محمد ہاشم خیلکی، مولانا حفیظ اللہ، ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی، معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا مفتی نیک محمد فاروقی، رحیم الدین ایڈووکیٹ، نعمت افغان، چوہدری محمد عاطف، مولانا ضیاء الرحمان فاروقی، اللہ دوست ایڈووکیٹ اور نکری محمد لانگو نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے

پاکستانی نژاد رکن پارلیمنٹ زہرا سلطانہ لیبر پارٹی سے مستعفی

لندن (بیورو رپورٹ) برطانوی سیاست میں اہم تبدیلی آئی، پاکستانی نژاد رکن پارلیمنٹ زہرا سلطانہ نے 14 سالہ وابستگی کے بعد لیبر پارٹی سے استعفیٰ دے دیا، قدم پارٹی کی فلسطین پالیسی اور سوشل ویلفیئر سسٹم پر اختلافات کی بنیاد پر اٹھایا، زہرا سلطانہ نے سماجی میڈیا پر اپنے پیغام میں فیصلے کی وضاحت کرتے ہوئے کہا وہ نئی سیاسی جماعت بنانے جا رہی ہیں، سابق لیبر پارٹی لیڈر جیرمی کوربن کے ساتھ مل کر نئی سیاسی جماعت تشکیل دوں گی، موجودہ نظام میں اصلاحات لائیں گے۔

امن کیلئے انصاف، مکالمہ اور انسانی وقار کو ترجیح دی جائے، یوسف رضا گیلانی

پیپلز پارٹی ہمیشہ انصاف، بین المذاہب ہم آہنگی کی علمبردار رہی، امن صرف جنگ کا نہ ہونا نہیں بلکہ انصاف کی موجودگی ہے

عالمی طاقتیں مفادات نہیں، اخلاقی ذمہ داری کے تحت کردار ادا کریں، مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے ضمیر کو متحرک کرنے کی ضرورت ہے، خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے وینس میں عالمی امن کانفرنس سے اہم خطاب کرتے ہوئے عالمی برادری پر زور دیا امن کیلئے انصاف، مکالمہ اور انسانی وقار کو ترجیح دی جائے، یوسف رضا گیلانی نے کہا پیپلز پارٹی ہمیشہ انصاف و بین المذاہب ہم آہنگی کی علمبردار رہی، امن صرف جنگ کا نہ ہونا نہیں بلکہ انصاف کی موجودگی ہے، یوسف رضا گیلانی نے اپنے بیٹے کے اغوا کا ذاتی واقعہ بیان کر کے شرکا کو گہرے جذبات میں مبتلا کر دیا، چیئرمین سینٹ نے کہا عالمی طاقتیں مفادات نہیں، اخلاقی ذمہ داری کے تحت کردار ادا .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، لشکری رئیسانی مائنز اینڈ منرل ایکٹ کو بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے کے حوالے سے پٹیشن پر دستخط کر رہے ہیں

دالبندین، گاڑیوں میں تصادم 2 خواتین جاں بحق بچوں سمیت 12 افراد زخمی

دالبندین (آن لائن) دالبندین کے قریب دو کار گاڑیوں میں تصادم 2 خواتین جاں بحق بچوں سمیت 12 افراد شدید زخمی ہوگئے ہسپتال ذرائع کے مطابق گزشتہ روز دالبندین کے قریب دو کار گاڑیوں میں خوفناک تصادم سے دو خواتین جاں بحق جبکہ 12 افراد شدید زخمی ہو گئے جس میں خواتین، مرد، اور بچے شامل تھے زخمیوں کو دالبندین پرنس فہد ہسپتال لایا گیا ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد شدید زخمیوں کو کوئٹہ ریفر کر دیا گیا

بلوچستان کسی بھی سیاسی انتشار کا متحمل نہیں، لشکری رئیسانی

باہمی چپقلش آئندہ نسلوں کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑے گی

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کسی بھی سیاسی انتشار کا متحمل نہیں، سیاسی انتشار اور باہمی چپقلش آئندہ نسلوں کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑے گی، بلوچستان کے لوگ سیاسی کارکن اجتماعی قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی توانائیاں صوبے کے اجتماعی قومی مفاد میں بروئے........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

محرم ہمیں حق پر ڈٹ جانے اور قربانی کا درس دیتا ہے، میر سلیم کھوسہ

شہدائے کربلا کی قربانیاں صبر، استقامت اور عدل کی روشن مثال ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں ظلم کے خلاف ڈٹ جانے، حق بات پر ثابت قدم رہنے اور اللہ کی رضا کے لیے ہر قربانی دینے کا پیغام دیتا ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ واقعہ کربلا قیامت تک حق و باطل کے درمیان فرق کا پیمانہ اور معیار .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ہمیں شہداء کربلا کے درس کو اپنی زندگیوں میں لانا ہے' محمد عبدالقادر

امام حسینؓ کے خاندان کے کم عمر ترین بچوں نے بھی صبر و استقامت کی لازوال داستان رقم کی

حضرت امام حسینؓ باطل قوتوں کے خلاف حق کا استعارہ ہیں' سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ عاشورہ منانے کا مقصد حضرت امام حسینؓ اور شہداء کربلا کی تعلیمات کی آفاقیت تسلیم کرنا اور شہداء کربلا کے درس کو اپنی زندگیوں میں لانا ہے حضرت امام حسینؓ باطل قوتوں کے خلاف حق کا استعارہ ہیں امام حسینؓ نے حق کی سربلندی کیلئے اپنی جان کی پرواہ نہیں کی واقعہ کربلا و........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

واقعہ کربلا صبر و وفا، ایثار اور حق پر ڈٹ جانے کا عظیم پیغام ہے، قدوس بزنجو

ظلم و جبر کے خلاف امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کی قربانیاں پوری انسانیت کیلئے مشعل راہ ہیں، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

حضرت امام حسینؓ کی قربانی کا پیغام صرف مسلمانوں کیلئے نہیں تمام انسانیت کیلئے ہے ہمیں معاشرے میں بھائی چارے کو فروغ دینا ہوگا' سینیٹر

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور پیپلز پارٹی کے سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو نے یوم عاشور کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کربلا کا واقعہ صبر، وفا، ایثار اور حق پر ڈٹ جانے کا عظیم پیغام ہے حضرت امام حسینؓ اور ان کے رفقاء نے ظلم، جبر اور بربریت کے خلاف جو قربانی دی، وہ رہتی دنیا تک انسانیت کے لئے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم عاشور ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ باطل کے سامنے جھکنا نہیں، بلکہ حق کیلئے جان بھی قربان کر دینی چاہئے حضرت امام حسینؓ کی قربانی کا پیغام صرف مسلمانوں کیلئے نہیں بلکہ تمام انسانیت کے لئے ہے ہمیں معاشرے میں اخوت، بھائی چارے اور رواداری کو فروغ دینا ہوگا تاکہ کربلا کی اصل روح کو زندہ رکھا جا سکے۔ میر عبدالقدوس بزنجو نے مزید کہا کہ .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

مچھ سے برآمد ہونے والا جلوس ہزارہ ٹاؤن پہنچ گیا

جلوس آج عاشورہ کے مرکزی جلوس کا حصہ ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) مچھ سے برآمد ہونے والا یوم عاشورہ کا جلوس سخت سیکورٹی حصار میں ہزارہ ٹاؤن پہنچ گیا، جہاں سے جلوس کے شرکاء آج عاشورہ کے مرکزی جلوس میں شریک ہوں گے۔ جلوس کے استقبال کے لیے ہزارہ ٹاؤن میں عزاداران نے روایتی عقیدت کا مظاہرہ کیا، جبکہ جلوس کی گزرگاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں کرفیو نافذ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں آج کرفیو کے نفاذ کا اعلان کر دیا گیا، ضلعی انتظامیہ نے کہا صبح 5 سے شام 7 بجے تک کرفیو نافذ رہے گا، نوٹیفکیشن جاری کر دیا، کرفیو کے دوران تمام مین شاہراہیں عام ٹریفک کیلئے بند رہیں گی۔

بارکھان میں سیکیورٹی فورسز نے تخریب کاروں کا نیٹ ورک بے نقاب کر دیا

خفیہ اطلاع پر دہشتگرد اور سہولت کار گرفتار، اسلحہ برآمد، سیکورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی

بارکھان (یو این اے) سیکیورٹی فورسز نے بارکھان کے حساس علاقوں دولوائی اور ویٹاکڑی میں خفیہ اطلاعات پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کو گرفتار کر لیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گرفتار عناصر تخریبی سرگرمیوں میں ملوث تھے اور امن و امان کو سبوتاژ کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ کارروائی کے دوران طلز........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

حضرت امام حسینؓ کا نقش قدم ہی بہترین راستہ ہے، سیدال خان ناصر

یوم عاشور ہمیں ہدایت، قربانی، جرات اور اصولوں پر ڈٹے رہنے کا درس دیتا ہے

حضرت امام حسینؓ نے ظلم و جبر کے خلاف جان قربان کر کے حق کا پرچم بلند کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے یوم عاشورہ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ دسویں محرم الحرام کا دن تاریخ اسلام میں ایک ایسا روشن چراغ ہے، جو ہمیں ہدایت، قربانی، جرات اور اصولوں پر ڈٹے رہنے کا درس دیتا ہے۔ یہ دن ہمیں حضرت امام حسینؓ اور ان کے باوفا جانثاروں کی لازوال قربانی کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے ظلم و جبر کے خلاف اپنی جانیں قربان کر کے حق و صداقت کا پرچم بلند .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، امام بارگاہ سجادیہ سیٹلائٹ ٹاؤن سے نکلنے والے نویں محرم الحرام کے ماتمی جلوس میں شامل ماتمی دستے اور تعزیے لے جا رہے ہیں

10 محرم الحرام کے حوالے سے محکمہ پولیس کا اجلاس، لگا رچوکس رہیں، اعتزاز گورایہ

اجلاس میں دسویں محرم کے مرکزی جلوسوں کی سیکورٹی، روٹس، اہم مقامات کی حفاظت کیلئے فول پروف سیکورٹی پلان پر تفصیلی بریفنگ

قیام امن ہر صورت یقینی' قانون کی عملداری میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں' زیر صدارت اجلاس میں افسران کو ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) محرم الحرام اور یوم عاشورہ کے موقع پر سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس (ڈی آئی جی) کوئٹہ اعتزاز احمد گورایہ کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹی گیشن، ایس ایس پی ٹریفک سمیت تمام ایس پیز، ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز اور دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی اجلاس میں محرم الحرام کے دوران مرکزی جلوسوں کی سیکیورٹی، جلوس کے روٹس، اہم مقامات اور عوامی اجتماعات کی حفاظت کیلئے وضع کئے گئے فول پروف سیکیورٹی پلان پر تفصیلی .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کے طلبہ کا ایف سی ہیڈکوارٹرز کا دورہ، آئی جی سے ملاقات

شہدا کو خراج عقیدت، ایف سی کی سیکیورٹی و فلاحی خدمات پر بریفنگ دی گئی

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات اور فیکلٹی ممبران پر مشتمل ایک تعلیمی وفد نے ہیڈکوارٹرز فرنٹیئر کور ایف سی بلوچستان نارتھ کا دورہ کیا، جہاں ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ وفد نے شہدا کی یادگار پر پھول چڑھائے اور ملکی دفاع کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر طلبا و طالبات اور اساتذہ کو ایف سی کی جانب سے بلوچستان میں بارڈر مینجمنٹ، سکیورٹی، انسداد اسمگلنگ .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، نور احمد شاہ تنگ و دیگر پشتون ٹاؤن تختانی بائی پاس میں شمولیت کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

گلستان، دو گھرانوں میں جھگڑا، دو افراد جاں بحق، ایک زخمی، دو گرفتار

تصادم میں سید محمد استاد اور بہاالدین آغا کا بیٹا جان سے گئے، صورتحال کشیدہ

گلستان (یو این اے) گلستان کے نواحی علاقے دولنگی چاڈگی میں دو خاندانوں کے درمیان پرانی رنجش پر جھگڑا شدت اختیار کر گیا، جس کے نتیجے میں دونوں جانب سے ایک ایک شخص جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق گلی خورا بادیزئی کے سید محمد استاد جاں بحق ہو گئے جبکہ ان کا بھائی موسیٰ جان شدید زخمی ہوا۔ دوسری جانب بہاالدین آغا کے گھرانے کا ایک بیٹا جان کی بازی ہار گیا۔ پولیس نے موقع پر کارروائی کرتے ہوئے دو افراد .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

یوم عاشور تاریخ انسانیت کا انقلابی دن ہے، پی کے نیپ

یہ دن ہمیں فسطائیت اور جابر حکمرانوں کے خلاف مزاحمت کا درس دیتا ہے

حضرت امام حسینؓ نے انسانی تاریخ میں حق و صداقت اور آزادی کی شمع روشن کی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے جاری کردہ بیان میں یوم عاشور کو تاریخ انسانیت کا ایک اہم اور انقلابی دن قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یہ دن ہمیں ظلم، جبر، فسطائیت اور جابر حکمرانوں کے خلاف جدوجہد، مزاحمت اور قربانی کا عظیم درس دیتا ہے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے وفادار رفقاء نے میدان کربلا میں اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر انسانی تاریخ میں حق و صداقت، انصاف اور آزادی کی وہ شمع روشن کی، جو رہتی دنیا تک مظلوم .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی حکومت، فوج آمنے سامنے، نیتن یاہو اپنے آرمی چیف پر چلا اٹھے

اسرائیلی فوج، وزیر اعظم اور وزرا کے درمیان غزہ میں جنگ جاری رکھنے کے طریقہ کار پر بنیادی اختلاف پیدا ہو گیا

چیف آف سٹاف نے وزیر اعظم، وزرا کو مخاطب کرتے ہوئے کہا فوج غزہ میں 20 لاکھ افراد کو کنٹرول نہیں کر سکتی، رپورٹ

تل ابیب (بیورو رپورٹ) غزہ میں جنگ جاری رکھنے کے طریقہ کار پر اسرائیلی حکومت، فوج آمنے سامنے آگئے، وزیر اعظم نیتن یاہو اپنے آرمی چیف پر برس پڑے، العربیہ کے مطابق اسرائیلی آرمی نے انکشاف کیا فوج، وزیر اعظم اور وزرا کے درمیان غزہ میں جنگ جاری رکھنے کے طریقہ کار پر بنیادی اختلاف پیدا ہو گیا، نیتن یاہو چیف آف سٹاف ایال زامیر پر برس پڑے، نیتن یاہو کی دعوت پر ہونے والے اجلاس میں چیخ و پکار اور آوازیں بلند ہوئیں، اجلاس میں دیگر مسائل کے علاوہ غزہ میں جنگ کو کیسے جاری رکھا جائے؟ جیسے سوالوں پر غور کیا گیا، تبادلہ خیال........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

جلوس کے روٹس پر پانی فراہمی کیلئے ٹینکرز موجود رہیں گے، سردار عبدالرحمن کھیتران

عوام کو مسلسل ریلیف فراہم کرنے کے لئے واسا کا عملہ شفٹوں میں چوبیس گھنٹے کام کرے گا

کوئٹہ (آن لائن) یوم عاشورہ کے موقع پر عزاداری اور مذہبی اجتماعات کے دوران شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سردار عبدالرحمن کھیتران نے واسا حکام کو خصوصی ہدایات جاری کی ہیں۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ یوم عاشورہ ہمیں امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں کی عظیم قربانیوں کی........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ اگلے ہفتے اوسلو میں ایران کیساتھ مذاکرات کا خواہاں

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی وائٹ ہاؤس کے ایلچی سٹیو وٹکوف اگلے ہفتے اوسلو میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تاکہ جوہری مذاکرات کو دوبارہ شروع کیا جا سکے، ذرائع نے بتایا ملاقات کی تاریخ ابھی طے نہیں ہوئی نہ ہی تہران اور نہ ہی واشنگٹن نے ملاقات کا باضابطہ اعلان کیا، وٹکوف، عراقچی اسرائیل اور ایران کے درمیان 12 روزہ جنگ کے خاتمے کے بعد سے براہ راست رابطے میں ہیں

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر منیر احمد کاکڑ بی ایچ یو کے دورے کے موقع پر اسٹاف کا حاضری رجسٹر چیک کر رہے ہیں

اسلام آباد کے حکمران اہل بلوچستان کو انسان نہیں سمجھتے، مولانا ہدایت الرحمان

اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کے ذریعے قوم کو حقوق دلائیں گے، صوبائی امیر جے آئی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ اسلام آباد کے حکمرانوں سے جمہوری مذاہمت اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کے ذریعے قوم کو حقوق دلائیں گے امرائے اضلاع برسر 25 جولائی کوئٹہ سے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کی تیاری و منصوبہ بندی کریں۔ اسٹیبلشمنٹ زبردستی .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

نااہل عوام دشمن حکومتوں میں بنیادی حقوق چھینے جا رہے ہیں، پی کے میپ پشین

آج پورے ملک، صوبے بالخصوص ضلع پشین میں عوام کے جان و مال محفوظ نہیں

بدترین بدامنی کا شکار ضلع پشین کا کوئی پرسان حال نہیں عوام کا جینا محال ہوتا جا رہا ہے

پشین (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں کہا ہے کہ نااہل عوام دشمن غیر جمہوری حقیقی حکومتوں کو فارم 47 کے ذریعے مسلط کر کے عوام کے تمام انسانی بنیادی حقوق چھینے جا رہے ہیں، جس کی وجہ سے آج پورے ملک، صوبے سمیت بالخصوص ضلع پشین میں عوام کے جان و مال محفوظ نہیں رہی، بدترین بدامنی کے شکار پشین ضلع کا کوئی پرسان حال نہیں، آئے روز چوریوں، ڈکیتیوں، دہشتگردانہ کارروائیوں، راہزنوں کی وجہ سے عوام کا جینا محال ہو........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، امام بارگاہ میں خواتین شہدائے کربلا کی یاد میں شمعیں روشن کر رہی ہیں

آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری، سرکاری افسروں کے اثاثے اب پبلک ہونگے

صدر مملکت آصف زرداری کی منظوری کے بعد سول سرونٹس ترمیمی ایکٹ 2025 کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

تفصیلات فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ذریعے عوامی سطح پر دستیاب ہوں گی تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کی ایک بڑی شرط پر عملدرآمد کرتے ہوئے گریڈ 17 اور اوپر کے سرکاری افسروں کے اثاثے عوام کے سامنے لانے کا فیصلہ کر لیا، صدر مملکت آصف زرداری کی منظوری کے بعد سول سرونٹس ترمیمی ایکٹ 2025 کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، نوٹیفکیشن کے مطابق تمام وفاقی سرکاری افسروں کو اپنے، اہلخانہ کے ملکی و غیر ملکی اثاثے ڈیجیٹل طور پر فائل کرنا ہوں گے تفصیلات فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ذریعے عوامی سطح پر دستیاب ہوں گی تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے، تر........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

امام حسینؓ کی قربانی مظلوموں کیلئے مشعل راہ ہے، منظور کاکڑ

باطل کے سامنے سر نہ جھکانا ہمیں استقامت کا درس دیتا ہے، جنرل سیکرٹری بی اے پی و سینیٹر

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان عوامی پارٹی کے جنرل سیکرٹری اور سینیٹر منظور کاکڑ نے محرم الحرام کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ حضرت امام حسینؓ نے باطل قوتوں کے سامنے جھکنے کے بجائے اپنے خاندان اور جانثار ساتھیوں کے ہمراہ جام شہادت نوش اور رہتی دنیا تک حق و صداقت کا علم بلند کیا انہوں نے کہا کہ امام عالی مقام کی تعلیمات........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

تحقیقاتی رپورٹ میں دریائے سوات کا رخ موڑے جانے کا انکشاف

سوات (بیورو رپورٹ) سانحہ سوات سے قبل حفاظتی پشتوں کی مضبوطی کی وجہ سے دریا کا رخ موڑے جانے کا انکشاف ہوا ہے، انکشاف کمشنر مالاکنڈ کی تحقیقاتی رپورٹ کیا گیا جس میں دعویٰ کیا گیا متاثرہ سیاح 9 بج کر 31 منٹ پر دریا میں گئے اور 14 منٹ بعد 9 بج کر 45 منٹ پر پانی کی سطح بڑھی، ریسکیو اہلکار 20 منٹ بعد 10 بج کر 5 منٹ پر جائے وقوعہ پر پہنچے۔

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی جانب سے مائنز اور منرلز بل کے خلاف پٹیشن دائر

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ پارٹی کی جانب سے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال اور صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان نے فارم 47 کے نام نہاد حکومت کے مائنز اور منرلز بل کے خلاف بلوچستان ہائیکورٹ میں سپریم کورٹ کے وکیل اور پارٹی کے مرکزی سیکرٹری قانون حبیب اللہ ناصر ایڈووکیٹ آئینی پٹیشن دائر کی۔

محرم الحرام ہمیں اخوت رواداری یکانگت کا درس دیتا ہے' میاں خان بگٹی

سبی (اے این این) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم وانرجی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں اخوت رواداری یکانگت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے ہمیں اس مقدس ماہ میں اپنے تمام اختلافات بھلا کر دین اسلام کی سربلندی کیلئے اپنے آپ کو وقف کر دینا چاہئے اور حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حق و باطل کی جنگ میں ان کے کردار کو مشعل راہ بنائیں حلقہ انتخاب میں عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لئے خصوصی اقدامات اٹھا کر عوام کا معیار زندگی کو بہتر بنائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن لیبر یونین کے صوبائی صدر منیر احمد بگٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا

سونا 1500 روپے تولہ سستا

کراچی (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی اور مقامی صرافہ مارکیٹس میں ایک روزہ استحکام کے بعد سونے کی قیمتوں میں پھر نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی، 24 قیراط فی تولہ سونا 1,500 روپے سستا ہو کر 3 لاکھ 55 ہزار 500 روپے کا ہو گیا، 10 گرام سونے کی قیمت میں بھی 1,286 روپے کی کمی آئی نئی قیمت 3 لاکھ 4 ہزار 783 روپے ہو گئی۔

محرم الحرام ہمیں ایثار، قربانی و اتحاد کا درس دیتا ہے، ولی نورزئی

واقعہ کربلا ہمیں باطل کے خلاف ڈٹ جانے کا پیغام دیتا ہے، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ محرم الحرام کا مقدس مہینہ ہمیں ایثار، قربانی، صبر، بھائی چارے اور اتحاد کا درس دیتا ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ اور ان کے جانثار ساتھیوں نے کربلا کے میدان میں حق و صداقت .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

نواب اکبر بگٹی کے فلسفہ سیاست کیلئے بھرپور جدوجہد کریں گے، جے ڈبلیو پی

مختلف اضلاع میں پارٹی آرگنائزرز اور ڈپٹی آرگنائزرز کا تقرر کر دیا گیا' ترجمان

کوئٹہ (یو این اے) جمہوری وطن پارٹی بلوچستان کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان کے مطابق صوبے کے مختلف اضلاع میں پارٹی آرگنائزرز اور ڈپٹی آرگنائزرز کا تقرر کر دیا گیا ہے اعلامیہ کے مطابق فیصل شاہ دیتی کو صوبائی آرگنائزر، عبدالواسع کنڑ کو آرگنائزر ژوب، کامران خان کو ضلع ژوب کا ضلعی آرگنائزر، احسان اللہ کو ڈپٹی آرگنائزر مقرر کیا گیا ہے۔ ضلع حب میں ولی خان سلیمان کو آرگنائزر اور بخش بگٹی کو ڈپٹی آرگنا........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ میں فلسطین ایکشن گروپ پر پابندی عائد، رکنیت یا حمایت پر 14 برس قید

فیصلہ رائل ایئر فورس کے 2 طیاروں کو 7 ملین پاؤنڈ کا نقصان پہنچانے پر کیا گیا، 4 افراد پر فرد جرم عائد

برطانیہ میں ٹیررازم ایکٹ 2000 کے تحت 81 تنظیمیں کالعدم، حماس، القاعدہ اور فلسطین ایکشن شامل

لندن (بیورو رپورٹ) برطانیہ میں فلسطین ایکشن گروپ پر پابندی عائد کر دی گئی، میڈیا رپورٹ کے مطابق فلسطین ایکشن کو دہشتگرد گروپ قرار دیدیا گیا، ہائیکورٹ نے فلسطین ایکشن کو دہشتگرد قرار دینے کے فیصلے کو عارضی طور پر روکنے کی درخواست رد کر دی تھی، گروپ نے فیصلے کو کورٹ آف اپیل میں چیلنج کیا لیکن آخری لمحات میں اپیل مسترد کر دی گئی، فلسطین ایکشن کے دعوے کے مطابق گزشتہ ماہ رائل ایئر فورس کے 2 طیاروں کو 7 ملین پاؤنڈ کا نقصان پہنچانے پر فیصلہ کیا گیا، 2 طیاروں کو نقصان پہنچانے کی فرد جرم 4 افراد پر عائد کی جا چکی، .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر